جنوبی ایشیائی بحران

رجحانات اور متوقع نتائج

تالیف: مائیکل کریہان اور نیٹ کوہن

ترجمہ: محمد صفدر سحر



مشعل

1

جنوبی ایشیائی بحران

رجحانات اور متوقع نتائج

تالیف: مائیکل کریپان، نیٹ کوہن
ترجمہ: محمد صفدر سحر

مشعل
آر۔بی۔۵، سیکنڈ فلور، عوامی کمپلیکس
عثمان بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور۔54600، پاکستان

MashalBooks.org

2

جنوبی ایشیائی بحران

رجحانات اور متوقع نتائج

تالیف: مائیکل کریپان، نیٹ کوہن

ترجمہ: محمد صفدر سحر

کاپی رائٹ اردو © مشعل بکس 2013

کاپی رائٹ انگریزی ©2011 دی ہنری ایل۔ سٹمسن سنٹر

ناشر: مشعل بکس

آر۔بی۔۵، سیکنڈ فلور،

عوامی کمپلیکس، عثمان بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن،

لاہور 54600، پاکستان

فون و فیکس 042-35866859

E-mail: mashbks@brain.net.pk

http://www.mashalbooks.org

MashalBooks.org

فہرست مضامین

پیش لفظ 5

جنوبی ایشیائی بحران: رجحانات اور متوقع نتائج 7
مائیکل کریپان

ضمیمہ نمبر 1

جنوبی ایشیائی بحرانوں کی ساخت: براس ٹیک سے ممبئی تک 49
سیموئیل بلیک

ضمیمہ نمبر 2

پاک بھارت سفارت کاری کی راہ میں حائل ہلاکت خیز حملے اور دیگر عناصر 93
نیتھن کوہن

ضمیمہ نمبر 3

بھارت میں ہونے والے بڑے ہلاکت خیز حملے (2002-1) 105
نیتھن کوہن اور ولیم شمر

ضمیمہ نمبر 4

پاکستان میں ہونے والے بڑے ہلاکت خیز حملے 117
نیتھن کوہن

ضمیمہ نمبر 5

جنوبی ایشیائی بحرانوں میں چین کا کردار 145
ولیم شمر

ضمیمہ نمبر 6

MashalBooks.org

10 ملک جو 2007 کے بعد وسیع پیمانے پر ہونے والے دہشت گرد
حملوں میں سب سے زیادہ متاثر ہوئے 155
نیتھن کوہن

شریک مصنفین 157
حواشی 159

MashalBooks.org

پیش لفظ

جوہری ہتھیاروں کی صلاحیت حاصل کیے بیس سال گزر گئے مگر پاکستان اور بھارت کے درمیان تعلقات ابھی تک کشیدہ ہی ہیں۔ بلکہ جوہری ہتھیاروں کی دریافت نے بحران انگیز رویوں کو مزید انگیخت کیا ہے۔ خاص طور پر پاکستان کے فوجی اور خفیہ اداروں کا بھارت کی طرف رویہ اس امر کی واضح عکاسی کرتا ہے۔اس کے برعکس یہ امر بھی ایک حقیقت کے طور پر موجود ہے کہ جوہری ہتھیاروں کی موجودگی، بحرانوں کو روکنے کا بھی سبب بنی ہے۔ کیونکہ جوہری صلاحیت کے حصول کے بعد دونوں ملکوں کے مابین نہ تو ابھی تک کوئی فل سکیل روایتی جنگ ہوئی ہے اور نہ ہی کبھی جوہری حد پار کی گئی ہے۔ بیس سال سے سٹمسن سینٹر پاکستان اور بھارت کے درمیان تنازعات کے حوالے سے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے اور دونوں ممالک میں قومی سلامتی کے مفکرین اور فعال حکومتی اہل کاروں کے ساتھ رابطے میں ہے تاکہ اعتماد سازی اور ایٹمی خطرے میں کمی کے اقدامات کے ذریعے دونوں ملکوں کے مابین موجود تنازعات کو کم کر سکے۔

یہ نئی رپورٹ سٹیمسن سنٹر کی مطبوعات کے اسی سلسلے کی کڑی ہے۔اس میں 1986-87 کے براس ٹیک بحران، 1990 کے بحران، 1999 میں کارگل کی چوٹیوں پر ہونے والی محدود جنگ، 2001-02 کے جڑواں چوٹیوں (کیونکہ اس بحران کے دوران پاک بھارت تنازعہ دو بار عروج کی چوٹیوں پر پہنچا اس لیے اس بحران کو جڑواں چوٹیوں کا بحران کہا جاتا ہے: مترجم) کے بحران اور 2008 کے ممبئی حملوں کے بعد پیدا ہونے والے بحران کے حوالے سے جنوبی ایشیا میں ہونے والی سفارت کاری اور بحرانوں کے دیگر حوالوں سے بعض نئے گوشوں کی

MashalBooks.org

رونمائی کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

مائیکل کریپان سٹمسن سنٹر کے شریک بانی اور سنٹر کے جنوبی ایشیائی پروگرام کے ڈائریکٹر ہیں، انہوں نے اس کتاب میں بحرانوں کے ان سلسلوں کے رجحانات اور نتائج کو درج ذیل عنوانات کے تحت بحث کا موضوع بنایا ہے۔

- ان بحرانوں کے دو اہم فریقوں کو ان بحرانوں سے کیا ملا؟
- کیا بحرانی ادوار کے دوران جو سبق دونوں ملکوں کو حاصل ہوا، وہ ان کے مستقبل کے رویوں پر اثر انداز ہوا؟
- امریکی پالیسی ساز پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں سے مختلف نوعیت کے تعلقات ہونے کے باوجود خطے میں استحکام کے لیے اپنا حصہ کیسے ڈال سکتے ہیں؟

ہمیں امید ہے کہ قارئین مائیکل کریپان کے تجزیوں، تخمینوں اور ضمیمہ جات میں دیے گئے اضافی مواد کو مفید پائیں گے۔ ہم اس اہم تصنیف کی اشاعت میں جان ڈی اور کیتھرائن ٹی میکارتھر فاؤنڈیشن اور نیشنل نیوکلیئر سکیورٹی ایڈمنسٹریشن کے گراں قدر تعاون کے حوالے سے ان کے شکر گزار ہیں۔

Ellen Laipson
صدر و چیف ایگزیکٹو آفیسر
دی سٹمسن سنٹر

MashalBooks.org

جنوبی ایشیائی بحران..... رجحانات اور متوقع نتائج

مائیکل کریپان[1]

ریمنڈ ایرن نے بجا کہا تھا کہ اب ایٹمی صلاحیت کے حامل ملکوں کے مابین جنگوں کی جگہ بحرانوں نے لے لی ہے۔ جنوبی ایشیا کے حوالے سے تو یہ اصول کاملا لاگو ہوتا نظر آتا ہے جہاں پاکستان اور بھارت دو بحرانوں کا تجربہ اپنے خفیہ ایٹمی پروگراموں کے دوران کر چکے ہیں جبکہ تین بحران زیر زمین ایٹمی تجربات کے بعد رونما ہوئے۔[2] ان میں سے ایک بحران تو جنگ تک بھی پہنچ گیا ..... اگرچہ یہ جنگ شدت، دورانیے اور جغرافیائی وسعت کے لحاظ سے محدود رہی تھی۔

بحرانوں کے اس سلسلے کا آخری بڑا بحران نومبر2008ء کے ممبئی حملے سے شروع ہوا، جس میں بڑے پیمانے پر انسانی جانوں کا زیاں ہوا.....ان حملوں میں حملہ آوروں نے دو پرتعیش ہوٹلوں اور سنٹرل ٹرین ٹرمینلز کو نشانہ بنایا۔ ممبئی پر حملہ کرنے والے، ان کو مسلح کرنے والے اور انسے کام لینے والے (Handlers) ہاتھوں کا تعلق پاکستان سے تھا۔ حملہ آوروں کا تعلق انتہا پسند تنظیم لشکر طیبہ سے تھا جس کے پاکستان کے فوجی اور انٹیلی جنس حلقوں سے روابط ہیں۔ ممبئی حملوں کے ردعمل میں بھارتی حکومت نے فوری طور پر لشکر طیبہ یا پاکستان کی حدود میں حملے نہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ قبل ازیں2001 میں بھی ایسی ہی صورت حال اس وقت پیدا ہوئی تھی جب بھارت کی پارلیمنٹ اور اس کے اندر موجود لوگوں پر حملے کے بعد دلی میں موجود اتحادی حکومت نے اقدام نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ جن لوگوں نے بھارتی پارلیمنٹ پر

MashalBooks.org

حملہ کیا تھا ان کے بارے میں وسیع پیمانے پر یہ تاثر موجود ہے کہ ان کا تعلق ایک اور انتہا پسند گروپ جیش محمد سے تھا اور اس گروپ کے بھی پاکستان کے فوجی حلقوں سے گہرے روابط موجود ہیں۔

پاکستانی شہریوں کی جانب سے بھارتی اہداف پر لگاتار ہونے والے حملوں نے یہ سوال پیدا کر دیا ہے کہ کب تک نئی دلی ان کے حوالے سے تحمل سے کام لے گا اور اگر مستقبل میں بھی پاکستانی شہریوں کی جانب سے اس طرح کے وسیع پیمانے پر ہلاکت خیز حملے (mass-casualty attacks) ہوتے ہیں تو اس صورت میں کیا ہوگا۔ اس مضمون میں یہ تخمینہ لگانے کی کوشش کی گئی ہے کہ 7-1986 کے براس ٹیک کرائسس سے 2008 کے ممبئی بحران تک ہونے والے بحرانوں کا ارتقا کیسے ہوا؟ کیا تبدیلیاں آئیں؟ کرائسس منیجمنٹ کے حوالے سے ان بحرانوں کے مضمرات کیا ہیں؟ اور ان بحرانوں کے باعث بڑے پیمانے پر ہونے والی جنگی فوجی سرگرمی کو کیسے قابو میں رکھا جا سکتا ہے؟

استحکام ۔عدم استحکام دعوی (پیراڈاکس)

شدید بحرانی کیفیات میں ایٹمی ہتھیاروں کے حامل ملکوں کو کچھ ڈھارس بندھی رہتی ہے۔ ایسے ملک جنہیں اپنی سکیورٹی کے حوالے سے خدشات درپیش ہوں، جیسا کہ پاکستان اور بھارت .....ایٹمی صلاحیت ان کے خدشات کو مدہم رکھتی ہے۔ ماہرین سیاسیات ایسی صورت حال یا اس مظہر کو استحکام، عدم استحکام پیراڈاکس[3] (متضاد دعوی) کا نام دیتے ہیں۔ عمومی اصطلاح میں اس مظہر سے مراد اس امر کو یقینی بنانا ہے کہ فیصلہ سازی کے دوران فیصلہ ساز متنبہ رہیں اور ان حدوں کا خیال رکھیں جو ایٹمی جنگ چھڑنے کا باعث بن سکتی ہیں۔ احساس تحفظ کے ساتھ ایٹمی صلاحیت کی حامل ریاست اگر مخالف ملک سے شدید زود رنج ہو تو وہ خطرہ مول لینے کا رویہ بھی یہ سوچ کر اختیار کر سکتی ہے کہ اس کا ایٹم بم اس کے لیے فوجی برتری کے حوالے سے انشورنس پالیسی کے طور پر کام کرے گا۔[4]

افغانستان سے روسی افواج کی واپسی اور ایٹمی صلاحیت کے حصول کے بعد پاکستانی افواج اور انٹیلی جنس ایجنسیوں نے ثابت کیا کہ بھارت کو کمزور اور کشمیر پر اس کے پکڑ کو کمزور کرنے کے لیے وہ رسک لینے کو تیار ہیں۔ جب تک افغانستان کے ساتھ موجود پاکستانی بارڈر حد

سے بڑھی تشویش کی آماجگاہ نہیں بنا تھا، استحکام ،عدم استحکام پیراڈاکس کا محوری نقطہ دونوں طرف کے کشمیر کی سرحدتھا..... جسے اسلام آباد کی لغت میں جوہری فلیش پوائنٹ کہا جاتا ہے.....اور جہاں موجود پاکستان کی سکیورٹی انتظامیہ'ڈیٹرنس عدم استحکام' کو مطلوب سیاسی نتائج کے حصول کے لیے وجہ برتری کے طور پر استعمال کرتی تھی۔[5]

V.R.Raghavan کہتے ہیں:

''پاکستان کو یہ یقین ہے کہ ایٹمی اسلحے نے بھارت کو شدید ردعمل سے روک رکھا ہے.....اسی بنیاد پر وہ جموں وکشمیر میں تنازع کو عروج کی طرف لے جانا چاہتا ہے۔ دوسری طرف بھارت کو یہ یقین ہے کہ پاکستان کی جوہری صلاحیت کے باوجود اس سے محدود جنگ لڑی اور جیتی بھی جاسکتی ہے.....اس امتزاج کو کم سے کم سنجیدہ سطح پر بھی دیکھا جائے تو امکانی طور پر یہ خطرناک صورت حال ہے۔''[6]

Ashley Tellis اس صورت حال کو''بدنما استحکام'' کا نام دیتا ہے.....ایسی صورت حال جو کسی بھی وقت جوہری بحران پیدا کرسکتی ہے۔[7]

پہلا بحران برصغیر میں ایٹمی ہتھیاروں کی متوقع آمد کے مسئلے سے نمٹنے کے حوالے سے شروع ہوا۔ آغاز ان مہم جو اور کئی مرحلوں پر مشتمل بھارتی فوجی مشقوں سے ہوا جسے براس ٹیک آپریشن(1986-87) کے نام سے یاد کیا جاتا ہے[8]۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ بھارتی چیف آف آرمی سٹاف کے سندر جی پاکستان کے ایٹمی ہتھیاروں کی تیاری سے قبل ملک کو فیصلہ کن شکست دینے کا منصوبہ رکھتا تھا[9]۔ سندر جی کے جو بھی مذموم عزائم تھے مگر آپریشن براس ٹیک کا نتیجہ جنگ کی صورت میں نہ نکلا۔ اس بحران نے پاکستان ملٹری کے قائدین کے فعال جوہری صلاحیت کے حصول کے عزم کو اور مصمم کر دیا اور یوں کچھ ہی عرصہ بعد پاکستان نے یہ صلاحیت حاصل بھی کرلی۔ بھارت نے بھی پاکستان کی پیروی کی۔

اگلے چار بحرانوں کے فعال عاملین کا تعلق پاکستان سے تھا، جسکی نیشنل سکیورٹی اسٹیبلشمنٹ سٹیٹس کو سے سب سے زیادہ غیر مطمئن اور برصغیر میں موجود رجحانات سے غصے میں تھی۔ 1990 میں بھارتی ریاست جموں وکشمیر سلگتے ہوئے مسئلے کا روپ اختیار کر گئی جس کی وجہ ریاست میں موجود بھارتی اتھارٹیز کی بدعنوانیاں اور پاکستان کی جانب سے مسلح، تربیت یافتہ اور مالی امداد دیے گئے عسکریت پسند بنے۔ پاکستان کے مہم جو مزاج چیف آف آرمی سٹاف

جنرل مرزا اسلم بیگ کی طرف سے بڑے پیمانے پر فوجی مشقوں کے اعلان کے جواب میں بھارت نے بھی ایسی ہی مشقیں شروع کر دیں جس کی وجہ سے پہلے سے ہی بدتر صورت حال بدترین ہوگئی[10] ۔ بحرانوں کا سلسلہ جاری رہا۔1999 میں پاکستان کی ناردرن لائٹ انفینٹری نے کارگل سے اوپر موجود چوٹیوں پر قبضہ کر لیا..... محدود پیمانے پر ایک جنگ میں پاکستانی فوج پسپا ہوئی اور سٹیٹس کو کی صورت حال پھر بحال ہوگئی[11] ۔ بعد ازاں 02-2001 میں پاکستان اور بھارت جڑواں چوٹیوں کرائسس (Twin peak Crisis) کے دوران اپنی 10 لاکھ افواج کو حرکت میں لے آئے۔ یہ بحران بھارتی پارلیمنٹ پر کیے گئے ان حملوں سے شروع ہوا جس میں حملہ آوروں کا تعلق پاکستان سے تھا، غالبا جیش محمد سے.....[12] اگلا بحران 2008ء کے ان ممبئی حملوں سے شروع ہوا جس میں لشکر طیبہ کے عسکریت پسندوں نے ممبئی کے روایتی اہداف کو نشانہ بنایا، یہ حملہ آور بھی پاکستان میں ٹرین کئے گئے تھے اور انہیں اسلحہ اور رقم بھی وہیں سے ملی تھی[13] ۔

جنوبی ایشیا ہمیشہ بحرانوں کی آماجگاہ رہا ہے کیونکہ یہاں کام بگاڑنے والے (spoilers)، خاص طور پر پاکستان میں، کافی زیادہ تعداد میں موجود ہیں۔ جب دونوں ملکوں کے قومی لیڈر بہتر تعلقات کی تعمیر کے لیے ایک دوسرے کے قریب آنے کی کوشش کرتے ہیں، اسی وقت کوئی ہائی پروفائل یا بڑا ہلاکت خیز حملہ ہو جاتا ہے (دیکھیے ضمیمہ نمبر2)۔ جوہری صلاحیتوں کے حامل چین اور بھارت کے مابین بھی متنازعہ سرحد موجود ہے جس پر 1962 میں دونوں ملکوں کے درمیان ایک سرحدی جھڑپ بھی ہو چکی ہے[14] ۔ مگر 1962 کے بعد دونوں ملکوں کے درمیان کوئی بڑے پیمانے کا بحران پیدا نہیں ہوا۔ بلکہ اس کی بجائے ایشیا کے ان دو بڑے ملکوں نے تنازعات سے بچنے کی کوشش کی اور اپنی معیشتوں کو پھیلایا..... اور باہمی تجارت کے حجم کو بھی بڑھایا۔ ایس پال کپور پاکستان کے ''تبدیلی کے متمنی'' رویے کو وہ اہم عامل قرار دیتا ہے جو پاکستان کو بحران پیدا کرنے والا رویہ اختیار کرنے پر مجبور کرتا ہے[15] ۔ بھارت چین کے آپسی تعلقات میں مقابلے بازی اور عناد کی کم تر سطح وہ وجہ ہے، جو بحران پیدا کرنے یا خطرہ مول لینے والے رویے کا باعث نہیں بنی..... وہ رویہ جو استحکام عدم استحکام پیراڈاکس کا سب سے بڑا مظہر ہے۔

اس کے مقابلے میں پاکستان اور بھارت کا معاملہ یہ رہا ہے کہ وہ ہمیشہ آگ سے کھیلتے رہے

ہیں۔1990اور کارگل بحرانوں کی مرکزی وجہ منقسم کشمیر کا علاقہ تھا جس کے بارے میں دونوں ملکوں کے لیڈروں نے..... سٹیفن فلپ کوہن کے نزدیک ''یہ رویہ اپنا لیا کہ وہ اسے اپنی شناخت کا مسئلہ بنا بیٹھے اور دونوں نے ہی کشمیر کو اپنا اٹوٹ انگ قرار دے دیا، جسکی وجہ سے زیادہ اور شدید نوعیت کے خطرات پیدا ہوئے''.....(16) کشمیر ہمہ مذہبی اور کثیر النسلی بھارت کی سیکولر شبیہ کے لیے ناگزیر ہوگیا تو پاکستان کے قیام کا مقصد اس سے جڑ گیا جس کے مطابق ملک کو برصغیر کے مسلمانوں کے لیے محفوظ پناہ گاہ بننا تھا۔(17)

جوہری صلاحیت اور کشمیر میں موجود پاکستان کے حامیوں کی موجودگی نے راولپنڈی میں اس امید کو جنم دیا کہ نئی دلی کشمیر میں سٹیٹس کو تبدیل کرنے پر تیار ہو جائے گا یعنی سری نگر کے ارد گرد موجود مسلم اکثریتی علاقوں کو پاکستان سے الحاق کرنے پر تیار ہو جائے گا۔ اور اگر بھارت ایسا نہ کرے گا تو کشمیر میں موجود پاکستان کے حمایتی وہاں تعینات بھارتی افواج کی بڑی تعداد کو زچ کر کے اپنے پرانے بدلے چکا سکیں گے، خاص طور پر1971 میں مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے نقصان کی تلافی ہو سکے گی۔ اس پالیسی کے معماروں نے اس حقیقت سے صرف نظر کر لیا کہ گھر میں تیار کیے گئے حمایتیوں کے ذریعے بھارت کو سزا دینے سے خود پاکستان کا اپنا اندرونی استحکام کتنا مجروح ہوسکتا ہے۔

ڈیٹرنس کے حامی اور مخالف جنوبی ایشیائی بحرانوں پر کافی عرصے سے بحث کر رہے ہیں اور جائزہ لے رہے ہیں کہ کیا یہ بحران بڑے پیمانے کی کسی فوجی سرگرمی کی وجہ بنیں گے یا نہیں(18)۔ ڈیٹرنس حامی مفکرین کا اصرار اس نکتے پر ہے کہ متعدد بحرانوں کے باوجود پاکستان اور بھارت دونوں نے جوہری حد کبھی عبور نہیں کی ہے۔ ایسے ہی ایک ڈیٹرنس حامی مفکر سمیت (Summit) گنگولی نے1995 میں شائع ہونے والے اپنے کالم میں لکھا:

''جوہری ہتھیاروں کی موجودگی نے خطے میں موجود ریاستوں کے براہ راست تصادم کے امکان کو کم کیا ہے''(19)

اسی طرح کارگل بحران سے ایک سال قبل شائع ہونے والی اپنی کتاب میں Devin T. Hagerty نے کہا:

''بین الاقوامی تعلقات کے حوالے سے موجود نظریات میں اس سے محکم نظریہ کوئی نہیں کہ ایٹمی صلاحیتوں کے حامل ملکوں میں جنگیں نہیں ہوتیں''(20)

MashalBooks.org

کارگل بحران کے بعد مذکورہ بالا مصنف نے اپنے نقطہ نظر میں یہ تبدیلی کی کہ محدود جنگ کا امکان بہر حال موجود رہے گا۔Hagerty تسلیم کرتا ہے کہ:

''جوہری ہتھیاروں کی موجودگی اہم ترین عوامل میں سے ایک تھی جس نے اسلام آباد کو چھوٹے پیمانے کا جھگڑا مول لینے پر اکسایا مگر یہ جوہری ڈیٹرنس وہ واحد وجہ بھی بنا جس نے تنازع کو آگے نہیں بڑھنے دیا۔''(21)

ڈیٹرنس نظریے کے مخالفین کا فوکس شدید بحرانوں میں بڑی فوجی مہم جوئی رہا ہے۔مثال کے طور پر کارگل بحران کے معاملے کے حوالے سے کانتی باجپائی کا نکتہ نظر یہ ہے:

''بھارت مکمل طور پر فتح تک جنگ لڑنے کو تیار تھا چاہے اس کے لیے فل سکیل جنگ کی نوبت کیوں نہ آجاتی..... اور وہ اس پر بھی تیار تھا کہ پاکستانی فضائیہ کی صلاحیتوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی فضائیہ کو حرکت میں لے آتا''

باجپائی کا تخمینہ یہ ہے:

''نتیجے کے طور پر یہ کہنا کافی مشکل لگتا ہے کہ کارگل بحران کے ٹل جانے کی وجہ بڑے خطرات تھے''(22)

جب تک پاکستان اور بھارت کے مابین تعلقات نارمل نہیں ہوتے ڈیٹرنس کے نظریے کے مخالف اس طرح کے مضبوط دلائل سامنے لاتے رہیں گے۔جیسا کہ Neil Jeock نے ایک جگہ لکھا ہے:

''دو متحارب طاقتوں کے پاس جوہری صلاحیت کا قطعا یہ مطلب نہیں کہ ان میں جنگ نہ ہوگی بلکہ ان ایٹمی بموں کی موجودگی بڑے حادثوں کے امکان کو بڑھاتی ہے۔''(23)

ڈیٹرنس نظریے کے حامی اپنی رجائیت کی بنیاد منطقی رویوں اور مربوط حکومتوں پر رکھتے ہیں۔ پاکستان کے اندرونی معاملات پر نظر دوڑائیں تو اس حوالے سے کئی سوالیہ نشان موجود اور محکم ہیں۔

بڑے ہلاکت خیز حملوں کا محل وقوع

استحکام،عدم استحکام پیراڈاکس کا مرکزی نقطہ وقت کے ساتھ ساتھ بدلتا رہا ہے۔ٹوئن پیک

MashalBooks.org

کرائسس اور2008ء کا بحران 1990 کے بحران اور کارگل کرائسس سے مختلف تھے کیونکہ ان بحرانوں میں ابتدائی حادثوں کا مرکز جموں وکشمیر کی ریاست نہیں تھی۔ بلکہ ان بحرانوں کا آغاز ممبئی اور دلی میں ہونے والے ہائی پروفائل ہلاکت خیز حملے تھے ..... دلی اور ممبئی جو نمائندگی کرتے ہیں بھارت کے سیاسی استحکام کی ، ان کی معاشی ترقی کی اور دنیا سے ان کے تعلق کی..... حقیقت یہ ہے کہ ان حملوں کا ارتکاب کرنے والے وہ کچھ کرگزرنے میں کامیاب رہے تھے جو پاکستان خواہش کے باوجود آج تک نہیں کرسکا ہے..... اور بھارت پر ہونے والے ہر ہلاکت خیز حملے سے پاکستان یہ سب حاصل کرنے سے دور ہوتا جائے گا۔

بھارت کے بڑے شہروں میں ہائی پروفائل اہداف پر کراس بارڈر حملے ایک نیا رواج ہے جو چل پڑا ہے۔ آخری حملے جو اس حوالے سے ہوئے.....اور فوجی بحران کی وجہ بنے .....وہ تھے بھارتی ریاست جموں وکشمیر میں ہونے والے حملے ۔ اس کو ہوئے بھی ایک عشرہ گزر گیا ہے، اکتوبر2001 میں ہونے والے حملے کا ہدف ریاستی اسمبلی تھی، مارچ2002 میں جموں میں رگھوناتھ کا مندر اور مئی2002 میں بھارتی فوجیوں کی رہائشی کالونی جس میں بھارتی فوجیوں کے خاندان آباد تھے ،حملوں کا نشانہ بنی۔ اس کے بعد بڑے پیمانے پر ہلاکت خیز حملوں کا یہ سلسلہ نئی دلی، ممبئی، ایودھیہ، جون پور، وارانسی،حیدر آباد، جئے پور، احمد آباد، پونے اور دیگر جگہوں پر بھی پھیلتا چلا گیا۔ ان تمام کے تمام حملوں کے پیچھے کارفرما عناصر پاکستانی نہیں تھے کیونکہ بھارت میں اور بھی کئی گروہ ہیں جو بھارتی حکومتوں سے زخم خوردہ ہیں مثال کے طور پر نکسالی اور بھارتی مسلمان..... تاہم ان حملوں میں کئی ایسے حملے ہیں جن کی کھوج میں نکلا جائے تو سرے پاکستانی بنیادیں رکھنے والی دہشت گردی سے جا ملتے ہیں۔

جموں وکشمیر میں ہلاکت خیز حملوں کی واپسی کسی وقت بھی ہوسکتی ہے۔ تاہم اگر2002 کے بعد بھارت میں کیے گئے ہلاکت خیز حملوں کا ریکارڈ دیکھیں تو ان کا رخ ملک کے جنوبی علاقوں میں موجود شہروں کی طرف ہے(بھارت میں ہونے والے ہلاکت خیز حملوں کی فہرست کے لیے دیکھیے ضمیمہ نمبر 3)۔ اس رجحان کی ایک سے زیادہ توضیحات ہوسکتی ہیں۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہوسکتی ہے کہ وہ عسکریت پسند گروہ جن کے پاکستان کی فوجی حلقوں سے وابستگی ہے اور جو بھارت میں ہلاکت خیز حملوں کی منصوبہ بندی کرتے ہیں، وہ یہ سوچ رہے ہیں کہ بھارتی ریاست جموں وکشمیر میں موجود مسلم اکثریتی علاقوں کو جو نئی دلی کے قبضے میں

ہیں انہیں منتشر نہ کیا جائے۔ دوسری ممکنہ وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ حملہ کرنے والے اب اس حقیقت کو پہچان رہے ہیں کہ جموں وکشمیر کے ہلاکت خیز حملہ اب چونکانے اور بھارت کو صدمہ پہنچانے والی اہمیت کے حامل نہیں رہ گئے۔ تیسرا امکان یہ ہوسکتا ہے کہ2001 کے بعد پاکستان کی فوجی طاقت کا فوکس افغان بارڈر ہو چکا ہے۔ منقسم کشمیر کی لائن آف کنٹرول سلگانے سے پاکستان دو محاذ کھول بیٹھا تو اسے سکیورٹی کے حوالے شدید خطرات لاحق ہو سکتے ہیں اور یہ وہ چیز ہے جس سے بچنے کے لیے راولپنڈی نے ہمیشہ کوشش کی ہے۔

بظاہر معقول تردید

بھارتی سرزمین پر جتنے بھی ہلاکت خیز حملے ہوئے، پاکستان کے سیاسی اور فوجی لیڈروں نے شروع میں ان کی ذمہ داری لینے یا حملوں سے متعلق پیشگی آگاہی سے انکار کیا ہے۔ اگرچہ1990 کے بحران کے حوالے سے پاکستان کی تردیدوں پر کئی سوالیہ نشانات موجود ہیں۔ بلاشبہ ریاست جموں وکشمیر میں بھارت کا برا طرز حکمرانی بھی ایک بڑی وجہ تھا جس نے اسے عوامی ہمدردی سے محروم کیا۔ تاہم یہ حقیقت بھی اپنی جگہ ہے کہ بھارت کا جموں وکشمیر پر برے طرز حکومت کا سلسلہ تو کئی دہائیوں سے جاری ہے، خاص طور پر2002 سے قبل ہونے والے ریاستی اسمبلی کے انتخابات کے مواقع پر.....1990 کے ہنگاموں کی شدت کو دیکھیں تو نہ صرف اندرونی عدم اطمینان اس کی وجہ نظر آتے ہیں بلکہ بیرونی ہاتھ بھی صاف سرگرم دکھائی دیتا ہے۔ اس بیرونی حمایت کو بآسانی زمانی ترتیب میں رکھ کر دیکھا جا سکتا ہے(24) اور یہ بیرونی ہاتھ1990 کی دہائی کے ابتدائی حصے میں تو کھل کر خود کو ظاہر کرتا ہے جب غیر مطمئن کشمیری، بھارتی سکیورٹی فورسز کے مقابلے میں کمزور حریف کے طور پر آمنے سامنے تھے۔ کارگل بحران کے دوران نا ملوث ہونے کے دعوے تو کاملا ناقص تھے کیونکہ لائن آف کنٹرول پر موجود فوجی آسانی سے آزاد فاعلین اور مجاہدین سے ممتاز نظر آرہے تھے جبکہ شروع میں پاکستان کا کہنا یہ تھا کہ یہ ہمارے فوجی نہیں بلکہ مجاہدین ہیں جو کارگل کے محاذ پر لڑ رہے ہیں۔

نئی دلی اور ممبئی حملوں کے حوالے سے بھی پاکستانی حکام نے پیش آگاہی یا ملی بھگت کی شدت سے مخالفت کی جس کے نتیجے میں2-2001 جڑواں چوٹیوں کا بحران اور2008 کا بحران پیدا

ہوا ۔ ان دونوں بحرانوں میں شامل حملہ آوروں کی بنیاد، ٹریننگ اور مسلح کیے جانے کا عمل پاکستان کی سرزمین پر ہوا تھا۔ ان بحرانوں کے دوران پاکستانی اتھارٹیز کو اپنے ہی اعمال کی وجہ سے شدید مشکلات کا شکار ہونا پڑا کیونکہ ان حملوں کے مرتکب افراد کی ریاستی اداروں سے منسلک اداروں کے افراد سے تعلقات واضح ہو گئے تھے۔ جب ایک بار حملہ آوروں کی بنیادیں پاکستان میں کھوج نکالی گئیں تو پاکستان نے اپنی دلیل یوں بدلی کہ پاکستان کی اعلیٰ فوجی اور انٹیلی جنس انتظامیہ کو اس بات کی خبر قطعاً نہیں تھی کہ ان کے ماتحت کیا کچھ جانتے ہیں..... ایک ہراساں کرنے والی مگر ایسی دلیل جسے امریکی انتظامیہ تائید دینے پر تیار تھی۔

ایک حقیقت جو ناقابل تردید ہے وہ یہ کہ جڑواں چوٹیوں کے بحران اور ممبئی کرائسس کے معاملے میں پاکستانی اتھارٹیز نے بڑے ہلاکت خیز حملوں کو روکنے کے لیے کوئی سنجیدہ اقدامات نہ کیے، جس کا مطلب یا تو پاکستان کی انٹیلی جنس ایجنسیوں کی نا اہلیت تھی کہ ایک ایسی سرگرمی ان کی نظر سے اوجھل رہی جو جنگ کا باعث ہو سکتی تھی یا پھر اس طرح کی سرگرمیوں کو ان کی حمایت حاصل تھی یا پھر یہ دونوں ہی وجوہات..... یہ بھی واضح ہے کہ پاکستانی اتھارٹیز نے ان لوگوں کے خلاف کوئی قابل ذکر کارروائی نہ کی یا کرنے میں ناکام رہی جنہوں نے کامیابی کے ساتھ بھارت میں ان ہلاکت خیز حملوں کی منصوبہ بندی کی تھی۔ پاکستان میں فقط عارضی اور مہذب نظر بندیاں عمل میں آئیں یا پھر لٹکتے عدالتی مقدمے بنائے گئے اور ان میں بھی کسی مرکزی شخصیت کو مجرم نامزد نہ کیا گیا۔

ملک کے علاقائی مفاد کو آگے بڑھانے کے لیے جن عسکریت پسند جتھوں کی پاکستانی فوج اور انٹیلی جنس ایجنسیوں نے پرورش کی ان پر نظر رکھنا اور انہیں قابو میں رکھنا اب ان کے لیے خود بھی مشکل ہو چکا ہے۔ ان میں سے کچھ گروہ تو انہی فوجی حلقوں کے خلاف کھڑے ہو گئے ہیں جنھوں نے انہیں تخلیق کیا تھا۔ جیسا کہ پاکستان کے ایک معروف صحافی زاہد حسین لکھتے ہیں:

''جہادی تنظیمیں نہ تو خفیہ ہیں اور نہ ہی غیر قانونی طور پر زمین سے پھوٹیں۔ ان کی نشوونما کو، تب بھی جب وہ سرکاری سرپرستی میں نہ تھیں، ہمدردانہ نظروں سے دیکھا گیا..... کیونکہ ان کے مقاصد پاکستان کی فوجی انتظامیہ سے ہم آہنگ تھے یعنی کشمیر کی بھارت سے آزادی اور افغانستان میں پشتونوں کی حکومت''(25)

جب جنگی امکان کے حامل ابتدا کاروں کا پاکستان سے تعلق دریافت ہو جاتا ہے تو سرکاری اہلکاروں کی طرف سے رٹا رٹایا سا یہ موقف سامنے آتا ہے کی ''الزام تراشی کے کھیل'' الزام تراشی کو ترک کیا جائے۔ دوسرے لفظوں میں اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کے قابل افسوس واقعہ تو اب ہو چکا ہے، قوموں لیڈروں کو چاہیے کہ اب روشن مستقبل کو سامنے رکھیں اور آگے بڑھیں۔ یہ دلیل اب گھسی پٹی ہو چکی ہے کیونکہ 'الزام' تو اسی وقت لگتا ہے جب یہ ذمہ داری لینے یا حفاظتی اقدامات کرانے میں ناکام رہتے ہیں۔

اگر بھارتی شہروں پر پاکستان سے تعلق رکھنے والے شدت پسندوں کی جانب سے اسی طرح ہلاکت خیز حملے ہوتے رہے اور بعد میں وقتی تردیدوں اور شرمناک انکشافات کا سلسلہ جاری رہتا ہے تو پاکستانی سکیورٹی فورسز اور انٹیلی جنس ایجنسیاں پھر اسی طرح کی مشکل صورت حال سے دوچار ہوتی رہیں گی۔ ہوسکتا ہے وہ اس قسم کی دلیلیں دے کر تسلی دے لیں کہ اس نوع کی تنظیموں کے ساتھ روابط اس لیے ضروری ہیں تا کہ حفاظتی انتظامات کے لیے انٹیلی جنس معلومات جمع کی جاسکیں۔ لیکن اگر بھارتی اہم اہداف پر حملوں کا سلسلہ اسی طرح جاری رہتا ہے تو یہ نتیجہ نکالنا غیر معقول نہ ہوگا کہ پاکستانی انٹیلی جنس ایجنسیاں ان حملوں کو روکنے کے حوالے سے بدعنوانی کی مرتکب ہوئی ہیں یا پھر ان کی ملی بھگت سے یہ حملے ہوتے ہیں۔ چھوٹے پیمانے کے حملے تو چلو نظرانداز کر بھی لیے جائیں مگر بڑے پیمانے کے حملوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تو تربیت اور منصوبہ بندی کی ضرورت پڑتی ہے اور اس صورت میں تو بدعنوانی اور ملی بھگت کے الزام قابل بھروسہ ہوں گے۔ چونکہ پاکستان میں انٹیلی جنس عہدوں پر سینئیر فوجی عہدیدار فائز ہوتے ہیں جو چیف آف آرمی سٹاف کو جواب دہ ہوتے ہیں اس لیے کراس بارڈر یہ حملے چیف آف آرمی سٹاف کی نااہلیت کے بھی عکاس ہیں۔ ہر ہونے والا حملہ اور اس کے بعد حملہ آوروں کو سزا دینے میں عدم صلاحیت یا نارضامندی راولپنڈی کی جانب سے معقول تردیدوں کی اہمیت کو گھٹاتی جائے گی۔ پہلے بھی راولپنڈی کے عسکریت پسندوں کے تعلقات پاکستان کے لیے بھاری قیمت چکانے کا باعث بن چکے ہیں جو الزام تراشی سے محفوظ نہیں رہ سکتے، چاہے اس کا نقصان بھارت سے کہیں زیادہ خود پاکستان کو نہ ہوا ہو اور چاہے ان انتہا پسند گروہوں کی نگرانی اور کنٹرول کا عمل کتنا بھی مشکل نہ ہو چکا ہو۔

پاکستان کے فوجی حلقے کو اپنا دامن صاف دکھانے اور پاکستان کے مفادات کے تحفظ کے

لیے دو اقدامات کرنا ہوں گے..... اولا انہیں پاکستان کی سرزمین پر موجود متشدد گروہوں کے خلاف بامقصد مہم چلانا ہو گی اور ثانیا انہیں بھارت کے ساتھ دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لیے بامعنی تعاون بڑھانا ہوگا۔ ان دونوں اقدامات کے لیے فوجی حلقوں کو پاکستان کے سکیورٹی کلچر کے تصور پر نظر ثانی کی ضرورت پڑے گی۔ ابھی تک یہ ہوتا آیا ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے ان متشدد گروہوں کے خلاف آپریشن کیا ہے جن کا رخ پاکستان کی طرف ہے نہ کہ ان عسکریت پسندوں کے خلاف جو بھارت کے خلاف سرگرم عمل ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف تعاون کے حوالے سے بھارتی وزیراعظم منموہن سنگھ اور پاکستانی صدر پرویز مشرف کے مابین غیر جانبدار ملکوں کی تحریک کے اجلاس، منعقدہ ہوانا، ستمبر 2006 میں جوائنٹ اینٹی ٹیررازم مکینزم پر اتفاق ہو چکا ہے۔ غیر وابستہ ممالک کی تحریک کے ایک اور اجلاس، منعقدہ شرم الشیخ، مصر 2009 کی ایک ضمنی ملاقات[26] میں وزیراعظم منموہن سنگھ اور یوسف رضا گیلانی کے مابین بھی ''مستقبل میں ہونے والے کسی دہشت گردی کے حملے کے حوالے سے بروقت، قابل بھروسہ اور قابل عمل معلومات کے تبادلے'' کے حوالے سے اتفاق ہو چکا ہے۔ مگر ان معاہدوں کو عملی جامہ پہنانے کا عمل کمزور ہے۔ بھارت کو بھی دہشت گردی کے خلاف کامیابی کو ممکن بنانے کے لیے اپنے سکیورٹی کلچر میں تبدیلیاں لانی ہوں گی۔[27]

بھارتی گریز

گذشتہ چار بحرانوں کو سامنے رکھیں تو ایک مشترک عامل صاف نظر آتا ہے اور وہ یہ کہ بھارت کی اتحادی حکومتوں نے ہر بار شدید محرک کی موجودگی کے باوجود غیر معمولی احتیاط پسندی اور گریز کا مظاہرہ کیا۔ منقسم کشمیر میں ہونے والے حملوں کے نتیجے میں ہر بار بھارت نے کم سے کم فوجی وسائل کو استعمال میں لا کر سٹیٹس کو کو بحال کرنے کی کوشش کی۔ بھارتی لیڈر کم محتاط ردعمل دیتے اگر ان کی فوجیں ناردرن لائٹ انفینٹری کی پیش قدمی کو روکنے میں ناکام ہو جاتیں۔ بھارت کی دفاعی کابینہ کمیٹی نے کارگل چوٹی پر قبضے کے بعد بھی بھارتی فضائیہ کو صرف بھارتی کشمیر میں فضائی حملوں کی اجازت دی تھی، ان کا زیادہ زور زمینی فوج پر تھا کہ وہ مربوط حکمت عملی سے کارگل کے علاقے واپس لیں۔ اس گریز کے بدلے میں

بھارتی حکام کو سفارتی میدان میں کامیابیاں ملیں،جبکہ پاکستان کی فوجی قیادت ، جو اپنی کور سٹوری .....کہ کارگل پر قابض لوگ مجاہدین ہیں.....کو داؤ پر نہیں لگانا چاہتی تھی اس نے بھی فوج کو تعینات نہ کر کے گریز کی پالیسی اختیار کی۔ مگر ان کو پیشگی جارحیت کی وجہ سے کہیں سے بھی اسے تحسین نہ ملی۔ کارگل منصوبے میں حکمت کی کمی اور پاکستانی مہم جوئی پر منفی بین الاقوامی ردعمل کی وجہ سے امید یہی ہے کہ اس طرح کی کوئی پیش قدمی دہرائی نہیں جائے گی۔(28)

جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دوسرے بڑے موقع پر بھارتی وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی نے غیر معمولی قدم اٹھاتے ہوئے جموں کا دورہ کیا..... جہاں کشمیر میں تعینات فوجیوں کے خاندانوں کی رہائشی آبادی پر حملے کے بعد حالات بہت کشیدہ تھے اور اعلان کیا کہ:

''فیصلہ کن جنگ کا وقت آن پہنچا ہے اور ہمیں اس جنگ میں کامیابی ملنا یقینی ہے''(29)

اس اعلان کے بعد واجپائی پہاڑی مقام منالی گئے، ظاہری طور پر بھارتی حکومت نے اس وزٹ کو 'چھٹی' قرار دیا مگر یہاں انہوں نے زیرزمین سرنگ کی بنیاد رکھی۔ یہ اقدامات امریکی انتظامیہ کے لیے ابہام انگیز بھی تھا اور خطرے کی گھنٹی بھی۔اس موقع پر بھارت میں امریکہ کے سفیر نے ملک میں موجود 'غیر ضروری' امریکی عملے اور ان کے اہل خانہ کو ملک چھوڑ کر چلے جانے کی ہدایات بھی جاری کیں۔ بہت سے امریکی تجزیہ نگار اس وقت کہہ رہے تھے کہ جنگ اب اٹل ہے۔(30) پوشیدہ مفادات سے قطع نظر ایک بات حتمی ہے کہ اس وقت بھی واجپائی جنگ کے حوالے سے متامل تھا، اس نے ایک اور شدید انتباہی نوٹ جاری کیا تا کہ امریکی کرائسس منیجمنٹ پھر متحرک ہو سکے۔ امریکی انتظامیہ جنرل مشرف سے کچھ یقین دہانیاں اور وعدے لینے میں کامیاب ٹھہری جن کے حوالے سے بھارت کے شکوک وشبہات تھے۔(31) بہرحال مشرف کے یہ وعدے اس وقت جڑواں چوٹیوں کے بحران سے پیدا ہونے والی فوجی صورت حال کو مدہم کرنے میں کامیاب رہے۔

وزیراعظم منموہن سنگھ کی سرکردگی میں بھارت کی ایک اور مختلف نوعیت کی اتحادی حکومت بھی واجپائی حکومت کی طرح اس وقت پاکستانی علاقوں پر حملوں سے ہچکچاتی رہی جب 2008ء میں ممبئی میں بڑے پیمانے کے ہلاکت خیز حملے ہوئے۔ واجپائی کی طرح منموہن سنگھ بھی اسی نتیجے پر پہنچا کہ پاکستان کو سزا دینے سے حاصل ہونے والے فائدے کم ہیں جبکہ خطرات

بہت زیادہ..... سب سے بڑا خطرہ جو اس کی نظر میں تھا وہ یہ کہ کہیں فوجی عمل قابو سے باہر نکل کر ایٹم بموں کے استعمال کی نوبت تک نہ پہنچ جائے۔ اگرچہ پاکستان کی دو مفروضہ ''ریڈ لائنز''..... پاک فضائیہ کا بھاری نقصان اور اس کی فضائی حدود کو کنٹرول میں نہ رکھ سکنے کی صلاحیت بشمول علاقے پر قبضہ..... کا لڑائی کے دوران حصول ممکن ہوتا۔ (32)

بھارت نے دوسرے خطرات کو زیادہ وزن دیا..... اور پاکستان کی نئی، غیر یقینی کا شکار اور کمزور سویلین حکومت نے بھی دیگر خطرات کو اہمیت دی، جو حال ہی میں ایک اور فوجی ڈکٹیٹر جنرل مشرف کے بعد وجود میں آئی تھی۔ برائے نام طاقتور عہدوں پر فائز صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اس پوزیشن میں قطعا نہ تھے کہ وہ نئی دلی کے مطالبات کے جواب میں کوئی قابل بھروسہ یقین دہانی کر اسکتے۔ بھارت کی طرف سے جوابی حملے اندرونی سطح پر پاکستان میں سول ملٹری تعلقات اور پاکستان کی قومی سیاست میں فوری تبدیلیوں کا سبب بن سکتے تھے اور یہ وہ چیز تھی جسے بھارت اپنے تصور کردہ مفادات کے منافی سمجھتا تھا۔ علاوہ ازیں پاکستان پر بھارتی حملے کی صورت میں افغانستان میں موجود امریکی اور اتحادی طاقتوں پر بھی منفی اثرات پڑتے..... وہ اثرات جو بھارت کے حق میں شاید بہتر نہ ہوتے۔ جوابی حملوں سے گریز کی ایک اور وجہ شاید وہ امید تھی جو ابھی وزیراعظم منموہن سنگھ میں، واجپائی کی طرح، زندہ تھی کہ ہوسکتا ہے پاکستان کے ساتھ ان کے تعلقات نارمل ہی ہو جائیں۔

ان تمام بحرانوں میں تمام بھارتی لیڈر ایک ہی پہیلی سلجھانے کی کوشش میں لگے رہے..... کہ پاکستانی کشمیر میں جن اہداف پر حملے کیے جائیں وہ کم اہمیت اور مختصر دورانیے کے ہوں۔ بہر حال ان حملوں کا نتیجہ بڑی فضائی جنگ اور بھارتی سرزمین پر حملوں کی صورت میں بھی نکل سکتا تھا اور ان سے فل سکیل جنگ بھی چھڑ سکتی تھی۔ دوسرا متبادل یہ ہوتا کہ بھارتی حکومت پاکستان کے مرکزی علاقوں، جیسا کہ پنجاب، جہاں عسکریت پسند تنظیمیں بڑی تعداد میں موجود ہیں، میں اہم اور بڑے اہداف پر فضائی حملے یا دیگر آپریشنز کی اپنی فوج کو اجازت دے دیتی۔ تو اس صورت میں فل سکیل جنگ اور بڑی فوجی سرگرمی کا امکان اور بھی بڑھ جاتا۔

بھرپور ترغیب انگیز حملوں کے باوجود گریز کے حوالے سے بھارتی حکومتوں پر اندرون ملک

شدید مگر مختصر تنقیدیں بھی ہوئیں۔ بھارتی تزویراتی ماہرین کو بھی مشکل صورت حال کا سامنا رہا کیونکہ مسلح افواج کو جنگ کے لیے موبلائز کرنے کے لیے تین سے چھ ہفتے درکار ہوتے ہیں اور اس دوران واشنگٹن کے مداخلت ہوجاتی ہے یا بین الاقوامی کوششیں مربوط انداز میں جوابی فوجی کارروائی رکوانے کے لیے فعال ہوجاتی ہیں۔ اس حوالے سے یہ رپورٹیں بھی آئیں کہ بھارتی فوجی منصوبہ سازوں نے اب ان روایتی جنگی میدانوں میں بڑے پیمانے پر لڑی جانے والی جنگوں کے حوالے سے منصوبہ بندیوں پر نظر ثانی کی ہے۔ اب بھارت نے جو حکمت عملی اختیار کی ہے اسے بھارتی میڈیا اور بین الاقوامی مبصرین 'سرد آغاز' کا نام دیتے ہیں۔ مختلف رپورٹوں کے مطابق اس نظر ثانی شدہ پالیسی کا مطمح نظر یہ ہے کہ عام بڑی جنگ کی نسبت بوقت ضرورت محدود تعداد میں فوجوں کو حرکت میں لایا جائے اور یوں 'سطحی' علاقائی فوائد کے لیے چند دنوں میں فوج کو تعینات کر لیا جانا ممکن ہوسکے۔ مبصرین اس نئی نظر ثانی شدہ حکمت عملی کو یوں بیان کرتے ہیں کہ اس میں مربوط بھارتی پیدل فوج کے دستوں، اسلح بردار فوج بشمول فضائیہ کو ''چھوٹے مربوط لڑاکا گروپس'' میں ڈھال لیا جاتا ہے۔(33)

اس ''سرد آغاز'' نوعیت کی فوجی منصوبہ بندی کے خلاف پاکستانی حکام کی جانب سے متواتر واویلا اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ پاکستان برصغیر میں روایتی عدم توازن کے حوالے سے خود بھی خدشات کا شکار ہے۔ پاکستانی اہلکار 'سرد آغاز' جنگی امکان کی حامل پالیسیوں کو نمایاں کرتے ہوئے جوائنٹ آپریشنز کے حوالے سے بھارت کی روایتی مشکلات کو استعمال کرتے ہیں .....یعنی بھارت کی طرف سے فوجی منصوبوں کے نفاذ میں تاخیر اور بھارتی سیاسی لیڈروں کی جانب سے بحران کے دوران انہیں اختیار دینے سے تذبذب.....۔ نئی دلی کی جانب سے مزید اقدامات کے حوالے سے انتباہی نوٹ کے طور پر پاکستانی اہلکار کہتے ہیں کہ اگر بھارت کی جانب سے کسی بھی قسم کی فوجی جوابی کارروائی سامنے آئی تو اس سے خطے میں ایٹمی جنگ کے خطرات بڑھ جائیں گے۔ اس حوالے سے ایک اہم پیش رفت تب ہوئی جب اپریل 2011 میں پاکستان کے سٹریٹیجک پلانز ڈویژن کے ڈائریکٹر جنرل کے سامنے ایٹمی ہتھیار لے جانے کے قابل موبائل آرٹلری سسٹم کی آزمائش کی گئی۔(34)

بھارت کے سرکاری حکام میں بھی اب 'سرد آغاز' کے نظریے کے حوالے سے تنازعات پیدا

ہو چکے ہیں۔ایک چیز جس کے بارے میں یقین سے کہا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ گذشتہ بحرانوں کے دوران فل سکیل روایتی جنگ کی طرف جانے کے حوالے سے بھارتی افواج کے پاس محدود آپشن کی وجہ سے انہیں کوفت کا سامنا کرنا پڑا ہے۔مثال کے طور پر کارگل بحران کے موقع پر بھارتی آرمی چیف جنرل ایس پدمانا بھن کا یہ بیان دیکھیں جوانہوں نے میڈیا کے سامنے دیا:

''ایٹمی ہتھیاروں کی حامل جنگ کا خیال کسی کے بھی ذہن میں نہیں ہے۔ جو کوشش ہماری ہے وہ یہ ہے کہ روایتی جنگ سے ہم زیادہ سے زیادہ نتیجہ حاصل کر سکیں''(35)

ان کے پیش رو جنرل وی پی ملک نے بھی متعدد بار اپنی تحریروں اور تقریروں میں اسی قسم کی ضرورت پر زور دیا ہے:

'' اگرچہ بھارت اور پاکستان ایٹمی قوتیں ہیں،مگر یہ کہنا درست نہیں ہے کہ اس کی وجہ سے دونوں کے درمیان روایتی جنگ نہیں لڑی جا سکتی۔ کارگل کی جنگ اس حقیقت کا کھلا ثبوت ہے۔ایک نیوکلیائی حد کے اندر روایتی جنگ ممکن ہے۔''(36)

بھارتی فوجی اہلکاروں لیے یہ غیر ذمہ دارانہ امر ہے کہ وہ جوہری حد کے اندر رہتے ہوئے فوجی منصوبہ بندی کی طرف توجہ ہی نہ دیں۔ پاکستانی اہلکاروں کے لیے بھی یہی کہا جا سکتا ہے۔

بھارتی فوج کی تربیتی مشقیں شاہد ہیں کہ وہ محدود پیمانے کی روایتی جنگ کے حوالے سے مشقیں اپنے پروگرام میں شامل رکھتے ہیں۔(37) اس بات کی شہادتیں بھی عدم موجود ہیں کہ بھارت نے جنگی مقاصد کے لیے زمینیں خریدی ہوں، یا جنگی سازوسامان جمع کیا ہو یا جوائنٹ ملٹری کمانڈز اور آپریشنز منعقد کیے ہوں، جو کسی .....بقول 'سرد آغاز' حامی مبصرین .....قسم کے جرات مندانہ منصوبوں کی تکمیل کے لیے درکار ہوتے ہیں ۔یقین مانیے کہ اس سے کہیں چھوٹے پیمانے کے ملٹری آپریشنز کے لیے، چاہے وہ سپیشل فورسز کریں یا بھارتی فضائیہ، یہ تیاریاں ضروری نہیں ہیں۔ تاہم ان میں بھی یہ خطرہ موجود ہوتا ہے کہ یہ ناقابل کنٹرول جنگی امکان میں ڈھل جائیں۔

بہت سے زیرک مبصرین کا یہ خیال ہے کہ اگر مستقبل میں پاکستان سے تعلق رکھنے والے شدت پسندوں کی جانب سے بھارتی اہداف کو نشانہ بنایا جاتا ہے تو بھارت جس تحمل کو وتیرہ

بنائے ہوئے ہے، اس کا خاتمہ ہو جائے گا، خاص طور پر اس صورت میں کہ اگر انڈین آرمی اور فضائیہ محدود جنگ کے حوالے سے پوری طرح تیار ہوئیں تو..... اس حوالے سے بروس ریڈل کا تجزیہ قابل غور ہے جن کا کہنا ہے کہ ''اگلی بار بھارتی صبر کا پیمانہ لبریز ہوسکتا ہے اور وہ صرف فوجی نقل وحمل کی بجائے پلٹ کر حملہ کر سکتا ہے''(38)۔ اسی طرح Teresita Schaffer نے بھی خبر دار کیا ہے کہ ''ممبئی طرز کا اگر ایک اور حملہ ہوتا ہے تو بھارت 2008 کے مقابلے میں کہیں زیادہ جارحانہ ردعمل دے سکتا ہے، اکثر مبصرین کا اس حوالے سے خیال ہے کہ بھارت پھر فوجی اقدامات کرنے پر مجبور ہو جائے گا''(39)۔ میں یہاں کہنا چاہوں گا کہ یہ پیش گوئیاں درست ثابت ہوسکتی ہیں۔ تاہم اس حوالے سے کچھ یقین کے ساتھ کہا جانا مشکل ہے کہ محدود جنگ کے منصوبوں کے موجودگی اور ان کو عملی جامہ پہنانے کی صلاحیت کے باوجود کیا بھارتی وزیراعظم اور کابینہ کی کمیٹی برائے سکیورٹی کے ذہن میں بھی یہ خیال آتا ہے کہ نہیں۔

وہ وجوہات جن کی بنیاد پر ترغیب کے باوجود بھارت نے گریز کی پالیسی اختیار کی، آج بھی موجود ہیں بلکہ کئی حوالوں سے تو وہ اور بھی محکم ہوچکی ہیں۔ ناقابل قابو جنگ کے خطرے کے بادل اب بھی برصغیر کے آسمان پر موجود ہیں اور لگتا یوں ہے کہ پاکستان کی فوجی قیادت یہ نتیجہ نکال کے بیٹھی ہے کہ ان کے مفادات کا تحفظ اس امر میں ہے کہ وہ ان خطرات کو ہائی لائٹ کرتے رہیں۔ نئی دلی اب بھی پاکستانی سول اتھارٹیز کو ابھارنے اور فوجی قیادت کے اثرات کو کم کرنے کی کی پالیسی کو جاری رکھے ہوئے ہے، اور ان کے نزدیک یہ مقصد حاصل کرنے کے لیے محدود جنگ کا آپشن رکاوٹ ثابت ہوگا۔ علاوہ ازیں محدود جنگ، چاہے وہ جوہری حد کے اندر ہی کیوں نہ ہو، پاکستان کی داخلی سیاسی حرکیات، جیسے سول ملٹری عدم توازن کو مزید بگاڑنے کا سبب بھی ہوسکتی ہے۔ شاید مسائل کی یہ فہرست ہے جو بھارت کی پیش قدمی کو روک دیتی ہے، تاہم ہوسکتا ہے کبھی یہ خطرات بھارت کی داخلی مجبوریوں سے شکست کھا جائیں۔

جوہری ہتھیاروں کا کردار

برصغیر میں آنے والے گذشتہ بحرانوں میں جوہری ہتھیاروں کا نمایاں کردار رہا ہے۔ جیسا کہ

ڈیٹرنس کے نظریے کے حامیوں کا کہنا ہے کہ جوہری ہتھیاروں نے دونوں ملکوں کے درمیان ہونے والی فوجی کشمکشوں کو ان حدوں کے اندر رکھا جو ایٹمی جنگ کا دروازہ کہلائی جاتی ہیں۔ دوسری جانب ڈیٹرنس نظریے کے مخالفین ہیں جن کا کہنا اس کے برعکس ہے۔ ان کا کہنا یہ ہے کہ جوہری ہتھیار ہی وہ بنیادی وجہ ہیں جو بحران کا سبب بنے ہیں اور دونوں ملکوں کو رسک لینے کے رویے پر اکسایا ہے۔ ان کا کہنا ہے ہر بحران نے نیوکلیائی پروگراموں کے لیے مہمیز کا کام کیا ہے۔ مثال کے طور پر سٹیفن کوہن اور شریک مصنفین کی یہ رائے دیکھیں:

''براس ٹیک بحران نے دونوں ملکوں کے اس یقین کو واثق تر کر دیا کہ جوہری صلاحیت کا حصول مطلوب ترین اور ناگزیر ترین ہے''(40)

انہی مصنفین نے نتیجہ نکالتے ہوئے لکھا:

''براس ٹیک بحران پاکستان کو امریکا سے دور اور کمزور جوہری ڈیٹرنس رکھنے والے علاقوں کی طرف لے گیا''(41)

Raj Vhengappa کے سورسز کی اطلاع ہے کہ بھارتی حکومت اس نتیجے پر پہنچی تھی کہ پاکستانی فوج نے 1988 میں فعال جوہری صلاحیت حاصل کر لی تھی یعنی براس ٹیک بحران کے فوری بعد.....(42) جسیت سنگھ کا کہنا تو یہ ہے کہ اس سے بھی پہلے یعنی 1987 میں پاکستان یہ صلاحیت حاصل کر چکا تھا۔(43)

1990 کا بحران پاکستان کے ملٹری لیڈروں کو یورینیم کی افزودگی کے حوالے سے ان ریڈ لائنز کی دوسری طرف لے گیا جو رونالڈ ریگن اور جارج ڈبلیو بش کی امریکی انتظامیہ نے کھینچی تھیں(44)۔ براس ٹیک اور 1990 کے بحران کا درمیانی عرصہ بھارت کے جوہری منصوبوں کو بھی کافی آگے لے گیا۔ جارج پرکووچ جس نے بھارت کے جوہری ہتھیاروں پر سب سے زیادہ تفصیلی اور شاہکار کام کیا ہوا ہے، کا کہنا ہے کہ بھارت نے جوہری ہتھیار 1988 سے 1990 کے درمیان تیار کر لیے تھے(45)۔ 1990 کے بحران کے دوران ضرورت پڑنے کی صورت میں انڈیا کے پاس ایٹمی ہتھیاروں کو استعمال کرنے کے لیے ایڈہاک نوعیت کے خام طریقہ پر انحصار کرنا پڑا تھا(46)۔ بھارت کے معروف ترین تزویراتی امور کے تجزیہ نگار کے سبرامینیم بھارت کے ایٹمی ڈیٹرنس کی موجودگی کا عرصہ ''1990 کی ابتدا''(47)

MashalBooks.org

قرار دیتے ہیں۔

سٹیفن فلپ کوہن اور شریک مصنفین یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ 1990 کے بحران کے دوران پاکستان کی فوجی قیادت نے اپنی حملے کی صلاحیت کو انتہائی الرٹ حالت تک پہنچانے کے علاوہ دیگر اقدامات بھی کیے تھے تاکہ واشنگٹن میں موجود کرائسس مینیجمنٹ کو بیدار کیا جاسکتا[48]۔ان میں سے کچھ اقدامات کو غلط پڑھا گیا اور زیادہ ڈرامائی انداز میں ان کے حوالے سے ردعمل دکھایا گیا..... مثال کے طور پر کہوٹہ کو خالی کر دینا اور اگلی ہوائی چوکیوں پر موجود ایف 16 پر جوہری بموں کا نصب کیا جانا[49]۔ بلاشبہ 1990 کے بحران میں ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کا خطرہ حقیقی تھا تاہم اسے بہت بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا تھا۔ سبرامینیم اس بحران کے دنوں کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ بھارتی انٹیلی جنس ایجنسیوں کا ایک ٹاپ سیکرٹ تجزیہ جو اس وقت سامنے آیا وہ یہ تھا کہ پاکستان کی جانب سے جوہری ہتھیاروں کے استعمال کا خطرہ زیادہ نمایاں نہیں ہے۔تاہم اس کے باوجود بھارتی فضائیہ کو انتہائی الرٹ کر دیا گیا تھا[50]۔ایٹمی ہتھیاروں کے استعمال کے خطرے کے حوالے سے امریکی خفیہ ایجنسیاں زیادہ خطرہ محسوس کر رہی تھیں Seymour Hersh نے اس بحران کے دوران سی آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر رچرڈ جے کر کا یہ بیان نقل کیا:

''جتنے عرصے سے میں امریکی حکومت سے منسلک تھا، اس عرصے میں جوہری خطرے کے حوالے سے یہ سب سے زیادہ خطرناک صورت حال تھی۔ یہ صورت حال کیوبا کے میزائل کرائسس سے کہیں زیادہ پیچیدہ اور خوفزدہ کر دینے والی تھی''[51]۔

جب پاک بھارت بحران کی پرتیں کھلتی ہیں تو خطرات سے بچنا مشکل ہوتا ہے کیونکہ دونوں ممالک جان بوجھ کر ایسے قدم اٹھاتے ہیں کہ امریکہ کے کرائسس منیجرز کو موبلائز کیا جائے اور اس صورت حال سے اپنی حمایت میں تو کم از کم قابل اطمینان نتیجہ نکل سکے۔بحرانی حالات میں بھارت اور پاکستان کی لیڈر شپ ''اپنے سیاسی مخالفوں کی طرف سے مخالف ملک کے لیے' نرم گوشہ' رکھنے کے الزام'' سے بچنے کے لیے ''زبانی جنگ'' کے حربے کو استعمال کرتے ہیں[52]۔جوہری ہتھیاروں کے استعمال کی دھمکیاں بھی ڈیٹرنس کی بحالی کے مقصد کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ اور پھر جب کرائسس ختم ہو جاتا ہے تو دونوں ملک خود کو ذمہ دار ایٹمی طاقتیں ثابت کرنے کے لیے جوہری خطرات کو کم کرنے کا واویلا کرنے

لگتی ہیں حالانکہ اس وقت بھی اگر وقت کا تقاضا ہو تو جوہری ہتھیاروں کو انتہائی تیاری کے عالم میں رکھا جاتا ہے[53]۔ بحران کے دوران جہاں ایٹمی خطرات کا تخمینہ لگانا مشکل امر ہے، وہاں امریکی انتظامیہ یہ عیاشی برداشت نہیں کرسکتی کہ ان کے پالیسی ساز ایٹمی خطرات کو پس پشت ڈال دیں۔

ہر آنے والے بحران اور بھارت کی روایتی جنگ کی صلاحیتوں میں ہونے والے اضافے کے ساتھ پاکستان کا جوہری ہتھیاروں پر بطور ڈیٹرنس انحصار بڑھتا جارہا ہے۔ جوہری ہتھیاروں کا خطرہ بحرانی دور کے شدت کے زمانے میں اور بھی بڑھ جاتا ہے کیونکہ جوہری سگنلنگ ان دنوں بڑھ جاتی ہے[54]۔ جوہری حملے کے حوالے سے پبلک وارننگز اور میزائلوں کے تجربے (جو عموماً پاکستان کی جانب سے شروع کیے جاتے ہیں جو دونوں پارٹیوں میں قدرے کمزور پارٹی ہے) کا بھی نئی دلی کی جانب سے فوراً پبلک وارننگز اور میزائلوں کے تجربے کی صورت میں ردعمل دیا جاتا ہے جو یہ تاثر نہیں دینا چاہتا کہ نئی دلی کو جوہری خطرات دکھا کر اس سے مطالبات نہیں منوائے جا سکتے۔ یہ عمل اور ردعمل کے جوہری اشارے اور پیغامات خاص طور پر 1990 کے بحران، کارگل کرائسس اور جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دوران دیکھے جا سکتے ہیں[55]۔

بہت سی وجوہات ہیں کہ کیوں پبلک وارننگز اور جوہری ہتھیاروں کے استعمال کے اشارے کیے جاتے ہیں، جن کے لیے بہت سے جوہری ضرورتیں درکار ہوتی ہیں۔ ایک وجہ تو یہ ہے کہ اپنی ڈیٹرنس اور دفاعی صلاحیتوں کا اظہار کیا جائے، دوسری وجہ یہ ہوتی ہے کہ اگلے بحرانوں کے حوالے سے ان جوہری ہتھیاروں سے جتنا فائدہ لیا جا سکتا ہے، وہ لیا جائے (پاکستان کے معاملے میں) یا پھر اس برتری کو تحلیل کیا جائے (بھارت کے معاملے میں)۔ بحران بطور علت اور جوہری تقاضوں کا اظہار بطور اثر، اس حوالے سے پایہ ثبوت کو پہنچا امر نہیں کیونکہ پاکستان اور بھارت دونوں ہی اس حوالے سے اعلیٰ درجے کی رازداری برتتے ہیں کہ ان کے پاس کتنے جوہری ہتھیار موجود ہیں۔ اگرچہ یہ مفروضہ مکمل طور پر درست نہیں کہ بحران ایٹمی ضرورتوں میں اضافہ کرتے ہیں مگر یہ بہر حال ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ پچھلی دہائی میں 2001-02 کے جڑواں چوٹیوں کے بحران کے بعد جوہری ہتھیاروں میں اضافہ ہوا ہے۔ غیر سرکاری تنظیموں کے بہترین تخمینوں کے مطابق اس دہائی

کے دوران پاکستان کے جوہری ہتھیاروں میں دوگنا اضافہ ہوا ہے، جو50-30 سے بڑھ کر 120-70 تک پہنچ گئے ہیں۔اس عرصے کے دوران این جی اوز کے اندازے کے مطابق بھارت کے جوہری ہتھیاروں میں نسبتا کم اضافہ ہوا ہے، جو کہ60-30 سے100-60 تک ہے[56]۔

بلاشبہ جوہری ذخیرے کا بحرانوں سے تعلق نہیں ہے۔ مثال کے طور پر امکان ہے کہ پاک بھارت جوہری جسامت کی منصوبہ بندی کافی عرصہ قبل کی گئی تھی اور اس فیصلے پر ان بحرانوں کا اثر نہیں ہوا ہے۔اس سے زیادہ امکان یہ ہے کہ بحرانوں کے علاوہ دیگر ایسے کئی عوامل ہیں جس سے اس عرصے میں ہونے والی پیش رفتوں کے باعث پاکستان کی مفروضہ ایٹمی ضروریات میں اضافہ ہوا ہے جیسا کہ امریکہ بھارت سول جوہری معاہدہ اور اس کے نتیجے میں نیوکلیئر سپلائرز گروپ کا اس کی توثیق کرنا۔ بھارت اور پاکستان کے مابین روایتی فوجی صلاحیتوں میں آنے والا خلا،اور نئی دلی کی جانب سے بیلسٹک میزائل ڈیفنس انٹرسپٹر کے تجربات بھی اہم عامل ہیں جنہوں نے پاکستان کو اپنے تخمینوں سے رجوع کرنے پر مجبور کیا ہے[57]۔ تاہم اگر غیر بحرانی رویے نے ایٹمی ضرورتوں کو مہمیز دی ہے، تو منطقی طور پر یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جوہری ضرورتوں میں بحرانوں کے بعد اضافہ ہوا ہے..... خاص طور پر ان بحرانوں کے بعد جس میں جوہری سرگرمیوں میں اضافہ ہوا یا جن بحرانوں کے بعد حقیقی مسائل حل نہ ہو سکے۔اس منطق کو استعمال کریں تو وہ تین بحران جنہوں نے جوہری ضرورتوں میں اضافہ کیا اورجنہیں سٹیفن فلپ اور اس کی کتاب کے شریک مصنفین نے 'مرکب بحرانوں [58]' کا نام دیا،وہ ہیں1990 کا بحران، کارگل بحران اور جڑواں چوٹیوں کا بحران۔

مندرجہ بالا تجزیہ بھارت اور پاکستان دونوں پر ایک ہی شدت کے ساتھ لاگونہیں کیا جاسکتا۔ حقیقت یہ ہے کہ بطور کمزور فریق پاکستان..... جس کی معاشی اور روایتی فوجی صلاحیت ہر بحران کے بعد تیزی سے بھارت سے کہیں زیادہ دگرگوں ہوئی ہے..... کے پاس کہیں زیادہ وجوہات ہیں کہ وہ طاقت ور ہمسائے بھارت کے مقابلے میں ڈیٹرنس کے طور پر جوہری ہتھیاروں پر زیادہ انحصار کرے۔اگر یہ تجزیہ درست ہے اور اگر حالات کا رخ یہی رہتا ہے تو پاکستان کی جوہری ضرورتوں میں اضافے کا عمل جاری رہے گا۔ اور تب تک جاری رہے گا

جب تک پاکستان میں فوجی قیادت کے ہاتھ میں اس قسم کے فیصلے رہیں گے، جب تک وہ بھارت کو اپنا ازلی دشمن سمجھتے رہیں گے اور جب تک وہ آئندہ بحرانوں کو اکسانے والے عوامل پر پابندیاں لگانے کے حوالے سے نا رضامند رہیں گے۔

پاکستان کی جوہری ضروریات میں اضافے کے جواب میں بھارت کی جوہری ضروریات میں کیا اضافہ ہوتا ہے، یہ بھی ایک غیر طے شدہ امر ہے۔ بھارتی جوہری جدت کے پروگرام کی رفتار پاکستان کے مقابلے میں کہیں پرسکون ہے جو اس بات کا عندیہ ہے کہ دلی کے فیصلہ ساز ایٹم بم اور اس کے فوجی استعمال کے حوالے سے ابہام کی پالیسی کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔2001 میں ایشلے ٹیلس کی کتاب شائع ہوئی جس میں مصنف نے بھارت کی جوہری پوزیشن کے حوالے سے ایک طویل اور غیر متعین شدہ تخمینہ پیش کیا۔ فاضل مصنف نے نتیجہ نکالتے ہوئے لکھا کہ ''بھارت کے جوہری ہتھیار حقیقی جنگی ہتھیاروں کی بجائے ایک سیاسی آلہ ہیں جن کا مقصد مخالفین کے ذہنوں میں 'خبردار' رہنے کو پروموٹ کرنا اور اپنے اعتماد میں اضافہ کرنا ہے''[59]۔

گذشتہ پوری دہائی کو سامنے رکھیں تو اس رجحان میں کوئی زیادہ تبدیلی نہیں آئی۔ مغربی این جی اوز نے پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کی تعداد کے حوالے سے جو تخمینے لگائے ہیں، وہ بھارتی اخبارات اکثر رپورٹ کرتے رہے ہیں۔ جنکے مطابق پاکستان کے جوہری پروگرام کی رفتار بھارت کے مقابلے میں کہیں زیادہ تیز ہے۔ علاوہ ازیں ایک اعلیٰ عہدے پر فائز امریکی انٹیلی جنس کمیونٹی کے ایک اہلکار کا تخمینہ، جو نیٹو کی ایک خفیہ میٹنگ میں سامنے آیا، موجود ہے جس کے مطابق اس اہلکار کا کہنا ہے پاکستان اس وقت دنیا میں تیز ترین جوہری ہتھیار تیار کر رہا ہے[60]۔ پاکستان کی طرح چین بھی اپنے جوہری پروگرام کو ماڈرن کرنے کی رفتار بڑھا رہا ہے[61]۔ اگر نئی دلی ان رپورٹوں کے مطابق شدت سے ردعمل نہیں بھی دے رہا تو اس کے فیصلہ ساز بیرونی محرکات کے تحت ضرور شدت سے آگے بڑھ رہے ہیں۔

نئی دلی کی اپروچ کے حوالے سے ٹیلس اپنی کتاب India's Emerging Nuclear Posture میں لکھتا ہے کہ اس وقت پاکستان کے مقابلے میں بھارت ہتھیاروں کی دوڑ نہیں بلکہ 'ہتھیاروں کی رینگ' کا طرز عمل جاری رکھے ہوئے ہے[62]۔ جیسا کہ ٹیلس نے پیش گوئی کی ہے کہ بھارت کے جوہری فیصلہ ساز ایک نپے تلے انداز میں اپنے ماڈرنائزیشن

پروگرام ،بیلسٹک اور کروز میزائل کا پروگرام جاری رکھے ہوئے ہیں، جس سے وہ بتدریج ایٹمی وار ہیڈ کے وہیکل تیار کر رہے ہیں۔ٹیلس کا یہ کلیہ پاکستان پر لاگو نہیں ہوتا جس کے جوہری فیصلہ ساز جوہری اور فوجی برتری کے خواہاں ہیں[63]۔ کئی پاکستانی لیڈروں نے اس ملٹری ڈاکٹران کا حوالہ دیا ہے جسے ''فعال دفاع (پروایکٹو ڈیفنس)'' کہا جاتا ہے۔مثال کے طور پر سابق پاکستانی صدر اور آرمی چیف نے آگسٹا سب میرین کی لانچ کے موقع پر جو بیان دیا، اسے دیکھ لیں ، جس میں انہوں نے کہا''ہماری ڈیٹرنس حکمت عملی دفاعی ہے، ہمارے کوئی ایسے عزائم نہیں کہ جائیں اور دشمن پر ہلہ بول دیں۔لیکن اگر ہم پر حملہ ہوتا ہے تو ہم اپنے دفاع کے لیے جارحانہ رویہ اختیار کریں گے''[64]۔ پاکستان، چین اور بھارت سرد جنگ کے معیارات کے مطابق جوہری حکمت عملی کو لے کر نہیں چل رہے بلکہ ان کی جوہری صلاحیتوں میں اضافہ ہو رہا ہے، وہ اضافہ جس کی رفتار کوئی بھی محرک تیز تر کر سکتا ہے۔

فوجی امکانات کا حامل تشدد

پاکستان کے داخلی تشدد کو بیرونی عوامل نے خراب کیا ہے مگر اس کی جڑیں ان غیر حکیمانہ اندرونی فیصلوں میں پیوست ہیں جو ماضی میں کیے گئے اور جن کی تاریخ بہت پیچھے بھی نہ جائیں تو کم سے کم ضیا دور سے شروع ہوتی ہے[65]۔یہ تشدد بہت زیادہ اس وقت بڑھا جب پاکستان نے سوویت یونین کی شکست کے ذمہ دار عناصر (جنہیں ملک کا اثاثہ سمجھ لیا گیا تھا) کا رخ بعد میں ہمسایہ ملک بھارت کی طرف کر دیا۔ بعد ازاں کمزور حکومتوں،سماجی خدمات کی عدم دستیابی، بش انتظامیہ کی دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاداریاں بدلنے اور پاکستانی افواج کی جانب سے پاکستان میں سرگرم گروہوں کے خلاف چنیدہ فوجی آپریشن کے باعث جو صورت حال بنی ، اس کی وجہ سے یہ ''اثاثے'' دردسر بن گئے ۔

وہ تشدد جو پاکستانی ، پاکستانیوں کے خلاف کر رہے ہیں ۔اب ایک المیے میں ڈھل چکا ہے اور شاید اس میں ابھی اور اضافہ ہو۔[پاکستان میں ہونے والے ہلاکت خیز حملوں کی تاریخ وار فہرست ملاحظہ کرنے کے لیے دیکھیے اس کتاب کا ضمیمہ نمبر4]۔تشدد کے یہ واقعات پاک بھارت بحران کا باعث نہیں بنے۔بلکہ حقیقت یہ ہے کہ خراب اندرونی صورت حال کے باعث جس میں پاکستانی سکیورٹی ایجنسیوں کو عسکریت پسند گروہوں سے نمٹنا پڑ رہا ہے ،

پاکستان کی فوج کی کوشش ہے کہ بھارت کے ساتھ گریز کی پالیسی اختیار کی جائے، بجائے اس کے کہ بھارت کے فوجی ردعمل کو جنگی حوالوں سے ابھارا جائے۔

یہ حقیقت بھی عیاں ہے کہ وہ گروہ جن کی پاکستان کی فوجی انتظامیہ سے گاڑھی چھنتی ہے انہوں نے وسیع پیمانے پر ہونے والے ہلاکت خیز حملوں کے حوالے سے پاکستان کو بھارت سے کہیں زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔ ہر بحران کے بعد بھارت فورا ابھرا ہے اور اس کی معیشت کی شرح نمو میں بہتری آئی ہے۔ اس کے برعکس پاکستان ہر ہلاکت خیز حملے کے ساتھ اور نیچے گیا ہے اور اس کی معیشت بھی کمزور ہوئی ہے۔ نہ صرف معیشت بلکہ پاکستان میں سیاسی سطح پر بھی ابتری پھیلی ہے۔ ہر بڑے ہلاکت خیز حملے کے بعد جو پاکستانی شہریوں کی جانب سے بھارت کی زمین پر ہوئے اور بحران کا باعث بنے ، بھارت اور امریکہ کے آپسی تعلقات، بشمول باہمی فوجی تعلقات میں بہتری آئی ہے جبکہ پاکستان کے ساتھ تعلقات خراب ہوئے ہیں۔ انہی وجوہ کی بنا پر ان ہلاکت خیز حملوں کے جواب میں بھارت نے پاکستان کو سزا دینے کے لیے کوئی کارروائی نہیں کی، اگر یہ مفادات نہ مل رہے ہوتے تو شاید صورت حال مختلف ہوتی۔

برصغیر میں تشدد کا ایک اور ماخذ وہ بھارتی ہندو انتہا پسند گروہ ہیں جو پاک بھارت تعلقات کو معمول پر لانے کی کوششوں کو گمراہ کرنے کے خواہش مند ہیں یا جو پاکستانی خفیہ ایجنسیوں کے ساتھ لنکس رکھنے والے گروہوں کے حملوں کا 'بدلہ' وہاں کے مسلمانوں سے لیتے ہیں۔ سمجھوتہ ایکسپریس پر بم حملوں جیسے ہندو انتہا پسند گروہوں کے حملے دوبارہ بھی ہو سکتے ہیں[66]۔ یہ حملے عموما بھارتی سرزمین پر ہوتے ہیں، نہ کہ پاکستانی علاقوں میں۔ ماضی میں اس طرح کے حملے طویل باہمی تعلقات کے انقطاع کا باعث نہیں بنے اور نہ ہی ان سے کوئی جنگی صورت حال پیدا ہوئی۔ لیکن اگر مستقبل میں ہندو انتہا پسندوں کی جانب سے اس طرح کے مزید حملے یا پاکستانی علاقوں میں ایسے حملے ہوتے ہیں تو صورت حال مختلف شکل اختیار کرے گی۔

ایک اور پیچیدہ عامل جو فوجی گرما گرمی کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے موجود ہے وہ ہے بھارت میں ہونے والے مسلمانوں پر حملے..... یہ حملے بھارتی قومی سطح کے یا ریاستی سطح کے لیڈروں کے اشتعال انگیز فیصلوں یا افعال کی وجہ سے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ مثال کے لیے

دیکھیے 1992 میں ایودھیا میں بابری مسجد کی تباہی یا 2002 میں گودھرا میں ہونے والے فسادات[67]۔ مستقبل میں بھارتی مسلمان بھی اگر ہندوؤں کے خلاف اس طرح کے حملے کرتے ہیں تو ایسے حادثات وقوع پذیر ہو سکتے ہیں۔ ایسے حملے، ہوسکتا ہے کہ پاکستان کے تعاون کے بغیر ہی ہوں یا پھر یہاں سے کچھ عناصر ان کی سرپرستی کریں۔ بھارتی حکام کو ایسی کسی صورت احوال کے حوالے سے بھی ہوشیار رہنا ہوگا اور اگر کراس بارڈر حملے ہوتے ہیں تو بھارت کو جوابی کارروائی یا بدلے کی طرف راغب ہونے سے پہلے ایسے عناصر کی مکمل چھان بین کر کے انہیں عوام کے سامنے لانا چاہیے۔ بھارت کے سیکولر ڈھانچے یا پاکستانی ساخت میں اگر کسی قسم کی کوئی مزید خراش آتی ہے تو جنگی نوعیت کے حوالے سے غیر یقینی صورت حال دوبارہ بھی پیدا ہوسکتی ہے۔اسی طرح ہلاکت خیز حملوں کے مرتکبین کی شناخت کے حوالے سے غیر یقینی کا پہلو بھی اہم ہے جیسا کہ 2011 میں ممبئی حملو ں میں ہوا کہ اس دوران فیصلہ سازوں کو وقت مل جاتا ہے اور یہ اضافی وقت کرائسس مینجمنٹ کا اہم ترین پہلو ہے۔

بھارت یا پاکستان کے حساس مقامات پر کنٹرول کو کمزور کرنے کے لیے خفیہ آپریشنز کا آپشن استعمال کرنا بھی جنگی صورت حال کا باعث بن سکتا ہے۔ دونوں ملک اس حوالے سے بھی لمبی تاریخ رکھتے ہیں۔ خاص طور پر بھارت کا کیس اس معاملے میں کافی مضبوط ہے، کیونکہ گذشتہ 25 سال میں پاکستان کی سکیورٹی انتظامیہ کی طرف سے بھرپور کوششیں کی گئی ہیں کہ مسلم اکثریت کے بھارتی علاقے ریاست جموں و کشمیر میں بھارتی کنٹرول کو کمزور کیا جاسکے۔ کشمیر کے حوالے سے پاکستان کے اشتعال انگیز اقدامات کے حوالے سے نئی دلی کی اتحادی حکومتوں کی اکثریت کا مشورہ یہی رہا ہے کہ پاکستان کے ان اقدامات پر بھڑکنے اور فوجی اقدامات کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔اس کی بجائے ان حکومتوں کا طرز عمل یہ رہا ہے کہ خطرات بڑھانے کی بجائے کشمیر میں بغاوت اور تشدد کو علاقائی سطح پر قابو میں رکھا جائے۔حقیقت یہ ہے کہ جنگی صورت حال کو ہمیشہ راولپنڈی کی جانب سے پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی رہی ہے۔ کشمیر میں دس سال تک بالواسطہ تشدد کو فروغ دینے کی کوششوں کے باوجود جب اسلام آباد نے دیکھا کہ کشمیر پر بھارت کی گرفت ڈھیلی نہیں ہوئی تو اس قضیے کے براہ راست حل کے لیے کارگل کی چوٹیوں پر محاذ سجایا گیا۔ یہ خطرناک جوا جو کشمیر کے مسئلے کو

بین الاقوامی بنانے اور سفارت کاری میں برتر پوزیشن کے حصول کے حوالے سے کھیلا گیا، یہ بھی پاکستان کو الٹا پڑا کیونکہ اس اشتعال انگیزی کے باوجود نئی دلی نے ایک بار پھر فوجی گرما گرمی سے گریز کی پالیسی اختیار کی۔

جب نائن الیون کے امریکی سرزمین پر حملے کے بعد افغانستان کا مغربی بارڈر گرم ہو گیا تو پاکستان کی فوج اور سکیورٹی انتظامیہ کا فوکس مشرق سے ہٹ گیا۔ کشمیر کو تقسیم کرنے والی لائن آف کنٹرول پر سکون ہو گئی اور غیر روایتی حملوں کا رخ بھی بھارت کی بجائے کسی اور جانب ہو گیا۔ کشمیر میں مقامی سطح پر بھارتی طرز حکومت کے خلاف عدم اطمینان کے باوجود اس بے چینی کی فضا کو جنگی حدوں تک نہ لے جانے کی بھارتی کوشش جاری رہی تا کہ یہ مسئلہ بین الاقوامی سطح کا مسئلہ نہ بن سکے جبکہ دوسری طرف پاکستان کی پالیسی یہ رہی کہ دو محاذوں کو بیک وقت گرم نہ کیا جائے۔ کشمیر کے حوالے سے گریز کی یہ پالیسی کسی وقت بھی تبدیل ہو سکتی ہے کیونکہ پاکستان اور افغانستان میں بہت سی تبدیلیاں وقوع پذیر ہو رہی ہیں۔ پاکستان میں کئی عناصر ہیں جو کشمیر کے محاذ کو دوبارہ گرم کر سکتے ہیں، اسی طرح بھارت بھی بلوچستان یا کمزور پاکستان کے دوسرے کسی علاقے میں اس قسم کی کارروائی کر سکتا ہے۔ اسی طرح یہ بھی امکان ہے کہ شاید دونوں ملکوں کی حساسیتیں دونوں کو گریز کی پالیسی اختیار کیے رکھنے پر مجبور رکھیں۔

ایک تفصیلی تجزیہ برصغیر میں عدم استحکام اور تشدد کی کئی حوالوں سے تفہیم میں مددگار ہو سکتا ہے مگر تمام حوالوں سے نہیں.....تاہم اگر مستقبل کے حوالے سے پیش بینی کی جائے تو ایک عنصر ایسا ہے جو بڑے پیمانے پر فوجی سرگرمی کو انگیخت کر سکتا ہے اور وہ ہے بھارتی سرزمین پر ہونے والے ایسے بڑے پیمانے کے ہلاکت خیز حملے جس میں پاکستانی شہری ملوث ہوں۔ جوہری خطرے کے حامل گذشتہ بحران اس وقت وقوع پذیر ہوئے جب ہلاکت خیز حملے ہوئے جو پاکستانی اور بھارتی افواج کو جنگی تیاریوں کے حوالے سے الرٹ حالت میں لے آئے۔ یا پھر یہ اس وقت ہوا جب پاکستان میں ایک محدود فیصلہ ساز گروپ کی جانب سے کشمیر کی بھارتی جانب کے اہم علاقوں پر قبضے کی منصوبہ بندی کی گئی تا کہ پاکستان مذاکراتی عمل سے موافق نتائج حاصل کرنے کے لیے برتر پوزیشن میں آ جائے۔ اس طرح کا منظر نامہ بننا اب محال لگتا ہے۔ اگرچہ بھارتی لیڈروں کی جانب سے کچھ غلطیاں اب بھی

دہرائی جارہی ہیں مگر مجموعی طور پر وہ یہ سمجھنے لگے ہیں کہ بھرپور فوجی قوت کے استعمال سے کوئی زیادہ فوائد حاصل نہیں کیے جاسکتے۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ فوجی موبلائزیشن، جیسا کہ براس ٹیک یا جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دور میں ہوئی اس سے جوابی فوجی موبلائزیشن کے عمل کو انگیخت ملے گی۔

پاکستانی فوجی قیادت اب بھی اپنی غلطیاں دہرانے کی صلاحیت تو رکھتی ہے تاہم وہ اتنی بے وقوف نہیں ہے کہ کارگل کی طرح کی کوئی اور ناکام مہم جو کا سوچے۔ اس طرح کی مہم جوئی اسلام آباد کو اور تنہا کردے گی اور متعدد شدید سیاسی، معاشی اور فوجی نقصانات کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے[68]۔ اب اگر کوئی فوجی اقدامات ہوتے ہیں تو اس کی وجہ ہلاکت خیز حملے ہوں گے جن کے جواب میں بھارتی افواج پاکستانی علاقوں پر قبضہ یا کسی اور قسم کی تادیبی کارروائی کرسکتی ہے۔ اگر ایسا کوئی منظر نامہ وجود میں آتا ہے، تو یہ بھی کارگل اور جڑواں چوٹیوں کے بحران سے کم خطرناک نہیں ہوگا اور اس صورت میں بھی امریکی کرائسس منیجرز کو موبلائز ہونا پڑے گا۔

بحرانوں میں اعتمادسازی کے اقدامات کا کردار

پاکستان اور بھارت کے درمیان شدید نوعیت کے بحران کے دو قابل پیشگوئی نتائج سامنے آسکتے ہیں۔اولا باہمی اعتماد سازی کے اقدامات اور جوہری خطرات کم کرنے کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کا خاتمہ اور دوم فوجی سرگرمی کو محدود رکھنے کے لیے امریکی اعلی عہدیداروں کا حرکت میں آنا۔ جیسا کہ پی آر شیری کا تجزیہ ہے:

''اگرچہ پاکستان اور بھارت کی فوجی انتظامیہ کے مابین 'ہاٹ لائن' موجود ہے، مگر براس ٹیک بحران کے کئی ہفتہ قبل یہ غیر فعال کر دی گئی تھی اور یوں تناؤ میں کمی کے حوالے سے ان کا کوئی کردار نہیں رہا تھا۔ یہ مان لینا قرین قیاس ہے کہ عدم اعتماد کی فضا میں ان کا کارگر رہ پانا مشکل ہوتا ہے۔نتیجہ یہ نکلا کہ بھارت اور پاکستان کی سیاسی اور فوجی قیادت میں کمیونی کیشن کی کمی آئی جو بحرانوں کے شدید ہونے میں اہم کردار کی حامل رہی جو ان سالوں کے درمیان ابھرے''[69]۔

بحرانوں کے بعد ہاٹ لائنز دوبارہ قائم ہوتی ہیں یا پھر ان کے کردار کا دوبارہ تعین کیا جاتا

ہے۔ مثال کے طور پر 1990 کے بحران کے بعد وزیراعظم چندر شیکھر اور نواز شریف مالی میں ہونے والے سارک سمٹ میں ملے جہاں ان کے مابین ڈائریکٹ ہاٹ لائن اور فارن سیکرٹریز اور ڈائریکٹرز ملٹری آپریشنز کے درمیان ہاٹ لائنز کے قیام پر اتفاق ہوا[70]۔ اس مکینزم کو مزید وسعت بھی دی گئی مگر یہ اقدامات بحران پیدا ہونے یا مسائل حل کرنے کے حوالے سے ناکام رہے۔

اعتماد سازی کے اقدامات (سی بی ایمز) اور جوہری خطرات میں کمی کے اقدامات (این آر آر ایمز) کے حمایتی اپنے سیاسی اور قومی سکیورٹی ایجنڈے کو مدنظر رکھتے ہوئے ان میں تبدیلی کرتے ہیں[71]۔ جب قومی لیڈر باہمی تعلقات کو نارمل کرنے کی خواہش کرتے ہیں یا سکیورٹی خدشات کو مدہم کرنا چاہتے ہیں، وہ ان اقدامات کے حوالے سے اس انتظام کو اشارہ دے دیتے ہیں۔ پیش رفت کے حوالے سے ٹھوس ارادے نہ ہونے کی صورت میں نئے سی بی ایمز اور این آر آر ایمز مذاکرات میں مفید ثابت نہیں ہو سکتے بلکہ پہلے سے ہوئی پیش رفت کو بھی ماند کر دیتے ہیں۔ اسی طرح جب اچھے تعلقات کی خواہش خطرناک فوجی مشقوں کی وجہ سے شارٹ سرکٹ ہوتی ہے تو یہ اقدامات بحران سے بچنے اور جنگی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے ناکافی ثابت ہوتے ہیں۔ کے سبرمنیم لکھتے ہیں: ''اس صورت حال میں اگر ہاٹ لائن قائم بھی ہوتی ہے تو اس طرح کی کمیونی کیشن کو کتنا قابل اعتماد گردانا جا سکتا ہے''[72]۔

راجہ مینن اس حوالے سے دلیل دیتے ہیں ''سی بی ایمز کے حوالے سے بہت کم محنت ہوتی ہے، زیادہ زور صرف سفارتی بیان بازی پر ہوتا ہے''[73]۔ یہ بیان شاید مبالغہ آمیز ہے۔ شدید بحرانوں میں کچھ سی بی ایمز معیار پر پورا اترتے ہیں (جیسا کہ جوہری صلاحیتوں کے حوالے سے سالانہ نوٹیفکیشن یا بیلسٹک میزائل کے تجربے سے قبل معلومات دینا) جبکہ کچھ اقدامات کو پس پشت ڈال دیا جاتا ہے جیسے ہاٹ لائنز کا استعمال۔ تاہم اس حوالے سے مینن کی دلیل کو لیں تو وہ بالکل ٹھیک کہتا ہے کہ پاکستان اور بھارت کی اعلیٰ قیادت کی ان سی بی ایمز کے حوالے سے مدد یا تو جزوی رہی ہے یا پھر کبھی کبھار ہی وہ اس حوالے سے سنجیدہ ہوتے ہیں۔ متضاد سہی مگر قابل تفہیم ہے کہ سی بی ایمز کے حوالے سے اوپر سے نیچے تک حقیقی لہریں بحران کے دور کے خاتمے پر پیدا ہوتی ہیں مگر پھر اس عدم اعتماد کے باعث جو بحران

کے عرصے میں پنپ چکا ہوتا ہے بتدریج یہ لہریں کمزور پڑ جاتی ہیں۔

اس حوالے سے ایک اہم رکاوٹ دونوں ملکوں کے ساختیاتی ڈھانچوں کا فرق بھی ہے، بھارت میں طاقت سویلین حکام کے ہاتھوں میں ہے جبکہ پاکستان میں طاقت کا منبع فوجی انتظامیہ ہے۔ بھارتی وزیراعظم اور پاکستانی آرمی چیف کے درمیان براہ راست ابلاغ شاذ ہی ہوتا ہے سوائے ان دنوں کے جب پاکستان میں اقتدار پر آرمی چیف متمکن ہو۔ معاملات میں مزید بگاڑ کی ایک وجہ پاکستان میں سول ملٹری تعلقات کی نوعیت بھی ہے، جو بھارت اور امریکی انتظامیہ کے لیے مشکل کھڑی کر دیتی ہے کہ وہ بحران کو کیسے حل کریں، اس کی واضح مثال کارگل کا بحران ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم واجپائی نے پاکستانی وزیراعظم کے لیے جگہ پیدا کی اور یہ کہہ کر فوجوں کو واپس بلانے کا کہا کہ اس فیصلہ سازی میں وہ شریک نہیں تھے۔ اگر یہ حقیقت ہے جیسا کہ علائم بتاتے ہیں، تو پھر یہ بھی حقیقت تھی کہ فوجوں کی واپسی کا فیصلہ بھی نواز شریف فوجی حکام کی منظوری کے بغیر نہیں کر سکتے تھے۔ نتیجہ اس کا یہ نکلا کہ دونوں وزرائے اعظم نے بیک چینل ڈپلومیسی کا جو راستہ نکالا تھا اس کی کامیابی کے مواقع محدود تر ہوگئے[74]۔ 1990 اور جڑواں چوٹیوں کے بحران کے حوالے سے دیکھیں تو پاکستانی اور بھارتی لیڈروں کے درمیان بیک چینل ڈپلومیسی کے بہت کم شواہد موجود ہیں۔

شدید بحرانوں میں پاکستان اور بھارت اور پاکستان کے اندر تقسیم موجود رہی ہے۔ یہ تقسیم اتنی وسیع اور ناقابل عبور ہے کہ سی بی ایمز اور این آر آر ایمز اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکے۔ صرف تکنیکی اور علامتی اقدامات، مسلسل، بھرپور اور طاقتور فریقوں کی منظوری کے ساتھ کیے گئے اقدامات کا متبادل نہیں ہو سکتے۔ کامیابی کے لیے ان عناصر کی عدم موجودگی شدید بحرانی ادوار میں ان سی بی ایمز کو عضو معطل بنا دیتی ہے۔ مثال کے طور پر بحرانوں میں ہاٹ لائنز کو غیر فعال کر دیا جاتا ہے جبکہ بیلسٹک میزائلوں کے تجربے اور اڑان کے لیے پیشگی نوٹس بھیجنے کے سلسلے کو جاری رکھا جاتا ہے۔ یہ صورت حال اعلیٰ سطحی تبادلوں اور باہمی مفادات یا غیر ارادی فوجی گہما گہمی سے بچنے کی توقعات کو کم کر دیتی ہے۔ انہی حالات کی وجہ سے پاکستان اور بھارت کے لیڈروں کے لیے مشکل ہو جاتا ہے کہ وہ براہ راست کرائسس منیجمنٹ کے عمل سے گزریں۔ بلکہ اس کی بجائے وہ واشنگٹن کی طرف دیکھتے ہیں جو 1990، کارگل، جڑواں چوٹیوں اور ممبئی بحران کے دوران اہم ترین کرائسس منیجر تھا۔

MashalBooks.org

امریکی کرائسس مینجمنٹ

براس ٹیک بحران کے بعد پاکستان اور بھارت کے درمیان جو چار بحران پیدا ہوئے ان میں امریکی انتظامیہ کا جو کردار تھا اسے 'جنوبی ایشیا کے لیے پس پردہ' کرائسس منیجمنٹ کا نام دیا جا سکتا ہے۔پس پردہ رہ کر ادا کیا جانے والا یہ کردار اس مفروضے پر قائم ہے کہ کہیں بھارت ایک بار پھر ان دہشت گرد گروپوں کے بہکاوے میں نہ آجائے جو پاکستان سے تعلق رکھتے ہیں۔ پاک بھارت بحرانوں کی تاریخ دیکھیں تو ان میں کچھ مشترک نکات بھی نظر آتے ہیں اور کچھ اختلافی بھی۔امریکی کرائسس منیجمنٹ کے فیصلہ ساز ایڈہاک بنیادوں پر نئی اور تازہ ترین پیش رفتوں کو ملحوظ رکھ کر آگے بڑھتے ہیں یا ان کے سامنے وہ اقدامات ہوتے ہیں جو ماضی کے بحرانوں میں جنگی صورت حال سے بچنے کے لیے اختیار کیے گئے تھے۔ واشنگٹن کی فیصلہ ساز قوتیں چند ہی سینئیر امریکی اہلکاروں کے ایک حلقے پر مشتمل ہیں ۔ ان کا تعلق سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ سے ہوتا ہے جبکہ سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ انحصار کرتا ہے ان رپورٹوں اور تخمینوں پر جو امریکی سفارتخانے انہیں روانہ کرتے ہیں۔انہی سفارت خانوں کے ذریعے ہی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ ، وائٹ ہاؤس اور پینٹا گون کے پیغامات آگے روانہ کیے جاتے ہیں۔ واشنگٹن کے اس پس پردہ کردار کی کامیابی اور موثریت کا انحصار اس نتیجے پر ہوتا ہے جو بھارتی حکومت کا مطمع نظر ہوتا ہے یا وہ کونسی شرائط ہوتی ہیں جنہیں بھارت قبول کرتا ہے۔

بھارتی اہم اہداف پر جو بڑے ہلاکت خیز حملے ہوئے ، ان میں واشنگٹن کا فوری مقصد یہ ہوتا تھا کہ حملہ آوروں کی نشاندہی حوالے سے احتیاط برتی جائے اور اس حوالے سے وقت صرف کیا جائے،نئی دلی کے متحمل مزاج لوگوں کو آگے لایا جائے، پاکستانی حکام کو راغب کیا جائے کہ وہ ذمہ داری قبول کریں کہ حملہ آوروں کا تعلق انہی کی سرزمین سے تھا اور پاکستان کو ترغیب دی جائے کہ وہ فوجی سرگرمیوں کو جنگی حوالوں سے محدود رکھے۔ایسے حملوں میں فریق متاثرہ یعنی بھارت کا میڈیا اور عوام بھرپور اور مشتعل ردعمل دیتا ہے۔ دوسری چیز یہ کہ ان حملوں کے پیچھے کارفرما ارادے بھی واضح نہیں ہوتے۔گذشتہ بحرانوں کے دوران بھارتی فوج کے منصوبے دو محاذوں پر فل سکیل فوجی نقل وحرکت پر اپنی بنیاد رکھتے تھے ، جیسا کہ

پاکستان کے ساتھ پچھلی جنگوں کے دوران ہوئی۔ اس مکمل فوجی نقل وحرکت اور فوج کی موبلائزیشن کے لیے تین ہفتے کا عرصہ درکار ہوتا ہے۔ جس دوران امریکی حکام کو موقع مل جاتا ہے کہ وہ زمینی حقائق کا اندازہ لگا لیں، دونوں ممالک کے عزائم سے آگاہی حاصل کر لیں اور اس دوران جب نئی دلی فوجی اور جنگی مصروفیات میں الجھا ہو سفارتی حل ڈھونڈے جائیں۔

اس وقفے کے دوران امریکی صدور کی جانب سے پاکستانی اور بھارتی لیڈروں کو پیغامات بھیجنے کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ پیغامات عموماً سینئیر امریکی حکام لے کر آتے ہیں جن میں سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے سینئر اہلکار، سیکرٹری یا ڈپٹی سیکرٹری آف ڈیفنس، یا چیئرمین آف جوائنٹس چیفس آف سٹاف، یا نیشنل سکیورٹی ایڈوائزر یا پاکستان اور بھارت میں متعین امریکی سفیر شامل ہوتے ہیں۔ امریکی کرائسس منیجمنٹ کا اہم ترین پہلو یہی پیغامات کا تبادلہ اور سینئیر امریکی اہلکاروں کا خطے کا دورہ ہوتا ہے۔ اس کا دوسرا اور اہم پہلو اہم ملکوں کی اہم شخصیات سے رابطے بڑھانا اور اس کے علاوہ یورپی یونین اور اقوام متحدہ کے اعلی عہدیداروں کو متحرک کرنا ہوتا ہے۔

بحران کی شدت کا اندازہ لگانے کا ایک معیار یہ ہے کہ کتنے ملکوں کے ڈپلومیٹ تناؤ کی شدت میں کمی لانے کے حوالے سے سرگرم ہوئے۔ 1990 کے بحران کے دوران ڈپٹی نیشنل سکیورٹی ایڈوائزر رابرٹ گیٹس اور نیشنل سکیورٹی سٹاف کے رچرڈ ہاس کی زیر قیادت امریکی وفد جنگی اقدامات میں تخفیف اور اعتماد سازی کے حوالے سے تجاویز لے کر آیا جو اس طرح کے بحرانوں کے تحفظ میں مددگار ثابت ہو سکتے تھے۔ گیٹس اور ہاس اس وقت یہاں پہنچے جب بحران اپنے نقطہ عروج سے نیچے آ چکا تھا مگر یہ حقیقت اپنی جگہ کہ ان کی کوششوں سے دونوں فریق تنازع سے کچھ مزید دور ہو گئے[75]۔ کارگل بحران کے دوران نمایاں بیرونی شخصیات کے دورے بہت کم رہے مگر صدر بل کلنٹن، ان کے سینئیر مشیروں اور دیگر غیر ملکی لیڈروں کے پاکستانی اور بھارتی لیڈروں کے ساتھ رابطوں میں کوئی کمی نہیں تھی۔ جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دوران اہم موقعوں پر سیکرٹری آف سٹیٹ کالن پاول، ڈپٹی سیکرٹری آف سٹیٹ رچرڈ آرمیٹج، اسسٹنٹ سیکرٹری آف سٹیٹ کرسٹینا روکا اور ڈیفنس سیکرٹری ڈونلڈ رمز فیلڈ نے نئی دلی اور اسلام آباد کے دورے کیے۔ ممبئی حملوں کے بعد سیکرٹری آف سٹیٹ

کنڈولیزا رائس، ڈپٹی سیکرٹری آف سٹیٹ جان نیگرو پونٹے ، اسسٹنٹ سیکرٹری آف سٹیٹ رچرڈ بچر اور چیئرمین آف دی جوائنٹ چیفس آف سٹاف مائک مولن نے خطے کے دورے کیے۔

امریکی کرائسس مینجمنٹ کا ایک اور طرہ امتیاز غیر ملکی اہم شخصیات کے واشنگٹن کی تجاویز کو پراثر بنانے کے لیے دورے ہیں۔ جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دوران جن شخصیات نے خطے کے دورے کیے ان میں برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر (جنوری2002)، اسرائیلی وزیرخارجہ شمعون پیریز(جنوری2002)، چینی وزیراعظم ژورانگجی (جنوری2002)، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کوفی عنان(جنوری2002)، روسی نائب وزیر اعظم Ilya Klebanov(فروری2002)، روسی وزیرخارجہ ایگور ایوانوف(فروری2002)، چینی وزیرخارجہ Tang Jiaxuan(مئی، جون اور جولائی2002)، چینی صدر ژیانگ ژمن(جو جون2002 میں قازقستان میں بھارتی اور پاکستانی لیڈروں سے ملے) اور روسی صدر ولادی میر پوٹن(جون2002) شامل تھے۔

غیر ملکی اہم شخصیات کے دوروں کو اگر بحران کی شدت کا معیار تصور کر لیا جائے تو2008 کے ممبئی حملوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والا جنگی بحران جڑواں چوٹیوں کے بحران سے کہیں کم رہا۔ممبئی حملوں کے فوراً بعد جن غیر ملکی اہم شخصیات نے پاکستان اور بھارت کے دورے کیے ان میں برطانوی وزیراعظم گورڈن براؤن(دسمبر2008)، چینی نائب وزیر خارجہ He Yafei(دسمبر2008 تا جنوری2009)، برطانوی وزیر خارجہ ڈیوڈ ملی بینڈ(جنوری2009)، یورپی یونین کے ہاویے سولانا(جولائی2009)اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بان کی مون(فروری2009)شامل تھے۔تاہم بیرونی اہم شخصیات کے یہ دورے بطور بحران کی شدت کے اشاریے فریب دینے کا سبب بھی ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر کارگل کا بحران جو جنگی حوالوں سے بہت زیادہ امکانات کا حامل تھا اس میں جڑواں چوٹیوں کے بحران کے مقابلے میں بیرونی شخصیات کے بہت کم دورے ہوئے۔کارگل بحران کے دوران بیرونی شخصیات کے کم دوروں کی ایک جزوی وضاحت یہ ہوسکتی ہے کہ پاکستان اور بھارت نے بہت جلدی بحران سے محدود پیمانے کی جنگ کی طرف پیش قدمی کر لی تھی۔دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ اس وقت بھارت اور پاکستان کے وزرائے اعظم کے مابین بیک چینل ڈپلومیسی کا

MashalBooks.org

دروازہ بھی کھلا تھا۔

ایک اہم اور قابل ذکر پہلو بحران کے دور میں چین کی جانب سے پیغامات بھیجنے کا عمل بھی ہے۔ کارگل اور جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دوران چین اور بیجنگ کے درمیان مکمل ہم آہنگی کلنٹن اور بش انتظامیہ کی حکمت عملی کا ایک اہم حصہ تھی۔ آرمی چیف پرویز مشرف اور وزیراعظم نواز شریف دونوں کارگل بحران کے دوران بیجنگ سے ٹھوس مفاد یا کم از کم سپورٹ کا ایک مضبوط اظہار حاصل کرنے چین گئے۔ مگر دونوں ہی وہاں سے مایوس لوٹے۔ جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دوران مشرف نے چین کے تین دورے کیے مگر اس بار بھی وہ انتباہی نصیحتیں لے کر ہی واپس لوٹے۔ چین پاکستان کا 'آزمایا ہوا دوست' ہوسکتا ہے مگر جب بھی برصغیر پر بحران کے سیاہ بادل چھائے تو جنگ سے گریز کے حوالے سے مشورہ دینے میں واشنگٹن اور بیجنگ شانہ بشانہ کھڑے دکھائی دیے۔[دیکھیے ضمیمہ نمبر 5، جس میں چین اور پاکستان کے درمیان بحران کے دور میں روابط کی تاریخ وار فہرست دی گئی ہے]۔

بحران کے دوران پاکستان کی توقعات کے حوالے سے چین کا نیم دلانہ ردعمل بہت کچھ بتاتا ہے۔ اس عرصے میں پاکستان کے نقطہ نظر اور چین کے نقطہ نظر میں مطابقت نہیں تھی، نہ ہی چین کی فوج اور خفیہ ایجنسیوں نے بھارت کو غیر متوازن کرنے کے لیے کسی قسم کی غیر روایتی مدد کرنا منتخب کیا۔ بلکہ اس کے برعکس کبھی کبھار محتاط پبلک پیغامات بھیجے گئے۔ اہم استثنائی صورت دسمبر 1996 میں اس وقت بنی جب چینی صدر نے پاکستانی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا، جس میں انہوں نے ''دونوں ملکوں کے مابین تنازعات کو حل کرنے کے لیے باقاعدہ طریقے سے اختلافی نکات کی بجائے مشترک نکات تلاش'' کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر چینی صدر نے کہا:

''ہمیں تنازعات کو وسیع تر تناظر میں دیکھنا چاہیے۔ مرکزی منظر نامے کو ذہن میں رکھتے ہوئے کوشش کرنی چاہیے کہ موجود مسائل کو منصفانہ بنیادوں پر حل کرنے کے لیے مشورے اور مذاکرات کا راستہ اختیار کریں۔ اگر فی الوقت بعض مسائل ایسے ہوں جن کے حل کی کوئی صورت نظر نہ آرہی ہو، تو انہیں وقتی طور پر نظر انداز کرنا چاہیے تاکہ اس سے نارمل تعلقات کی راہ میں مشکلات پیدا نہ ہوں''(76)۔

بیجنگ کی بھرپور معاونت کے باوجود امریکی کرائسس منیجمنٹ کے لیے جنوبی ایشیائی بحران

چیلنجنگ ثابت ہوئے ہیں، کیونکہ شدید بحرانوں میں جیسا کہ نیل جی اوک کہتا ہے:

''ٹامس شیلنگ کے الفاظ میں خطرے مول لینے کے حوالے سے پاکستان اور بھارت دونوں ہی مقابلہ بازی پر اتر آتے ہیں''(77)۔ جنگی صورت حال سے محفوظ رہنا اس وقت تو اور بھی مشکل ہوجاتا ہے جب بھارت اور پاکستان دونوں ہی اس ملٹری ڈاکٹران کی پیروی کرنا شروع کر دیتے ہیں کہ جارحانہ قدم اٹھائے جائیں۔خطرے مول لینے کے رویے سے بچنے کی واحد حکمت عملی یہ ہے کہ مستقبل میں بحران پیدا نہ ہوں، مگر اس امر کو یقینی بنانے کے لیے لازم ہوگا کہ عسکریت پسند گروہوں کو قابو میں رکھا جائے، جن کی بحران پیدا کرنے والی خصوصیت اور فہم کو پچھلے بحرانوں سے تقویت ملی ہے۔سٹیفن کوہن اور اس کے ساتھی مصنفین نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ ''واضح طور پر محسوس ہوتا ہے کہ سابقہ بحرانوں سے دونوں ملکوں کی فوجی اور سیاسی قیادت نے بہت کم سبق حاصل کیے ہیں''(78)۔ بھارت کے فوجی منصوبہ سازوں نے سابقہ بحرانوں سے جو بنیادی سبق حاصل کیا ہے وہ یہ ہے کہ اپنی سیاسی قیادت کو زیادہ اور تیز تر سٹرائیک آپشن مہیا کیے جائیں۔

پاکستان کے حوالے سے البتہ یہ واضح نہیں ہے کہ اس کی فوجی اور انٹیلی جنس ایجنسیوں نے سابقہ بحرانوں سے کیا اسباق حاصل کیے ہیں، تاہم ایک خامی جوان اداروں میں ہمیشہ موجود رہی ہے وہ یہ ہے کہ یہ قبل از بحران تخمینہ لگانے کے حوالے سے غلطیاں کرنے میں طرہ امتیاز رکھتے ہیں۔اگر راولپنڈی کو یہ احساس ہو جائے کہ بھارت کے ساتھ شدت پسندوں کے اکسانے پر جو بحران پیدا ہوئے ان میں زیادہ نقصان پاکستان کو ہی ہوا ہے تو وہ ان پیش بندی پر مبنی اقدامات کا تعاقب کرے گا جو بھارت کے ملٹری آپشنز کو محدود کریں۔مگر اس امر کے حوالے سے خاصے ٹھوس شکوک موجود ہیں کہ پاکستان کی سکیورٹی انتظامیہ اس حوالے سے پرعزم ہے یا اس کے پاس یہ صلاحیت ہو کہ وہ ان اسباق سے حاصل شدہ نتائج کی روشنی میں قدم اٹھائے(79)۔

سبق حاصل کرنے یا نہ کرنے کے بظاہر ملے جلے نتائج وہ مضبوط بنیادیں فراہم نہیں کرتے کہ جن کو دیکھ کر یہ سمجھ لیا جائے کہ مستقبل میں بحران پیدا نہیں ہوں گے(80)۔کانتی باجپائی نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ''مستقبل میں فوجی تنازعات پیدا ہونے کا ٹھوس امکان موجود ہی نہیں بلکہ امکان غالب ہے'' جب تک پاکستانی افواج اور اس کے خفیہ

ادارے اپنی ''رسک اور نتائج کے حوالے سے غلط تشریحات'' کے اسیر رہیں گے[81]۔
غلط تشریحات، غلط خدشات، غلط تصورات اور خطرے کے حوالے سے مبالغہ آرائی کے لیے خام مال پچھلے بحرانوں سے حاصل ہوتا ہے[82]۔ مثال کے طور پر جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دوران نئی دلی اور راولپنڈی نے حاصلات اور خطرات کے حوالے سے غلط تصور اپنائے۔ بھارت کی جانب سے فوجوں کی بڑے پیمانے پر موبلائزیشن مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں ناکام رہی اور یہ موبلائزیشن اتنی خطرناک اور مبہم تھی کہ بھارتی وزیراعظم کو اسے عملی جامہ پہنانے میں بہت مشکل کا سامنا کرنا پڑا۔ کارگل بحران کے دوران بھی غلط تصورات قائم کرنے میں دونوں ملکوں نے ساجھے داری نبھائی۔ کارگل بحران کے حوالے سے بھارت پیش بینی کرنے میں ناکام رہا جبکہ دوسری طرف پاکستان (جیسا کہ نیل جواک نے اشارہ کیا) میں سینئر فوجیوں کے ایک محدود حلقے نے ''ایک جارحانہ جنگ کی منصوبہ بندی کی جو ایک غلط مفروضے پر بنیاد رکھتی تھی، انہوں نے تاریخ کا نامکمل مطالعہ کیا اور اس حوالے سے بھی ان کے مفروضے غلط ثابت ہوئے کہ بھارت اس کے جواب میں کیا ردعمل دکھائے گا''[83]۔ پیٹر لیوی بھی کارگل میں تباہ کن فیصلہ سازی کے حوالے سے تقریباً اسی نتیجے پر پہنچا:

''کارگل کے منصوبہ سازوں نے فرض کر لیا تھا کہ بھارت ان اقدامات کے جواب میں، جنہیں وہ ترجیحی زمینی پوزیشن کے حصول کی ایک مقامی فوجی مہم جوئی سمجھ رہے تھے، کوئی ردعمل نہیں دکھائے گا اور اگر وہ کوئی ردعمل دے گا بھی تو اتحادیوں کے ساتھ ملکر دباؤ کے ذریعے اس ردعمل کو تحلیل کر دیں گے۔ یقیناً ان کا یہ مفروضہ غلط ثابت ہوا''[84]۔

اس بارے میں کوئی حتمی رائے قائم کرنا مشکل ہے کہ کب کسی بحران کا آغاز یا نتیجہ فریقین میں سے کسی ایک کے لیے حیران کن ثابت ہوجائے۔ اور غلط مفروضے قائم کرنے کے عمل سے بچنا اس صورت میں مشکل لگتا ہے جب پاکستان اور بھارت کے مابین خلیج اتنی وسیع ہو اور جب تقسیم برصغیر سے تاحال ان کی باہمی رنجشوں میں کوئی کمی نہ آئی ہو۔

پیٹر لیوی نے تجزیہ کر کے جو نتیجہ نکالا وہ یہ ہے کہ غلط مفروضے اور متضاد مفادات دونوں جوہری صلاحیتوں کی حامل ریاستوں کے مابین لڑائی کی وجہ بن سکتے ہیں' مگر اس صورت میں جب دونوں کے مفادات داؤ پر نہ لگے ہوں[85]''۔ تاہم غلط اقدامات اور بحران ثانوی

مفادات کو بھی وائٹل مفادات میں بدل دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر کارگل کے بحران میں بھارتی فوجیں اگر کارگل کی چوٹیاں واپس لینے میں ناکام رہتیں یا اگر پاکستان کی ہائی کمانڈ دخل اندازوں کو سپورٹ کرنے کا فیصلہ کر لیتی تو نئی دلی لازما مزید اور شدید قدم اٹھانے کا سوچتا اور یوں سٹیٹس کو بحال کرنے کا بھارت کا ثانوی مقصد وائٹل مفاد میں ڈھلتے کوئی دیر نہ لگتی۔

ڈیٹرنس کے نظریے کے حوالے سے رجائیت پسند کارگل بحران میں ایک محفوظ مقام کو تلاش کرتے ہیں۔ جیسا کہ سمیت گنگولی اور ڈیون ہیگرٹی کی دلیل ہے کہ ''اگر جوہری ہتھیار نہ ہوتے تو اولا تو پاکستان کارگل جیسی مہم جوئی کا خیال ذہن میں نہ لاتا، تاہم اگر یہ جوہری ہتھیار نہ ہوتے تو بھارت اس طرح پاکستان کی طرف سے لائن آف کنٹرول پامال کرنے کے عمل کے جواب میں جو تادیبی کارروائی کرتا وہ کئی گنا اور کہیں زیادہ شدید ہوتی''[86]۔ مگر کارگل معاملے کی وہ تفصیلات جن کی طرف کانتی باجپائی نے اشارہ کیا ہے انہیں دیکھیں تو اس کے برعکس نقشہ نظر آتا ہے: ''بھارت اس وقت مکمل طور پر فتح تک جنگ پر تلا ہوا تھا، چاہے اس کے لیے پوری فوجی طاقت استعمال کرنا پڑتی اور چاہے اس کے لیے پاکستان کی فضائی طاقت کے مقابلے میں بھارتی فضائیہ کو استعمال کرنا پڑتا''[87]۔ پیٹر لیوی کی کارگل کے حوالے سے کتاب Asymmetric Warfare in South Asia اور فیصلہ سازوں کے وہ انٹرویو جو ایس پال کپور نے لیے، وہ باجپائی کے نقطہ نظر کو زیادہ مضبوط ثابت کرتے ہیں[88]۔

اگر ان بحرانوں سے کوئی تعمیری سبق نہیں سیکھا گیا ہے تو لازمی سی بات ہے کہ بحران پھر بھی پیدا ہوگا۔ اب بھی بھارت میں کئی ایسے غیر محفوظ اہم اہداف موجود ہیں جن پر حملے کا خطرہ موجود ہے۔ پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں میں داخلی سکیورٹی کے ذمہ دار اداروں کی باقاعدہ ٹریننگ اور انہیں درست طور پر مسلح کرنے کے حوالے سے سستی اپنے عروج پر ہے۔ پاکستان کی ملٹری اور خفیہ ادارے اب بھی ملکی ساخت کے لیے موجود خطرات میں اندرونی ہاتھ تلاش کرنے کی بجائے 'بیرونی ہاتھ' ڈھونڈنے پر فوکس کیے ہوئے ہیں، وہ خطرات جنہیں اپنی پسند کے مطابق مخصوص انداز میں ڈیل کیا جاتا ہے۔ دونوں ملکوں میں موجود خودغرض اور ذاتی مفاد کے لیے سرگرم عناصر موجود ہیں جو باہمی تعلقات کے بہتری کے عمل کو ناقابل

اعتماد ہمسائے کا غیر مطلوب تحفہ سمجھتے ہیں۔ تعلقات کی بحالی کے لیے بھرپور اور مربوط کوششیں قسطوں میں ہورہی ہیں اور جب بھی اس حوالے سے کوئی پیش رفت ہوتی ہیں کوئی نہ کوئی حادثہ وقوع پذیر ہوکر ان کوششوں کو مجروح کر دیتا ہے۔ یہ تمام صورت حال ذہن میں رکھیں تو مستقبل میں برصغیر میں بحران کوئی اچنبھے کی بات معلوم نہیں ہوتی، ہاں البتہ آئندہ بحران کے خدوخال یقیناً مختلف ہوں گے۔

جیسا کہ سٹیفن کوہن اور شریک مصنفین اپنا خیال ظاہر کرتے ہیں کہ پاک بھارت گذشتہ بحران سنبھالے گئے ہیں، حل نہیں ہوئے۔ یہ بحران صرف اس وجہ سے ختم ہوئے کیونکہ دونوں ملکوں کی قیادت نے سوچا کہ ''اگر معاملات کو اور عروج کی طرف لے جایا گیا تو یہ خود اپنی ہی شکست کا باعث ہوں گے''[89]۔ یہ نتیجہ غیر مدلل نہیں ہے۔ جنگی صورت حال کے لیے بھی وہی وجوہات ہیں جو دوبارہ بحرانی صورت حال کے پیدا ہوجانے کی بارے میں دی جاسکتی ہیں..... کیونکہ غلط اندازے جب ایک بار بحران کا آغاز کر دیتے ہیں تو پھر رکتے نہیں بلکہ اور غلط اندازوں کو بڑھاوا دیتے ہیں۔ غیر ارادی جنگی صورت حال سے حفاظت کے لیے اعتدالیہ (Buffer) اس وقت موجود نہیں ہے۔ مثال کے طور پر دونوں ہی ملکوں کے درمیان بحرانی ادوار میں کمیونی کیشن ہوتا ہے نہ کسی قسم کی کوئی مشترکہ فوجی منصوبہ بندی[90]۔ ایک اور باعث تشویش امر جسکی طرف نیل جوآک اشارہ کرتا ہے وہ یہ ہے کہ ''بحران انسان میں فرار پسندی کے جذبات کو پیدا کرتا ہے اور انسانی ناکامیاں اچھی ججمنٹ کو نگل جایا کرتی ہیں''[91]۔

بحران اور کرائسس منیجمنٹ پر ایک اور عامل جو اثر انداز ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ حکومتوں کی ساخت کیسی ہے اور معاملات پر ان کا نقطہ نظر کیا ہے۔ ایک مضبوط حکومت ..... جیسے جڑواں چوٹیوں کے بحران اور ممبئی بحران کے دور میں بھارت میں تھی..... آسانی سے بحران کو جنگی جنون تک بھی لے جاسکتی ہے اور داخلی سیاسی انتشار کے نہ ہونے کی وجہ سے آسانی سے بحران کو ٹال بھی سکتی ہے۔ اسی طرح کمزور حکومت..... جیسا کہ 1990 کے بحران میں پاکستان اور بھارت میں تھیں یا جس طرح ممبئی بحران میں پاکستان میں تھی..... آسانی سے جنگی بھنور میں گرفتار ہوسکتی ہے۔ کمزور حکومتیں ایسے اقدامات بھی کرسکتی ہیں جو عداوت میں اضافہ کر دیں۔ دوسری طرف کمزور حکومتیں جنگی نوعیت کے بحران کو ٹالنے کا سبب بھی بن

جاتی ہیں (مثال کے طور پر پاکستان) اور تادیبی عمل کے حوالے سے غیر فیصلہ کن بھی رہتی ہیں۔

جنگی نوعیت کے بحرانوں میں حکومتی شخصیات کیا ردعمل دیتی ہیں اس کا انحصار کمزور یا طاقتور حکومتوں کی بجائے اس چیز پر ہوتا ہے کہ جنگ کے حوالے سے ان کے نفع اور نقصان کا تخمینہ کیا ہوتا ہے اور یہ کہ قومی لیڈروں کی اپنی شخصیت کس نوعیت کی ہے۔ وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی اور منموہن سنگھ ذاتی طور پر ہردلعزیز شخصیات تھے اور کارگل ، جڑواں چوٹیوں اور ممبئی بحران کے دوران بھارت میں طاقتور حکومتیں قائم تھیں۔ کیونکہ ان بحرانوں میں نئی دلی متاثرہ فریق تھا اس لیے اس بات کے امکان موجود تھے کہ وہ کوئی جوابی تادیبی کارروائی کرتے۔ مذکورہ بحرانوں کے دوران تحمل کی پالیسی اختیار کیے جانے کے حوالے سے کئی عوامل کارفرما تھے۔ یقیناً جوہری صلاحیتیں بھی ایک مضبوط عامل تھا، مگر ان دونوں وزرائے اعظم نے بیان بازی سے گریز کا فیصلہ کیا اور کوشش کی کہ ایسے اقدامات نہ کئے جائیں جو باہمی تعلقات کے حوالے سے بہتری کے تمام دروازے بند کر دیں۔

شخصیت اہم ہوتی ہے کیونکہ یہ ترجیحات کو طے کرتی ہے۔ بھارت کے جوہری توانائی کمیشن کے سربراہ وکرم سارابھائی کی طرح وزیراعظم لال بہادر شاستری اور مراجی ڈیسائی بھارت کے جوہری پروگرام کے حق میں نہیں تھے۔ مگر جوہری بم کے حوالے سے اس کے بعد آنے والے حکمرانوں کی یہ سوچ نہیں تھی[92]۔ دنیا کی اس سب سے بڑی جمہوریت میں فیصلہ سازی کے عمل میں صرف چند ہی لوگ شامل ہوتے ہیں، جیسا کہ وی آر راگھون خیال ظاہر کرتا ہے کہ بھارت میں بعد ازاں پالیسی سازی کے حوالے سے بڑی نمایاں تبدیلیاں آئیں اور ''فیصلے وزیراعظم کے دفتر میں موجود محدود لوگوں کے ایک گروپ کے اجماع سے ہونے لگے''[93]۔ شاید یہی وجہ ہے کہ کانتی باجپائی نے اپنی کتاب میں یہ نتیجہ پیش کیا کہ اگر مستقبل کی کوئی حکومت بی جے پی کے کسی زیادہ جارح مزاج شخص کی سرکردگی میں قائم ہوئی تو موجودہ کانگریسی لیڈر کے برعکس وہ پاکستان کے لیے بیان بازی، اور جوہری تجربات کے حوالے سے زیادہ شدید اپروچ کی حامل ہوگی[94]۔

پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں میں چیف آف آرمی سٹاف کے عہدوں پر جو فوجی افسر پہنچے وہ بھی حیران کن حد تک مختلف شخصیات تھے۔ ان میں سے تین نے جو خطرات مول لیے وہ

انتہائی سنگین بحران پر منتج ہوئے۔ ان میں سے ایک کے سندر جی تھے جو براس ٹیک میں ، مرزا اسلم بیگ جو 1990 کے بحران میں اور پرویز مشرف کارگل بحران میں اہم کردار ادا کرنے والے آرمی چیف رہے۔ جیسا کہ کے سبرامینیم نے لکھا ہے کہ ''جوہری ہتھیاروں کی فعال کمانڈ چیف آف آرمی سٹاف کے عہدے میں مرکوز ہے ، شاید اسی لیے پاکستان میں آرمی چیفس کی تبدیلی بھی اتنی ہی اہم ہوتی ہے جتنی سربراہان حکومتوں کی تبدیلی''(95) ۔بحران سے بچنے اور فوجی نقل وحرکت کے کنٹرول کے حوالے سے پاکستان کے چیف آف آرمی سٹاف کی شخصیت بھی ایک اہم عنصر ہے۔

ایک اہم نتیجہ جو سٹیفن فلپ کوہن اور ساتھی مصنفین نے نکالا وہ یہ ہے کہ جنوبی ایشیا کے ہر اگلے بحران میں امریکی کرائسس منیجرز کا کردار بڑھا ہے(96)۔ اس پیش رفت کے مستقبل کے بارے میں البتہ کوئی پیش گوئی نہیں کی جا سکتی۔ اگرچہ چین، روس، برطانیہ، اقوام متحدہ، یورپی یونین اور جاپان بھی کرائسس منیجمنٹ کے ڈرامے میں اہم معاون کردار ادا کرتے رہے ہیں مگر ان میں سے کسی کے بھی کنکشن اتنے زیادہ اور گہرے نہیں کہ وہ اس حوالے سے کوئی مرکزی کردار ادا کرتے۔ 1990 کے بحران سے ممبئی بحران تک یہ صرف امریکہ تھا جس نے ایماندار بروکر اور ناگزیر کرائسس منیجر کا کردار نبھایا ہے، اور یہ وہ عمل ہے جو آئندہ کے بحرانوں میں کرائسس منیجمنٹ کے مظہر کو مزید پیچیدہ کرے گا۔

امریکی کرائسس منیجمنٹ کی کوششوں پر تحدید کے حوالے سے ایک اہم عنصر وہ طریقے ہیں جو بحران سے قبل تناؤ کو تحلیل کرنے کے لیے اختیار کیے جاتے ہیں، جنہیں اب جاری رکھ پانا مشکل ہوگا یا جسے مشکوک سمجھا جائے گا۔ ماضی میں اگر امریکی خدمات کے حوالے سے دیکھیں تو جو اہم کردار اس نے ادا کیا وہ یہ تھا کہ وہ زمینی حقائق کی وضاحت کے ذریعے بین الاقوامی سطح پر پھیلے مبالغہ آمیز خطرے کے تخمینوں کو، خاص طور پر پاکستان کی طرف سے ، مدہم کرنے کے حوالے سے تھا۔ مثال کے طور پر 1990 کے بحران کے دوران امریکی ملٹری اتاشیوں کو پاکستان اور بھارت میں ان علاقوں کے دورے کی اجازت دی گئی جو ممکنہ میدان جنگ ہو سکتے تھے ، تاکہ وہ یہ تصدیق کر سکتے کہ وہاں جنگ کی تیاریاں نہیں ہو رہی تھیں۔

MashalBooks.org

اس مقصد کے لیے پاکستان میں امریکہ کا اتاشی امریکی فضائیہ کے ایک جنگی جہاز کو بھی استعما ل کرتا رہا۔ رپورٹوں کے مطابق اس کا مطلب یہ تھا کہ امریکہ کی ٹیکنالوجی بھی گذشتہ بحرانوں کے دوران استعمال ہوئی ہے اور مبالغہ آمیز اور غیر مطلوب خدشات کی شدت کو کم کرنے کے لیے معلومات کا تبادلہ بھی ہوا ہے(97)۔

اب امریکہ کے لیے یہ مشکل ہوتا جارہا ہے کہ وہ انٹیلی جنس تخمینوں کے حوالے سے ایماندار بروکر اور مخلص ثالث کے کردار کو مزید نبھا سکے ۔ ہر گزرتے بحران کے ساتھ پاک امریکہ تعلقات میں فاصلے جب کہ بھارت امریکہ تعلقات میں نمایاں پیش قدمی ہوئی ہے۔ پاکستانی علاقوں میں القاعدہ اور طالبان کے لیڈروں اور ان کے متعلقین کے تعاقب، ڈرون حملوں، پاکستان اور امریکہ کے خفیہ اداروں کے مابین پرخاش اور افغانستان کے مسئلے کے حل کے حوالے سے امریکی اور پاکستانی انتظامیہ کے اتاولے پن کی وجہ سے امریکہ کی پاکستان میں قبولیت میں اچھی خاصی کمی آئی ہے۔ان مظاہر کو جب بھارت کے ساتھ امریکہ کے فروغ پاتے تعلقات .....بشمول امریکہ بھارت سول نیوکلیر معاہدہ، ڈیفنس ٹیکنالوجی کا تبادلہ، ہتھیاروں کی فروخت اور مشترکہ فوجی مشقیں .....کے ساتھ ملا کر دیکھا جائے تو پاکستان کی نظر میں واشنگٹن اب دیانتدار بروکر کا مقام کھو چکا ہے۔علاوہ ازیں امریکہ کے حوالے سے پاکستان میں بڑھتی حساسیت کے باعث پاکستان بحرانوں کی تحلیل کے حوالے سے امریکی عملے اور ساز وسامان کے استعمال کی اجازت بھی بند کردے گا..... وہ اجازت جو امریکہ کو 1990 کے بحران کے دوران حاصل تھی۔

ممبئی بحران کے خاتمے کے لیے واشنگٹن کی جانب سے بالواسطہ ذرائع استعمال کیے گئے ، جیسا کہ ایف بی آئی کی فورینزک رپورٹیں اور اس طرح کی دیگر معاونتیں تاکہ ان حملوں کا پاکستان سے تعلق واضح کیا جا سکتا۔ اس طرح کے اقدامات جو نئی دلی کے لیے مددگار اور راولپنڈی اسلام آباد کے لیے تکلیف دہ ہوں مستقبل کے بحرانوں میں بھی اٹھائے جا سکتے ہیں۔ پاک امریکہ تعلقات میں آنے والی یہ ابتری آئندہ بحرانوں میں پاکستان کے لیے مشکل ثابت ہوسکتی ہے جب گذشتہ بحرانوں میں اہم ترین کرائسس منیجر کے کردار کو نبھانے والے اہم ترین عامل کو سیاسی طور پر قابل قبول یا خوش آمدید نہیں کہا جائے گا۔ایک اور اہم ترین سوال جو برصغیر کے آئندہ بحرانوں کے حوالے سے پیدا ہوتا ہے اور جس کا جواب دینا

مشکل ہے وہ یہ ہے کہ امریکہ بھارت کے بہتر تعلقات آئندہ بحران میں پاکستان کی فوجی اور انٹیلی جنس انتظامیہ کے لیے موجود چوائسز پر کیا اثر پڑے گا۔

امریکی کرائسس مینجمنٹ کے حوالے سے ایک اور پیچیدگی یہ بھی موجود ہے کہ نئی دلی شاید اب ان وعدوں کو قبول نہ کر سکے جو دوران بحران پاکستانی قیادت کی طرف سے کیے جاتے ہیں اور واشنگٹن کے ذریعے انہیں بھارتی قیادت تک پہنچایا جاتا ہے۔ ماضی کے بحرانوں کو ذہن میں لائیں تو یہ تمام وعدے عارضی نوعیت کے محسوس ہوتے ہیں، مثال کے طور پر جڑواں چوٹیوں کے بحران کے پہلے عروج کے دوران قومی ٹیلی ویژن پر آ کر صدر مشرف نے یہ عہد اور اعلان کیا کہ ''کشمیر کے نام پر کسی بھی تنظیم کو دہشت گردانہ کارروائیوں کی اجازت نہیں دی جائے گی''.....اسی بحران کے دوسرے عروج کے دور میں امریکی ڈپٹی سیکرٹری آف سٹیٹ رچرڈ آرمیٹج نے اسلام آباد کا دورہ کیا اور مشرف سے یہ عہد لیا کہ لائن آف کنٹرول سے 'مستقل طور پر' کراس بارڈر فلٹریشن کو ختم کیا جائے گا، اس کے بعد آرمیٹج بھارت گئے اور بھارتی قیادت کے سامنے پبلک میٹنگ کے دوران ان وعدوں کا ذکر کیا۔ ان دونوں وعدوں سے متعلق بھارتی اہلکار تشکیک کا شکار تھے تاہم انہوں نے ان وعدوں پر اعتماد کیا اور انہیں طویل، خطرناک اور غیر ارادی بحران کو ٹالنے کے لیے استعمال کیا(98)۔

یہ بتانا مشکل ہے کہ آیا آئندہ کسی بحران میں جو بھارتی اہداف پر بڑے ہلاکت خیز حملے کی صورت میں پیدا ہو سکتا ہے، اس طرح کے وعدوں کو قبول کیا جائے گا یا ایسے وعدوں کا مطالبہ بھی کیا جائے گا کہ نہیں۔ کیونکہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ان وعدوں کی ساکھ مجروح ہوئی ہے اور نہ ہی پاکستان کی جانب سے انہیں ایفا کیا گیا ہے۔ایک ہی چیز البتہ قابل بھروسہ اور تعمیری عزائم کی نقیب ہو سکتی ہے اور جس کا حصول مشکل ہے ..... وہ یہ کہ پاکستان داخلی طور پر ان تمام شدت پسند تنظیموں کے خلاف ایکشن لے جو بھارت میں جا کر اپنی کارروائیاں کرتی ہیں۔ اور پاکستان اور بھارت کی انٹیلی جنس ایجنسیوں کے مابین تعاون بڑھے..... ۔ان اقدامات کی عدم موجودگی میں، نئی دلی کے خطرے اور مفاد کے تخمینے سے شاید وہ نتیجہ سامنے نہ آئے جو پچھلے بحرانوں کو دوران سامنے آیا۔ایک اور اہم سوال جس کا اس وقت جواب دینا مشکل ہے کہ بھارت امریکہ کے تعلقات میں آنے والی بہتری بھارتی چوائسز پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے۔امریکہ کے حکومتی اہلکاروں کا ماننا ہے کہ ان تعلقات

کی وجہ سے ممبئی بحران پر قابو پانے میں بڑی مدد ملی تھی۔

نتیجہ

1991 میں ایک کتاب شائع ہوئی، مصنف تھے سٹیفن فلپ کوہن ، اس کتاب میں انہوں نے لکھا ''بھارت امن قائم نہیں کر سکتا اور پاکستان جنگ نہیں کر سکتا''(99)۔ اس مضمون میں بحرانوں کے جس سلسلے کا تجزیہ کیا گیا ہے وہ یہ بتاتا ہے کہ صورت حال سٹیفن کوہن کے بیان سے بھی کہیں زیادہ پیچیدہ ہے۔ یہ حقیقت اپنی جگہ پر کہ پاکستان میں کسی پارٹنر کی عدم موجودگی میں بھارت امن پیدا نہیں کر سکتا اور پاکستان میں اس طرح کا پارٹنر صرف اسی صورت میں موجود ہوسکتا ہے اگر راولپنڈی میں خطرات کا تجزیہ کرنے والے اپنے رویے میں نمایاں تبدیلیاں لے آئیں یا پاکستان میں سول ملٹری تعلقات بدل جائیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ روایتی جنگ لڑنے کے پاکستان کے آپشنز آہستہ آہستہ محدود ہوتے جارہے ہیں۔ تاہم اس کے علاوہ کچھ آپشن بہر حال موجود ہیں جو جنگی صورت حال پیدا کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔

پاکستان آرمی کی جانب سے1999 میں کشمیر میں سٹیٹس کو کو تبدیل کرنے کے حوالے سے کچھ پیش رفتیں ہوئیں، جسکا نتیجہ جنگ کی صورت میں نکلا اگرچہ یہ جنگ جوہری حد کے اندر رہی۔تشدد پسندوں کی جانب سے کیے جانے والے حملوں، جو گذشتہ دو دہائیوں سے برصغیر میں عام ہیں، نے2001-02 میں بھی ایک شدید بحران کی راہ ہموار کی تھی۔ یہ مضمون اس حوالے سے لکھا گیا کہ مستقبل میں بھی اس نوع کے بحرانوں کے امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا اگرچہ ممبئی بحران جنگی جنون تک نہیں پہنچ سکا تھا۔

اب جب بھی برصغیر میں کوئی شدید بحران جنم لے گا تو اس کی خاص بات یہ ہوگی کہ روایتی جنگی صلاحیتوں کی حوالے سے بھارت کی پوزیشن برتر ہوگی جبکہ جوہری توازن پاکستان کے حق میں ہوگا اور یوں ایک غیر مساوی صورت حال بن جائے گی۔ علاوہ ازیں پاکستان میں آگے جو سول حکومتیں قائم ہوں گی ان کی فوجی حکام اور انٹیلی جنس حکام کے فیصلوں پر رٹ بھی کافی کمزور ہوگی۔ آئندہ کی کسی ترغیب انگیز صورت حال میں بھارتی حکومت جوہری حد کے اندر کسی فوجی اقدام کا فیصلہ بھی کر سکتی ہے یا اس کے برعکس بھی۔ اگر جوابی فوجی

MashalBooks.org

اقدامات بھارت کی جانب سے ہوتے ہیں تو یہ پاکستان کی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کے لیے تکلیف دہ ہو سکتے ہیں یا یہ خطرناک فوجی اور سیاسی پیش رفتوں کی وجہ بھی بن سکتے ہیں۔ اس سارے منظر نامے میں بدترین صورت جوہری ہتھیاروں کا استعمال ہے،..... جو حادثاتی طور پر ہو، غلط تخمینوں کی بنیاد پر ہو، کمانڈ اور کنٹرول سسٹم پر قابو نہ رکھنے کی صورت میں ہو یا منصوبہ بندی کے ساتھ ہو.....جس کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اگرچہ ڈرامائی انداز اختیار کیا جاتا ہے مگر اس مفروضے کو بالکل رد بھی نہیں کیا جا سکتا۔

یقیناً آئندہ کسی بحران کی تحلیل کے حوالے سے واشنگٹن اپنا کردار ادا کرے گا مگر امریکی کرائسس منیجمنٹ کی کتاب کے کچھ صفحات یقیناً پھٹ چکے ہیں جو آئندہ بحرانوں میں موثر طور پر استعمال نہ ہو پائیں گے۔ ستمبر 2011 کے امریکی سرزمین پر ہونے والے حملوں اور اس کے فوری بعد ہونے والے جڑواں چوٹیوں کے بحران کے بعد دونوں ملکوں پاکستان اور بھارت کے حالات بھی بدلے ہیں اور دونوں ملکوں کے امریکہ کے ساتھ تعلقات میں بھی تبدیلی آئی ہے۔ امریکی کرائسس منیجمنٹ کی ان مختلف حالات میں موثریت کا تخمینہ لگانا مشکل محسوس ہوتا ہے۔ جو چیز یقین سے کہی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ برصغیر میں اب جو صورت حال بن چکی ہے وہ ڈیٹرنس کی بنیاد پر قائم مفروضے کے حوالے سے سازگار نہیں ہے۔ عدم استحکام کے پریشان کن ماخذ ابھی تک موجود ہیں بلکہ ان میں اضافہ ہو رہا ہے، خاص طور پر اس حوالے سے پاکستان کی داخلی کمزوریاں تو واضح ہیں۔ اب واشنگٹن کی کرائسس منیجمنٹ کی کوشش یہ ہوگی کہ کسی ناخوشگوار حادثے کے نتیجے میں بحرانی کیفیت کے پیدا نہ ہونے پر توجہ دی جائے۔ فوجی اقدامات کی روک تھام کے لیے پاکستان ہو بھارت ہو یا امریکہ.....کوئی ٹھوس اور طے شدہ اصول وضوابط بہر حال موجود نہیں ہیں۔

MashalBooks.org

ضمیمہ نمبر1

جنوبی ایشیائی بحرانوں کی ساخت

براس ٹیک سے ممبئی تک

سیموئیل بلیک(1)

ایڈیٹر کا نوٹ:

پاکستان اور بھارت کے مابین بحران شیکسپیئر کے ڈراموں کی طرح پانچ ایکٹ میں اپنا اظہار کرتے ہیں۔ پہلا ایکٹ ابتدائی اشارہ ہوتا ہے ان سنگین مصیبتوں کا جنہیں بعد میں آنا ہوتا ہے..... اس کے بعد باری آتی ہے خوف زدہ کردینے والے نتائج کی۔ سرکاری حکام اور انٹیلی جنس کمیونٹی کے پیشہ ور افراد کی ذمہ داری یہ ہوتی ہے کہ وہ قبل از بحران تکلیف دہ پیش رفتوں کی شناخت کریں اور خطرات سے متعلق انتباہ مہیا کریں تا کہ قومی سطح پر فیصلہ سازی سے متعلق لوگ فیصلے کرسکیں۔ دوسرا ایکٹ کسی ابتدائی سانحے سے شروع ہوتا ہے جو بحران کے حوالے سے عوامی سطح پر ایک لہر پیدا کرتا ہے۔ تیسرا ایکٹ تب شروع ہوتا ہے جب مخالف قوتیں ابتدائی حادثے کے بعد فوجی نوعیت کی سرگرمیوں کو بڑھا دیتی ہیں۔ چوتھا ایکٹ بحران کے عروج کا دور ہوتا ہے جس میں کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ حالات کس طرف جائیں گے۔ پانچواں ایکٹ عقد کشائی کا دور ہوتا ہے جس میں جنگ ٹل جاتی ہے یا جنگی کارروائی کے آپشن کو رد کر دیا جاتا ہے۔ جزوی طور پر جنگ کے ٹل جانے کے اس مرحلے میں امریکی کرائسس منیجمنٹ اپنا کردار ادا کرتی ہے مگر اہم ترین کردار یقیناً بھارت اور

MashalBooks.org

پاکستان کے لیڈروں کی ترجیحات کا ہوتا ہے جو ناقابل کنٹرول فوجی یا جنگی کارروائی سے بچنا چاہتے ہیں۔ یہ ڈرامہ المیے میں اس وقت ڈھلتا ہے جب تیسرے ایکٹ میں بڑی تعداد میں فوجیں جمع کر لینے کا قدم اٹھا لیا جاتا ہے۔ یہ عمل اس بات کا عکاس ہوتا ہے کہ اس جنگ کا ارادہ کر لیا گیا ہے جسے دونوں ملکوں کی لیڈر شپ کنٹرول میں نہیں رکھ سکتی۔ اگر تیسرے ایکٹ میں فوجیں جمع کر لینے کا عمل کر لیا جائے تو چوتھا اور پانچواں ایکٹ مختلف انداز میں رونما ہوتا ہے۔ فی الوقت صورت حال یہ ہے کہ نہ تو جنوبی ایشیائی ایٹمی بحران حل ہوسکا ہے اور نہ ہی کوئی بڑا المیہ نتیجے کے طور پر ابھر کر سامنے آسکا ہے۔ سیموئیل بلیک کے اس ضمیمے میں 1986-87 کے براس ٹیک بحران، 1990 کے مرکب بحران، 1999 کے کارگل کرائسس، 2001-02 کے جڑواں چوٹیوں کے بحران اور 2008-9 کے ممبئی بحران کی ساخت کا خلاصہ بیان کیا گیا ہے۔

MashalBooks.org

براس ٹیک کرائسس

تمہید اور پیش واقعہ

بھارت اور پاکستان دونوں ملک ہی عام طور پر موسم سرما میں بڑے پیمانے کی فوجی مشقیں منعقد کرتے ہیں۔1980 کی دہائی میں بھارت نے سالانہ بنیادوں پر فوجی مشقوں کے انعقاد کی روش شروع کی، ہر تین سال بعد بڑے پیمانے کی فوجی مشقیں بھی پروگرام میں شامل کی گئیں۔1983 کی ڈگ وجے مشقوں کی ہی طرز پر براس ٹیک مشقوں کی انعقاد ہوا۔ڈگ وجے کے طرح براس ٹیک مشقیں بھی بھارتی ریاست راجستھان کے شمالی بارڈر پر منعقد کی گئیں۔مشینی اور ٹینکوں کی جنگ کے حوالے سے مشق کے لیے یہ صحرائی علاقہ موزوں تھا کیونکہ ایک تو یہاں آبادی زیادہ گنجان نہیں، دوسرا یہ علاقہ زیادہ زرعی بھی نہیں کہ فوجی مشقوں کی صورت میں مقامی آبادی کے لیے زیادہ مشکلات پیدا کرتا۔ علاوہ ازیں راجستھان پنجاب کا یہ سرحدی علاقہ قبل ازیں بھی بھارت اور پاکستان کے مابین کارزار جنگ رہ چکا ہے۔[2]

آپریشن براس ٹیک چار مرحلوں پر مشتمل تھا۔براس ٹیک اول مشقوں میں شمالی، جنوبی اور مغربی کمانڈز شامل تھیں۔یہ مشقیں مئی اور جون1986 میں منعقد ہوئیں۔یہ نقشہ جاتی مشقیں تھیں جو جولائی کے آخری حصے میں دلی میں منعقد ہوئیں۔[3] براس ٹیک دوم مشقیں نومبر میں منعقد ہوئیں۔ ان مشقوں میں کمپیوٹرائزڈ وار گیمز کے استعمال کے ذریعے بھارت کی زمینی اور فضائی فوجوں نے مشق کرنا تھی۔منصوبے کے مطابق ان مشقوں کے فورا بعد براس ٹیک سوم مشقیں شروع ہوئیں جو دسمبر کے پورے مہینے میں جاری رہیں۔ان میں وہ مشقیں شامل تھیں جو ڈویژن اور اس سے زیادہ فوجی دستوں کی جنگی موبلائزیشن اور فوجی آپریشن کی

صورت میں سپورٹ کے لیے مختلف ایکسرسائزز کی صورت میں ہوئیں۔مختلف رپورٹوں کے مطابق ان مشقوں کا مقصد ''فوج کو ان مہارتوں اور سٹینڈنگ آپریٹنگ آپریشنز کی تربیت دینا تھا جو مختلف حوالوں مثلاً کمیونی کیشن، الیکٹرانک وارفیئر اور بری و بحری دونوں انواع کی جنگوں کے حوالے سے مخصوص تھیں''(4) ۔ براس ٹیک چہارم مشقیں فروری اور مارچ 1987 میں ہونا قرار پائیں ..... اس فیز میں تمام سابقہ جنگی مشقوں کی مجموعی طور پر مشق کا اعادہ کیا جانا تھا۔اور یہ وہ مشقیں تھیں جو شمالی اور جنوبی فوجوں کے درمیان لڑائی کا سبب ہو سکتی تھیں (شمالی اور جنوبی فوجیں بالترتیب بھارت اور پاکستان کی نمائندگی کرتی ہیں)۔متوقع خطرے کے مقام کی حدیں 160 سے240 کلومیٹر کے اس وسیع علاقے پر مشتمل تھیں جو انٹرنیشنل بارڈر کے متوازی وسیع علاقے پر پھیلا ہوا تھا۔ مجموعی طور پر براس ٹیک میں دو مسلح ڈویژن افواج، مشینی افواج کی ایک ڈویژن اور چھ انفینٹری ڈویژنز شامل تھیں۔موخرالذکر دو کو بعد میں دو انفینٹری اور ایک مشینی بریگیڈ میں بدلا جانا تھا..... اس فارمیشن (تشکیلی ڈھانچہ) کو ری آرگنائزڈ آرمی پلینز انفینٹری ڈویژن یاRAPID کے نام سے جانا جاتا ہے۔ (5)

بعض بھارتی لیڈر براس ٹیک کو ڈگ وجے فوجی مشقوں کا تسلسل سمجھ رہے تھے ۔ اور چونکہ پاکستان نے ڈگ وجے مشقوں کے جواب میں زیادہ شدید ردعمل نہیں دکھایا تھا بلکہ سرسری انداز میں ان مشقوں کو لیا تھا اس لیے نئی دلی میں موجود لوگوں کا خیال یہ تھا کہ براس ٹیک کے حوالے سے بھی راولپنڈی کا ردعمل ڈگ وجے کی طرح ہی ہو گا۔اس کے علاوہ ان لوگوں کا یہ بھی خیال تھا کہ ان مشقوں کو جنگی مشقوں کے طور پر نہیں لیا جائے گا کیونکہ مشقوں کا علاقہ مرکزی آبی گزرگاہ اندرا گاندھی نہر کی دوسری جانب تھا..... جسے پار کرنے کے لیے بھارتی فوج کو پل کی ضرورت پڑنا تھی جبکہ اس مناسبت سے بھارتی افواج نے پل کی تعمیر کے حوالے سے مطلوب سامان کو ان مشقوں میں شامل نہیں کیا تھا۔(6)

آپریشن براس ٹیک کے حوالے سے راولپنڈی بہر حال مطمئن نہیں تھا کیونکہ یہ مشقیں ڈگ وجے سے کہیں زیادہ بڑی اور لمبے عرصے پر محیط تھیں۔ راولپنڈی ان مشقوں کو مہم جو اور خطرے مول لینے والے بھارتی آرمی چیف جنرل کے سندر جی کے حوالے سے بھی دیکھ رہا تھا۔ براس ٹیک کو اس حوالے سے ترتیب دیا گیا تھا جس کے ذریعے نئی جنگی تزویرات اور

نظریات یعنی جارح مشترکہ مسلح آپریشن بشمول RAPID فارمیشن کا استعمال، متعارف ہونا تھا اور اس کے قابل عمل ہونے کا تخمینہ لگایا جانا تھا۔ اس مقصد کے لیے ریل کے ذریعے ان علاقوں میں جہاں مشقیں ہورہی تھیں، بہت سا اسلحہ بشمول ٹینکوں کی قابل ذکر تعداد اور مشینی گاڑیوں کو بھی لایا گیا۔

علاوہ ازیں براس ٹیک مشقوں کا زمانہ بھی پاک بھارت تعلقات کے حوالے سے پرآشوب دور تھا۔ یہ مفروضہ محکم تر ہو چکا تھا کہ پاکستان جوہری صلاحیت کے حصول کے قریب پہنچ چکا ہے۔ بھارتی اور بعد ازاں پاکستانی فوجوں نے اس کے بعد غیر فوجی سیاچن گلیشیر پر اپنی پوزیشنیں سنبھال لیں جو بعد میں دنیا کا بلند ترین محاذ جنگ قرار پایا۔ اس سے بھی اہم ترین عمل یہ ہوا کہ بھارتی ریاست جموں وکشمیر میں پاکستانی حمایت یافتہ علیحدگی پسند تشدد پھوٹ پڑا، جیسا کہ ایک اور حساس علاقے بھارتی پنجاب کے معاملے میں ہوا تھا۔ سرحد کی پاکستان کی طرف، سندھ میں لسانی ٹینشن عروج پر تھی اور مسلسل بڑھ رہی تھی۔ پاکستان نے اس اندرونی بے چینی میں 'بیرونی ہاتھ' کے ملوث ہونے کے حوالے سے شدید احتجاج کیا۔ دوسری طرف افغانستان میں پاک امریکہ حمایت یافتہ جہاد بھی اپنے عروج پر تھا۔ پورا خطہ ان دنوں کشیدہ صورت حال کا شکار تھا، دشمنیاں بڑھ رہی تھیں..... یہ وہ صورت حال تھی جو پاکستان کے عدم اعتماد کو جواز بخش رہی تھی۔

آپریشن براس ٹیک کے چوتھے مرحلے کے حوالے سے بھارت کی تیاریاں اس بحران کے لیے تمہید بن گئیں۔ پاکستان کی فوجی قیادت اس حوالے سے گومگو کی کیفیت میں مبتلا تھی کہ آیا براس ٹیک مشقوں کا مرکزی محور مشرق مغرب ہوگا یا شمال جنوب۔ علاوہ ازیں وہ اس حوالے سے بھی غیر یقینی کا شکار تھے کہ بین الاقوامی سرحد سے فقط 60 سے 80 کلومیٹر دور جاری ان مشقوں اور اس میں شامل فوج کی جسامت اور نقل وحرکت کا فوکس کیا چیز ہے اور کیا یہ غیر معمولی مہم جوئی کسی اچانک حملے پر تو منتج تو نہ ہوگی۔ پاکستانی افواج کے بارے میں اپنی کتاب ''Cross Swords: Pakistan, Its Army, and the Wars Within'' میں شجاع نواز پاکستانی جنرل ہیڈ کوارٹرز کے ایک ڈاکومنٹ کا حوالہ دیتے ہوئے دعوی کرتے ہیں کہ جی ایچ کیو کے پاس اس وقت کچھ ایسے ڈاکومنٹس موجود تھے جن سے صاف پتہ چلتا تھا کہ براس ٹیک آپریشن ایک ایسے آپریشن کا پردہ تھا جس کا مقصد جنگی گزرگاہوں .....شمال میں بہاول

پور اور جنوب میں خیر پور..... سے پیش قدمی کرتے ہوئے پاکستانی سرزمین میں 500 کلومیٹر اندر گھس کر اس کو دو حصوں میں بانٹنا تھا۔[8]

اپنے روایتی انداز میں پاکستان کی خفیہ ایجنسیوں نے بھی شدید نوعیت کے تخمینے دیے، جن کے مطابق انڈیا کے ممکنہ مقاصد میں سے ایک یہ تھا کہ ''دشمن (پاکستان) کی محدود جوہری ہتھیاروں کے حوالے سے آپریشنل پلاننگ اور اس کے ردعمل کی صلاحیت جانچی جائے اور اس کی لڑاکا فوج کی صلاحیت کو کم کیا جائے''[9]۔ راولپنڈی نے براس ٹیک کے بارے میں معلومات کے تبادلے کے لیے پہلے ستمبر اور پھر اکتوبر میں بھارتی اور پاکستانی ڈائریکٹر جنرلز آف ملٹری آپریشنز کے درمیان ہاٹ لائن کی منظوری دی۔ تاہم بھارت کی جانب سے جو بھی جواب آیا وہ پاکستان کے لیے تسلی بخش ثابت نہ ہوا جس کی وجہ سے مزید وضاحت کے لیے پاکستان نے بھارتی حکومت کے اعلیٰ ترین عہدیدار وزیراعظم راجیو گاندھی سے رابطہ کیا۔

جنوبی ایشیائی علاقائی تعاون تنظیم سارک کے سربراہی اجلاس میں پاکستان نے اس حوالے سے مزید معلومات حاصل کرنے کی کوشش کی۔ سارک کا یہ اجلاس بھارتی شہر بنگلور میں 16 اور 17 نومبر کو ہوا جس میں دیگر ملکوں کے سربراہوں سمیت پاکستانی وزیراعظم محمد خان جونیجو اور بھارتی وزیراعظم نے بطور صدر اجلاس شرکت کی۔[10] ایک ضمنی ملاقات میں جونیجو نے راجیو کو براس ٹیک کے حوالے سے اپنے تشویش سے آگاہ کیا۔ اگرچہ اس ملاقات کے حوالے سے جو خبریں آئیں وہ مختلف تھیں مگر بظاہر راجیو گاندھی نے جونیجو کو جواب دیا کہ وہ براس ٹیک کے حوالے سے نظر ثانی کریں گے۔ یہ ممکن ہے کہ راجیو گاندھی کو ان مشقوں کے نتائج اور تفاصیل سے متعلق مکمل آگاہی نہ ہو یا یہ کہ انہوں نے جونیجو کے خدشات کو بے بنیاد سمجھتے ہوئے رد کر دیا یا پھر وہ اپنی یقین دہانیوں کے حوالے سے مخلص نہ تھے۔ وجہ جو بھی تھی، بہرحال پاکستانی حکام جس چیز کو بھارتی وزیراعظم کا وعدہ سمجھ رہی تھی کہ ان مشقوں کو ڈاؤن گریڈ کیا جائے گا، بھارتی وزیراعظم نے اس کی پیروی نہ کی۔[11] معاملہ چاہے جو بھی ہو جب دسمبر میں بھارتی افواج کی جانب سے براس ٹیک مشقوں کے پہلے تین مرحلوں کا تجزیہ کیا گیا تو انہوں نے یہ تجویز دی کہ چوتھے اور طویل تر مرحلے کی مشقوں کو کچھ کم پیمانے پر کیا جانا چاہیے۔[12]

MashalBooks.org

فوجوں کی تعیناتی

پاکستان کے فوجی دستے بھی1986 کے موسم سرما میں اپنی فوجی مشقیں کر رہے تھے۔ پاکستان کی آرمی ریزرو ساؤتھ (اے آر ایس) جو کہ پہلی مسلح ڈویژن اور 37 ویں انفینٹری ڈویژن پر مشتمل تھی، بہاول پور میرٹ کے علاقے میں صف شکن کے کوڈ نام سے یہ مشقیں کر رہی تھی۔ دریں اثنا آرمی ریزرو نارتھ (اے آر این) جو چھٹی مسلح ڈویژن اور 17ویں انفینٹری ڈویژن پر مشتمل تھی، وہ راوی اور چناب کے دریاؤں کے درمیان فلائنگ ہارس مشقوں کے نام سے مشقیں کر رہی تھی۔فوجی مشقیں صف شکن نومبر کے پہلے ہفتے میں مکمل ہو چکی تھیں جبکہ فلائنگ ہارس مشقیں دسمبر کے وسط تک جاری رہیں۔[13] صف شکن مشقوں کے بعد بھی آرمی ریزرو ساؤتھ میں شامل افواج اسی علاقے میں موجود رہیں جہاں مشقیں ہوئیں اور موثر پوزیشنیں لینے لگی تا کہ اگر براس ٹیک میں شامل افواج کی طرف سے کوئی حملہ ہو تو اس کا دفاع کیا جا سکے۔[14]

جوں جوں آپریشن براس ٹیک آگے بڑھ رہا تھا بھارتی ریاست جموں وکشمیر میں حالات خراب ہوتے جا رہے تھے۔مارچ1986 میں بھارتی گورنر جگموہن ملہوترا نے جموں وکشمیر کی قانون ساز اسمبلی معطل کر دی اور ریاستی دستور کی ایک شق کو نافذ کر دیا جو اسے اس قابل کرتی تھی کہ وہ ''ریاستی حکومت کے تمام یا ایک فنکشن خود سنبھال سکے''۔[15]1984 سے بھارت کے مسلم اکثریتی علاقوں میں سیاسی بے چینی پہلے ہی بڑھی ہوئی تھی، جس کی وجہ سے ان علاقوں میں ہڑتالیں، احتجاجی جلوس اور جسمانی تشدد کے واقعات عام تھے۔[16] پاکستانی فوجی اور خفیہ ایجنسیاں اس بات پر خوش تھیں کہ کشمیر میں بے چینی بڑھ رہی ہے، وہ بے چینی جسے ان کی خفیہ تائید حاصل تھی۔مگر یہ بات ان کے لیے باعث تشویش تھی کہ کشمیر میں بھارتی افواج کی ایک اور بڑی ڈویژن تعینات کی جا چکی تھی اور اس صورت میں انہیں دو محاذوں پر جنگ لڑنا پڑتی ،کیونکہ کشمیر میں موجود یہ بھارتی فوج کی ڈویژن بین الاقوامی سرحد کے بہت قریب موجود تھی۔[17]

دسمبر1986 کے آخری دنوں میں آرمی ریزرو نارتھ کی مشقیں 'فلائنگ ہارس' مکمل ہو گئیں اور انہوں نےSledghamme مشقوں کا آغاز شکر گڑھ میں کر دیا جو کہ انٹرنیشنل بارڈر سے فقط

بیس کلومیٹر دور ایک قصبہ تھا۔[18] آرمی ریزرو ساؤتھ وہاں سے انٹرنیشنل بارڈر سے دور شمال کی طرف حرکت کر گئی۔ اس فوج نے بہاول پور کے شمال میں موجود دریائے ستلج کو جنوری 1987 کے دوسرے ہفتے پار کیا مگر ان کا رخ کنٹونمنٹ ملتان کی طرف نہ تھا۔ بلکہ اس کی بجائے آرمی ریزرو ساؤتھ کا رخ دائیں جانب ہو گیا اور انہوں نے شمال مشرق کی جانب لاہور کا رخ کر لیا۔ 37ویں انفینٹری ڈویژن لاہور کے جنوب میں بھارتی شہروں بھٹنڈا اور فیروز پور کے سامنے قیام پذیر ہو گئیں جبکہ پہلی مسلح ڈویژن نے اپنی پیش قدمی جاری رکھی اور لاہور سے آگے گوجرانوالہ جا پہنچی۔[19]

جنوری 1987 کے آخر تک پاکستان اور بھارت کے لیڈروں کو افواج کی اس نقل وحمل کے حوالے سے عدم اطمینان محسوس ہونے لگا۔ پاکستان کی آرمی ریزرو نارتھ، جسکی پہلی مسلح ڈویژن اب فاضل تھی، نے شمال اور مشرق کی طرف پیش قدمی کا سوچا..... یہ وہ پیش رفت تھی جو بھارت کے لیے باعث تشویش تھی کیونکہ اس طرح نئی دلی اور جموں و کشمیر کی ریاست کے درمیان کمیونی کیشن لائن کو نقصان پہنچ سکتا تھا۔ پاکستانی افواج کے جنرل ہیڈ کوارٹرز نے آرمی ریزرو ساؤتھ کو دریائے ستلج کے شمالی کنارے کی طرف پیش قدمی کرا کے ایک جوا کھیلا۔ کیونکہ اس صورت میں اگر بھارتی افواج مغربی طرف سے حملہ آور ہوتیں تو پاکستان فوج کی پوزیشن نہایت کمزور ہو جاتی۔ مگر اس حوالے سے پاکستانی افواج کی پوزیشن بہت بہتر تھی کہ وہ بھارتی علاقوں پر قبضہ کر سکتے۔[20]

بحران کا عروج

جنوری 1987 کے اختتام کے آتے آتے براس ٹیک بحران اپنے عروج تک پہنچ چکا تھا۔ ملٹری فورسز صحرائی علاقوں اور منقسم کشمیر کے بارڈر پر لڑائی کی پوزیشن میں آ چکی تھیں۔ فوجی مہم جوئی اس نقطے پر پہنچ چکی تھی کہ جنگ بادل افق پر چھائے محسوس ہو رہے تھے، باہمی گفت وشنید کا عمل غیر تسلی بخش تھا۔ دسمبر کے وسط تک دونوں ملکوں کے ڈائریکٹرز جنرل ملٹری آپریشنز کے مابین ہاٹ لائن مکمل اور موثر طور پر منسوخ ہو چکی تھی۔ پاکستانی لیڈر براس ٹیک کے حوالے سے پیشگی معلومات کے عدم تبادلے کے حوالے سے غیر مطمئن تھے۔ بھارتی لیڈر اگرچہ کشیدگی کی شدت کے حوالے سے باخبر تھے مگر وہ ہاٹ لائن کے ذریعے معلومات کی فراہمی

کے حوالے سے بھی اس تشویش میں مبتلا تھے کہ کہیں یہ معلومات ان کے خلاف استعمال نہ ہو جائیں۔[21]

جب راولپنڈی نے آرمی ریزرو نارتھ اور آرمی ریزرو ساؤتھ یونٹوں کو بھارتی سرحد کی طرف حرکت دی، تو جنرل سندر جی نے آپریشن ٹرائڈنٹ کا آغاز کر دیا، جس کے تحت بھارتی فوج کو انٹرنیشنل بارڈر پر دفاعی پوزیشن میں لے جایا گیا اور ان کے لیے ریزرو فضائیہ کو بھی کمک کے لیے الرٹ کر دیا گیا۔ آرمی ریزرو نارتھ اور آرمی ریزرو ساؤتھ کے کسی متوقع حملے کے خطرے سے نمٹنے کے لیے بھارت نے مجموعی طور پر پندرہ ریزرو ڈویژنز کو بارڈر پر تعینات کیا۔

اختتامی مرحلہ

15 ڈویژن فوج کی سرحدوں پر تعیناتی کوئی ایسی چیز نہ تھی کہ بھارت اسے راتوں رات کر لیتا۔ بھارتی حکومت جانتی تھی کہ اتنے بڑے پیمانے کی فوجی نقل و حرکت کو پاکستان کی خفیہ ایجنسیاں مانیٹر کر رہی ہوں گی، جو بھارتی حکومت کی طرف سے خطرات کو ویسے بھی نمایاں کر کے دیکھنے کی عادی چلی آ رہی تھیں۔ بھارتی وزیر اعظم راجیو گاندھی اور اس کے سینیئر مشیروں نے لازما یہ تخمینہ لگایا ہوگا کہ آپریشن ٹرائڈنٹ کو بھارت کی جانب سے حملے کا پیش خیمہ سمجھا جائے گا۔ اس وجہ سے وزیر اعظم کے دفتر سے دفاع کے وزیر مملکت ارون سنگھ اور جنرل سندر جی کو ہدایات دی گئیں، جنکی روشنی میں 17 جنوری 1987 کو میڈیا کے سامنے انہیں اس بڑے پیمانے کی فوجی نقل و حمل کی دلیل پیش کرنا پڑی۔ ارون سنگھ اور جنرل سندر جی کی جانب سے یہ اشارہ بھی دیا گیا کہ وہ اگلے مورچوں سے فوجوں کی ایک ساتھ واپسی کے حوالے سے اس وقت بھی مذاکرات پر تیار ہیں، جب فوج ابھی ان مورچوں پر پوزیشنیں سنبھال رہی ہے۔[22] اگر آپریشن ٹرائڈنٹ کسی حملے کا پیش خیمہ ہوتا تو راجیو گاندھی کبھی بھی اس پانچ روزہ پریس کانفرنس کی اجازت نہ دیتا جو فوجوں کے تعیناتی کے دوران مسلسل جاری رہی۔[23]

18 جنوری کی بریفنگ، پبلک بیانات اور پرائیویٹ ڈپلومیسی کے بعد فوجوں کی واپسی کا عمل شروع ہو گیا۔ 23 جنوری کو بھارت کے امریکی سفیر جان گنٹر ڈین نے صورت حال کے

MashalBooks.org

حوالے سے وزیر مملکت برائے امور دفاع ارون سنگھ سے ملاقات کی۔ارون سنگھ نے اس موقع پر نئی دلی کی اس تشویش سے امریکی سفیر کو آگاہ کیا جو آرمی ریزرو ساؤتھ کی جانب سے انٹرنیشنل بارڈر کے ساتھ نقل وحمل کے حوالے سے اسے تھی اور مطالبہ کیا کہ اس پیش رفت کے بارے میں معلومات مہیا کی جائیں۔ ڈین نے پاکستانی قیادت تک یہ درخواست بذریعہ واشنگٹن اسلام آباد کے امریکی سفارت خانے تک پہنچائی۔امریکی سفرا نے بھارتی اور پاکستانی حکام کے سامنے اس نقطہ نظر کا اظہار کیا کہ ایک ساتھ اور خلاف معمول بہت بڑی فوجی نقل وحمل ہورہی ہے ۔انہوں نے اس خیال کا اظہار بھی کیا کہ طرفین میں سے کوئی بھی ایک دوسرے کے خلاف برے عزائم نہیں رکھتا۔ واشنگٹن نے دونوں ملکوں کو خبردار بھی کیا کہ غلط فہمی میں اٹھایا گیا کوئی بھی غلط قدم نامطلوب ہونے کے باوجود بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے اوراس خواہش کا اظہار کیا کہ پاکستان اور بھارت براہ راست فوجی امور پر بات کریں۔(24)

اگلے دن یعنی 24 فروری کو دونوں ملکوں کی جانب سے مفاہمتی بیانات جاری کیے گئے۔کسی اور مقصد کی غرض سے بلائی گئی ایک میٹنگ سے قبل بھارت میں متعین پاکستان کے سفیر ہمایوں خان سے ملاقات میں بھارتی وزیر اعظم راجیو گاندھی نے سرحدی تناؤ میں کمی کے حوالے سے مفاہمتی پالیسی میں اپنی دلچسپی کا اظہار کیا۔اس تبصرے کو بڑی سطح پر کوریج ملی اور اسی دن ہمایوں خان نے ایک پریس کانفرنس بلا کر ان یقین دہانیوں کی بابت بتایا جو راجیو گاندھی نے انہیں کرائی تھیں۔24 جنوری کو ہی راجیو گاندھی نے وزارت دفاع کی تنظیم نو کی جو اس بات کا اشارہ تھا کہ راجیو کو نہ تو ارون سنگھ پر اعتماد تھا اور نہ ہی وہ پاکستان سے کسی حادثاتی جنگ میں الجھنے کے حوالے سے دلچسپی رکھتا تھا۔ارون سنگھ کو فارغ کر کے نئے وزیر دفاع (اس مرحلے پر باقاعدہ طور پر وزارت کا قلم دان خود راجیو کے پاس تھا) وی پی سنگھ کو تعینات کیا گیا۔(25)

اگلے دن 25 فروری کو راجیو گاندھی اور پاکستانی وزیراعظم محمد خان جونیجو کے مابین ٹیلی فون پر بات چیت ہوئی جس میں دونوں نے نارمل تعلقات کی بحالی کے حوالے سے خواہش کا اظہار کیا۔ بعد ازاں اسی روز پاکستانی صدر ضیا الحق (جو اس وقت آرمی چیف بھی تھے) کویت میں منعقدہ اسلامی ممالک کی تنظیم میں شرکت کے لیے ملک سے باہر چلے گئے۔ ضیا کے مشیر

خطے میں موجود کشیدہ حالات کے باوجود صدر کے بیرون ملک جانے کے حوالے سے تشویش کا شکار تھے جبکہ صدر ضیا کو اس سے زیادہ اس بات کی تشویش تھی کہ اگر اس نے اپنا دورہ ملتوی کیا تو اس سے کیا پیغام جاتا۔ راجیو کی طرح، جس نے وزارت دفاع کی نئی تنظیم کی تھی جنرل ضیا کا دورے پر چلے جانا، یہ اشارہ تھا کہ دونوں ملکوں کے لیڈر بھی غیر ضروری فوجی مہم جوئی کے نتیجے میں پیدا ہونے والی جنگ کی صورت حال سے بچنا چاہتے تھے۔ انہی دنوں میں تقریباً دو ماہ بعد پہلی بار ڈائریکٹرز جنرل آف ملٹری آپریشنز (DMGOs) کے مابین ہاٹ لائن پر تبادلہ خیال ہوا۔[26]

26 جنوری کو اسلام آباد نے اعلان کیا کہ موجودہ کشیدہ صورت حال کی تحلیل کے لیے پاکستانی سیکرٹری خارجہ مذاکرات کے لیے بھارت جائیں گے۔ نئی دلی نے اپنے اعلان میں کہا کہ اس دوران اس کی فوج کسی بھی خطرے کی صورت میں انہی پوزیشنوں پر الرٹ رہے گی۔ تاہم مزید فوجی تعیناتیاں نہیں کی جائیں گی۔ دونوں ملکوں کے سیکرٹری خارجاؤں کے مابین مذاکرات 31 جنوری کو شروع ہوئے جنہیں دونوں ہی ملکوں نے مثبت سمت میں پیش رفت قرار دیا۔ 4 فروری کو دونوں ملک ایک معاہدے پر متفق ہو گئے جس کی رو سے پندرہ روز کے اندر انٹرنیشنل بارڈر اور لائن آف کنٹرول سے دونوں افواج واپس پلٹ آئیں گی۔ پاکستانی حکام ایک انفینٹری اور ایک مسلح ڈویژن کو فوری طور پر واپس بلانے پر تیار ہو گئے جبکہ بھارت نے بھی ایک ڈویژن فوج واپس بلا لی۔ اضافی طور پر دونوں ملکوں کے لیڈرز اس بات پر بھی متفق ہو گئے کہ بارڈر کی طرف جارحانہ نقل و حمل نہیں کی جائے گی اور اگلے مورچوں پر موجود فضائی چوکیوں کو بھی غیر فعال کیا جائے گا۔[27]

اگرچہ 4 فروری کے معاہدے کے بعد فوجی کشیدگی کا خاتمہ ہو گیا مگر سیاسی تناؤ تب کہیں جا کر ختم ہوا جب ضیا الحق نے ''کرکٹ ڈپلومیسی'' کے حوالے سے بھارت کا دورہ کیا۔ جنرل ضیاالحق اور راجیو گاندھی کے مابین جے پور میں ہونے والے کرکٹ میچ کے دوران ایک غیر رسمی ملاقات میں باہمی تعلقات کے حوالے سے بات چیت ہوئی اور پھر کہیں جا کر برصغیر میں حالات معمول پر آنے کا احساس ہوا۔

MashalBooks.org

1990 کا بحران

تمہید اور پیش واقعہ

1990 کا بحران کا آغاز پاکستان کی ملٹری مشقوں اور بھارتی ریاست جموں وکشمیر میں علیحدگی پسندوں کی پرتشدد کارروائیوں سے ہوا۔ایک اور ضمنی وجہ جس کا ذکر سٹیفن کوہن اور شریک مصنفین نے ''مرکب بحران'' کے عنوان سے کیا ہے وہ تھی بھارتی پنجاب میں سکھ علیحدگی پسندی کی تحریک جس میں، وادی کشمیر کی پرتشدد تحریک کی طرح، پاکستان کی خفیہ ایجنسیوں کی اعانت شامل تھی۔سکھ بنیاد پرستی کا نقطہ عروج 1984 کا وہ واقعہ تھا جس میں جرنیل سنگھ بھنڈراں والا کی قیادت میں سکھوں نے امرتسر میں واقع گولڈن ٹیمپل پر قبضہ کر لیا تھا۔ بھارتی وزیراعظم اندرا گاندھی نے آپریشن بلیو سٹار کے نام سے احکام جاری کیے کہ ٹیمپل کو حملہ آور سکھوں سے صاف کیا جائے۔ اس آپریشن میں پانچ سو کے قریب فوجی ،عسکریت پسند اور عام لوگ مارے گئے۔جب1990 کا بحران شروع ہوا اس وقت بھارتی پنجاب میں سکھ عسکریت پسندی اور سکھوں کی تنہائی کے مسائل ابھی موجود تھے۔(28)

1990 کے بحران کو پیچیدہ تر کرنے والے دیگر عناصر میں اہم تر ایک عنصر پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں میں داخلی سطح پر موجود کمزور حکومتیں بھی تھیں جن کو مضبوط اور ناموافق اپوزیشنوں سے واسطہ تھا۔دونوں ملکوں کے وزرائے اعظم بے نظیر بھٹو اور وی پی سنگھ کی طرف سے جارحانہ بیانات کا جاری کیا جانا بھی ایک ایسا عنصر تھا جس نے اس بحران کو پیچیدہ تر کر دیا۔ وی پی سنگھ جنتا دل پارٹی کے قائد اور نیشنل فرنٹ کے نام سے حکومتی اتحاد کی طرف سے منتخب شدہ وزیراعظم تھے۔ بھارتی سیاست کی دو طاقتور ترین پارٹیاں کانگریس اور بھارتیہ جنتا پارٹی اس اتحاد میں شامل نہیں تھیں بلکہ کمزور اور چھوٹی پارٹیوں کے اتحاد سے اس وقت کی بھارتی حکومت قائم تھی۔وی پی سنگھ کے خلاف اس وقت سب سے بڑا الزام یہ تھا کہ ''اس کی

حکومت بھارت کی تذویراتی ضرورتوں کے مطابق پبلک پالیسی کے حوالے سے کوئی ٹھوس فکری بنیادیں مہیا نہیں کر سکی تھی"[29] پاکستانی حکومت کی طرف سے بحران کے دوران دھمکیوں کا جواب دینے کے لیے وی پی سنگھ کی حکومت کسی بہتر پوزیشن میں نہ تھی۔

پاکستان میں بھی طاقت کے حصول کی جدوجہد کی تکون کے درمیان.....یعنی وزیراعظم، صدر اور آرمی چیف کے درمیان مقابلے بازی کا رجحان تھا۔طاقت کے ان تین ستونوں میں وزیراعظم بے نظیر بھٹو کی پوزیشن،صدر غلام اسحاق خان اور آرمی چیف جنرل مرزا اسلم بیگ کے مقابلے میں سب سے زیادہ کمزور تھی۔اگست1988 کے ایک پراسرار فضائی حملے میں ایک عشرے تک اقتدار پر قابض جنرل ضیاالحق کی ہلاکت ہو چکی تھی۔اپنی وفات سے قبل جنرل ضیا وزیراعظم محمد خان جونیجو کی حکومت کو بھی معطل کر چکا تھا اور متبادل حکومت بھی نامزد نہیں کر سکا تھا۔کیونکہ ضیا صدر ہونے کے ساتھ ساتھ آرمی چیف بھی تھا اور وزیراعظم کو بھی ہٹا چکا تھا اس لیے طاقت کی علامت یہ تینوں پوزیشنیں خالی تھیں۔غلام اسحاق خان چونکہ اس حادثے کے وقت سینٹ کے چیئرمین تھے اس لیے دستوری طور پر انہیں نے صدر بننا تھا..... حادثے کے روز ہی جی ایچ کیو میں انہوں نے صدر کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔بدلے میں صدر اسحاق نے اس وقت کے نائب آرمی چیف اسلم بیگ کو آرمی چیف کے عہدے پر ترقی دی۔بے نظیر بھٹو جو اس تکون کا سب سے کمزور کونا تھیں وہ نومبر1988 کے انتخابات کی وجہ سے جو ان کی جماعت پاکستان پیپلز پارٹی نے جیتے ، وزیراعظم بنیں۔[30]

بھارت کے اندرونی حالات بھی پیچیدہ تھے۔کشمیر کی ریاست میں ہونے والے1987 کے انتخابات میں بڑے پیمانے پر ہونے والی دھاندلی نے وہاں کے حالات کو مزید خراب کر دیا تھا(براس ٹیک کے بعد کشمیر کے حالات خراب چلے آرہے تھے)۔اگست1988 سے جموں وکشمیر کے حالات کافی خراب اور متشدد چلے آرہے تھے، پاکستان کی خفیہ ایجنسیوں اور عسکریت پسندوں کی فوجی مدد اور اندرونی طور پر ریاستی حکومت کے کمزور ردعمل کی وجہ سے مزید بگاڑ پیدا ہو چلا تھا۔[31] اس سال پورے کشمیر میں پرتشدد واقعات کا سلسلہ جاری رہا اور اگلے سال ان واقعات کا سلسلہ اور بھی بڑھ کر بڑے پیمانے تک پھیل گیا۔بھارت کی ہوم افیئرز کی وزارت نے ان واقعات کا تخمینہ لگایا کہ1988 میں تشدد کے 390واقعات ہوئے جبکہ سال1989 میں یہ واقعات بڑھ کر2154 ہو گئے۔[32]

1990 کے بحران کا پیش خیمہ بے نظیر بھٹو پر پڑنے والا مسلسل دباؤ تھا۔انہیں فوج کی طرف سے تشکیل دی گئی جماعتوں کے اتحاد کی جانب سے ایوان میں عدم اعتماد کی تحریک کا سامنا کرنا پڑا جو اگرچہ وہ جیت گئیں۔اس عدم اعتماد کی تحریک کی وجہ جواز یہ تھی کہ انکی حکومت بھارت کے حوالے سے ٹھوس پالیسیاں اختیار نہیں کر رہی تھی۔بے نظیر کے بیانات میں اس تحریک کے بعد اور بھی زیادہ تندی آ گئی اوران کا یہ فقرہ تو بہت ہی مقبول ہوا کہ پاکستان کشمیر کو آزاد کرانے کے لیے بھارت سے ہزار سالہ جنگ لڑنے کے لیے بھی تیار ہے۔(33)

دریں اثنا مرزا اسلم بیگ ملکی تاریخ کی سب سے بڑی جنگی مشقیں ضرب مومن کے حوالے سے منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ان مشقوں کے لیے دونوں ملکوں کے پنجاب کے درمیان موجود انٹرنیشنل بارڈر کے قریب کا علاقہ منتخب کیا گیا جبکہ اس وقت تک بھارتی پنجاب میں خالصہ تحریک کو مکمل طور پر نہ دبایا جا سکا تھا۔ان مشقوں کے آغاز کے لیے دسمبر 1989 کا انتخاب کیا گیا۔مشقوں میں دو لاکھ سپاہیوں کو شرکت کرنا تھی جن میں آرمی کے چار دستے ،سات انفینٹری ڈویژنز اور ایک مسلح ڈویژن شامل تھی۔علاوہ ازیں ان مشقوں میں تین آزاد انفینٹری اور ایک مسلح بریگیڈ کے علاوہ آرمی کوبرا ہیلی کاپٹرز کا ایک سکوارڈرن،دفاعی یونٹ،اور ائیر سکوارڈرن بھی شامل تھا۔ایک اعلی درجے کی فضائی مشق میں ہوائی جہازوں کی جانب سے لائیو میزائل ،راکٹ اور بم بھی برسائے گئے اور ان مشقوں کو بھی ضرب مومن مشقوں میں ضم کیا گیا تا کہ 'ایک حقیقی فضائی خطرے کے ماحول' کو پیدا کیا جا سکے۔(34)

ضرب مومن فوجی مشقوں کو اس ارادے سے ترتیب دیا گیا تھا کہ اگر بھارت کی جانب سے دوطرف سے حملہ ہواتو ان کا دفاع کیا جا سکے۔مشقوں میں شامل فوج کو اس طرح سے تقسیم کیا گیا تھا کہ حملہ آور فوج (فاکس لینڈ)،دفاعی فوج (بلیو لینڈ) سے تعداد میں کہیں زیادہ تھیں۔(35) ان مشقوں کے دوران ،جنہیں بھارت اور دیگر ملکوں کے ملٹری اتاشی دیکھ رہے تھے ،بظاہر بلیولینڈ کو اپنی بہت سی سرگرمیاں ختم کرنا پڑیں اور یوں یہ مشقیں مقررہ وقت سے بھی پہلے مکمل ہوگئیں۔تاہم پاکستانی افواج کیمپوں کی طرف واپس نہ گئیں جیسا کہ توقع کی جا رہی تھی کہ ان بڑے پیمانے کی مشقوں کے بعد فوجیں واپس کیمپوں میں چلی جائیں گی۔(36) ٹھیک اسی وقت جب دسمبر 1990 میں دو لاکھ کے قریب پاکستانی افواج میدان میں تھیں بھارتی ریاست جموں وکشمیر میں حالات کی خرابی نے بدتر صورت اختیار کر لی۔

علیحدگی پسندوں نے بھارت کے ہوم منسٹر (جو وادی کشمیر سے تعلق رکھنے والا ایک مسلمان تھا) کی بیٹی کو اغوا کر لیا، جس سے وہاں شدید نوعیت کی بغاوت نے جنم لیا۔ ہوورڈ شیفر کے مطابق:

''سری نگر اور وادی کشمیر میں ہزاروں کے جلوس نے کرفیو کے خلاف اور کشمیر کی آزادی .....مکمل آزادی.....کے حق میں نعرے لگاتے ہوئے مارچ کیا۔ جوں ہی مسلح بغاوت نے جنوری1990 میں پر تشدد بغاوت کو جنم دیا، عملی طور پر ریاستی حکام بے اثر ہوگئے۔ سینکڑوں کشمیری مارے گئے۔ نئی دلی حکومت نے فوج کو حکم دیا کہ پولیس اور پیرا ملٹری فورسز کو کشمیر میں بحال کرے اور حکومت کی عملداری کو بحال کرے جو وہاں بری طرح مجروح ہو چکی تھی اور مرکز کی طاقتوں کے تحت لائیں''(37)

دسمبر1989 میں وزیراعظم بے نظیر بھٹو نے منجھے ہوئے سفارت کار عبدالستار کو نئی دلی بھیجا تاکہ وہ تعلقات میں بہتری کے حوالے سے کوشش کر سکے۔ پاکستانی اخبارات کے مطابق بھارتی وزیراعظم وی پی سنگھ نے پاکستان کی حکومت کو پیغام بھیجا کہ'' پاکستان یا تو کشمیر کی تحریک آزادی کی حمایت کرنا ترک کرے یا پھر نتائج بھگتنے کے لیے تیار ہو جائے''(38) ضرب مومن مشقوں، کشمیر کی بھرپور بغاوت، بھارتی پنجاب میں جاری سکھ بغاوت اور بھارت اور پاکستان میں موجود کمزور سول حکومتوں نے اس بحران کے لیے بنیادیں فراہم کر دیں۔

فوجی اقدامات

1990 کے ابتدائی دنوں میں بھارت کی جانب سے 'حفاظتی اقدامات کیے گئے، جن کے تحت ریاست جموں وکشمیر میں تین ڈویژن فوجوں کی اضافی تعیناتی کے علاوہ ایک اضافی ڈویژن کو بھارتی پنجاب میں بھی تعینات کیا گیا۔(39) ان اضافی فوجوں کی وجہ سے کشمیر کے گورنر جگموہن ملہوترا نے کشمیر میں جاری بغاوت کو کچلنے کے لیے فوجوں کو استعمال کیا۔ باقاعدہ فوج کے اضافے کے باعث گورنر کشمیر نے ریاستی اسمبلی بھی تحلیل کر دی اور کشمیر بھر میں کرفیو نافذ کر دیا۔ پر تشدد واقعات کا سلسلہ پھر بھی جاری رہا اور جنوری اور مارچ1990 کے درمیان 200 کے قریب ہلاکتیں ہوئیں۔(40)

جنوری1990 میں پاکستانی حکام کی جانب سے ایک بار پھر سفارتی کوششیں سامنے آئیں ۔ ان کوششوں نے حالات کو مزید بگاڑ دیا۔وزیر خارجہ صاحبزادہ یعقوب خان نے نئی دلی کا تین روزہ دورہ کیا، جو 21 جنوری کو شروع ہوا۔انہیں غالبا کوئی سخت پیغام .....شاید ایٹمی جنگ کی دھمکی ..... دے کر بھیجا گیا تھا۔[41] بھارتی حکومت کا جواب بھی غیر مبہم طور پر منفی تھا۔جیسا کہ کارگل کمیٹی جو بھارتی حکومت کی جانب سے قائم کی گئی تھی کی یہ رپورٹ کہتی ہے:

''انہوں (صاحبزادہ یعقوب خان) نے کشمیر کی پیچیدہ صورت حال کی طرف اشارہ کرتے ہوئے یہ پیغام پہنچانے کی کوشش کی کہ حالات قابو سے باہر بھی ہو سکتے ہیں۔جس انداز سے یہ پیغام پہنچایا گیا اسے وی پی سنگھ اور آئی کے گجرال دونوں نے ہی الٹی میٹم کے طور پر لیا۔اس پیغام کو اتنا سنجیدہ لیا گیا کہ فوری طور پر ہی سیاسی معاملات سے متعلق کابینہ کی کمیٹی کا غیر رسمی اجلاس بلایا گیا اور اس پیغام سے متعلق بحث کی گئی''[42]

کابینہ کی اس کمیٹی کے اجلاس کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد بھارتی وزیراعظم نے کہا کہ بھارت پاکستان کی طرف سے کی گئی کسی بھی کارروائی کا جواب دے گا .....چاہے اس کا مطلب جنگ ہی کیوں نہ ہو۔دوسری طرف صاحبزادہ یعقوب خان بھارتی دورے سے واپس آئے تو انہوں نے بھرپور، جارحانہ اور جنگجویانہ انداز میں نیشنل ٹیلی ویژن پر اپنی کشمیر پالیسی کے حوالے سے بیان جاری کیا۔[43]

کشمیر میں جاری پرتشدد تحریک پر جہاں اسلام آباد اور نئی دلی کے درمیان زبانی جنگ جاری تھی ، بھارت نے انہی دنوں موسم سرما کی اپنی فوجی مشقوں کا آغاز راجستھان میں کر دیا(یہ مشقیں براس ٹیک مشقوں کے مقابلے میں کہیں محدود تھیں)۔فوجی مشقوں والا علاقہ مہاجن ..... راجستھان کا علاقہ..... جہاں بھارتی مسلح یونٹ مشقوں میں مصروف تھے، پاکستان کے شہر ملتان سے تقریبا160 کلومیٹر کی دوری پر واقع تھا۔ اور ملتان وہ علاقہ تھا جہاں دسمبر میں ہونے والی ضرب مومن مشقوں کے بعد سے پاکستان افواج بشمول ریزو ڈویژن موجود تھیں[44] ۔پاکستان نے اپنی ریزرو فوج کو انٹرنیشنل بارڈر کی پاس اس جگہ حرکت دے لی جہاں سے وہ آسانی سے تیز حملے کر سکتی تھی۔ پاک بھارت فضائیہ بھی انتہائی الرٹ پوزیشن میں آ چکی تھیں[45] ۔ایک بار پھر دونوں ملکوں کی افواج آمنے سامنے تھیں۔فروری کے اختتام

تک تناؤ عروج پر تھا اور ابھی آگے بھی بڑھ رہا تھا۔

بحران کا عروج

بیان بازی کا سلسلہ اور بحران اب اپنے عروج کو پہنچ چکا تھا۔13 مارچ کو مظفر آباد میں منعقد ہونے والی ریلی کے موقع پر بے نظیر بھٹو نے تقریر کرتے ہوئے وعدہ کیا کہ وہ کشمیریوں کی علیحدگی پسند تحریک کی حمایت میں 'ہزار سال کی جنگ' اور اس کے لیے درکار کئی ملین روپے خرچ کرنے کو تیار ہیں۔ 10 اپریل 1990 کو پارلیمنٹ کے سامنے اپنے خطاب میں وی پی سنگھ نے اراکین اسمبلی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ 'نفسیاتی طور پر جنگ کے لیے تیار رہیں'۔13 مارچ کی مظفر آباد میں ہونے والی ریلی میں بے نظیر بھٹو کے بیان کا جواب دیتے ہوئے وی پی سنگھ نے کہا:

''وہ لوگ جو ایک ہزار سال تک جنگ لڑنے کی بات کر رہے ہیں، میں انہیں خبر دار کر رہا ہوں کہ کیا وہ لوگ ایک ہزار گھنٹے تک بھی یہ جنگ جاری رکھ سکیں گے''

15 اپریل کو بھارتی ہوم منسٹر مفتی محمد سعید (ایک کشمیری) نے کہا کہ جنگ'' بالکل بجا ہے اگر کشمیر کو علیحدگی پسندوں کے پنجے سے چھٹکارا پانے کا مقصد حاصل کر لیا جاتا ہے''(46)

تند و تیز بیانات کے اس سلسلے نے بحران میں امریکی دلچسپی کو سنجیدہ اور زیادہ مربوط کرنے کے علاوہ پاکستان اور بھارت کو اپنی فوجی صلاحیتوں پر نظر ثانی اور تجزیہ کرنے پر مجبور کر دیا۔ وزیر اعظم وی پی سنگھ کی تقریر کے بعد پاکستان کے آرمی چیف جنرل مرزا اسلم بیگ نے اپنے فوجی کمانڈروں کو کہا کہ وہ راجستھان میں جاری بھارتی افواج کی مشقوں کے حوالے سے تفصیلی تخمینہ لگائیں، جس میں پاکستان کی خفیہ ایجنسیوں کے مطابق ایک لاکھ بھارتی فوجی شریک تھے اور جو انٹرنیشنل بارڈر سے 80 کلومیٹر دور ہو رہی تھیں۔ بھارتی افواج کے ترجمان نے کہا کہ ان مشقوں میں صرف دو ایسے یونٹ شریک ہیں جنہیں حال ہی میں ٹینکوں سے مسلح کیا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ حملہ آور فوج کا باقی حصہ دور امن کی حالت میں اپنے کنٹونمنٹ میں موجود ہے۔14 اپریل کو جی ایچ کیو کی جانب سے پارلیمنٹ کی ایک کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ مسلح افواج اس وقت ''جنگ کی مکمل تیاری کی حالت میں ہیں اور کسی بھی طرح کے بیرونی حملے کے خطرے سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں۔''(47)

MashalBooks.org

امریکی ڈیپارٹمنٹ آف سٹیٹ اس تمام صورت حال کو تشویش بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا۔18اپریل کو امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے انڈر سیکرٹری رابرٹ کمٹ کی جانب سے پہلا باقاعدہ بیان سامنے آیا جس میں اس نے خبردار کرتے ہوئے کہا''حالات کا غلط تخمینہ لگایا جارہا ہے جس کے خطرناک نتائج نکل سکتے ہیں۔''بھارتی اور پاکستانی حکام کو پیشگی اطلاع دے کر اسلام آباد اور نئی دلی میں مقررامریکی ملٹری اتاشی اگلے مورچوں پر جا کر فوجوں کی صورت حال کا معائنہ جنوری سے کر رہے تھے۔بحران کے دور عروج میں ہر دوسرے ہفتے میں دونوں ملکوں کے امریکی اتاشی جا کر انٹرنیشنل بارڈر اور کراس آف لائن کے ان میدانوں کا تجزیہ کر رہے تھے جو جنگ کے ممکنہ میدان ہو سکتے تھے۔اس دوران جب بڑے پیمانے پر انفینٹری کی تعیناتی کا مشاہدہ کیا جارہا تھا،نئی دلی میں تعینات امریکی ملٹری اتاشی نے دیکھا کہ کشمیر کی سرحد پر بھارتی فوج کا اضافہ کراس بارڈر اور کراس دی لائن آف کنٹرول فلٹریشن روکنے کے لیے بھارت کے اعلان شدہ مقاصد کے عین مطابق تھا۔جہاں تک انٹرنیشنل بارڈرز کا تعلق تھا انہیں اس حوالے سے کوئی ایسی سرگرمیاں مشاہدے میں نہ آئیں جو فوجی جارحیت کا اشارہ دیتیں۔مثال کے طور پر انہیں اسلحے اور جنگی سازوسامان پہنچانے کے لیے ٹرینوں کے متعین کیے جانے کے کوئی ثبوت نہ ملے۔(48)

اس مقام پر پاکستان کو سب سے زیادہ تشویش ان فوجی مشقوں سے متعلق تھی جو راجستھان میں منعقد ہورہی تھیں۔دوسری طرف بھارتی مسلح افواج کو ان پاکستانی افواج سے متعلق تشویش تھی جو ضرب مومن مشقوں کی تکمیل کے باوجود بھی انٹرنیشنل بارڈر پر طویل پڑاؤ ڈالے ہوئی تھیں۔بھارتی فضائیہ کے سکوارڈرن انتہائی چوکس حالت میں تھے تاکہ پاکستانی ہائی الرٹ فضائیہ کی کسی کارروائی کا بروقت مقابلہ کیا جا سکتا۔ٹھیک اسی دن جب پاکستان کی پارلیمنٹ کو فوجی حوالوں سے بریفنگ دی جارہی تھی وی پی سنگھ میڈیا کو بھارت کی فوجی تیاریوں سے متعلق آگاہ کر رہے تھے۔انہوں نے بھارتی میڈیا کو بتایا کہ پاکستان کی جانب سے بڑی تعداد میں مسلح رجمنٹس کی انٹرنیشنل بارڈر پر تعیناتی حملے کا پیش خیمہ ہوسکتی ہے.....انہوں نے میڈیا کو یہ بھی بتایا کہ کشمیر کی سرحد پر پاکستانی افواج 'ریڈالرٹ' حالت میں ہیں۔(50)

اختتامی مرحلہ

دو ہفتوں تک تناؤ اپنے عروج پر قائم رہا اور اس کے بعد موجود تناؤ میں کمی کے آثار نظر آنے لگے۔ بھارتی انڈر سیکرٹری نریش چندرا نے راولپنڈی اور اسلام آباد کا خفیہ دورہ کیا اور پاکستان کی فوجی اور سیاسی قیادت کو یہ یقین دلایا کہ بھارتی افواج پاکستان پر حملے کا کسی قسم کا ارادہ نہیں رکھتیں۔ اس یقین دہانی کی توثیق امریکی حکام کی جانب سے بھی ان معلومات کی روشنی میں آ گئی جو نئی دلی اور اسلام آباد میں موجود ان کے فوجی اتاشیوں نے اگلے مورچوں پر جا کر حاصل کرنے کے بعد آگے بھیجی تھیں۔ ان چھوٹے چھوٹے اقدام نے آگے آنے والے بڑے اقدامات کے حوالے سے سہولت کار کا کردار نبھایا۔ 25 اپریل کو پاکستان اور بھارت کے لیڈرز نے دونوں ملکوں کے وزرائے خارجہ کی ملاقات کا اہتمام نیو یارک میں جاری جنرل اسمبلی کے اجلاس میں ضمنی حوالوں سے کیا۔ اعلیٰ حکام کی ہدایات کے مطابق دونوں ملکوں کے وزرائے خارجہ نے اس ملاقات میں اتفاق کیا کہ موجودہ تناؤ کی کیفیت میں کمی لائی جائے، جس کے لیے دونوں ملکوں کے DGMOs کے درمیان ہاٹ لائن موثر کرنے اور ابلاغ کے تمام ذرائع کھلے رکھنے پر اتفاق ہوا۔ اس ملاقات کے بعد دونوں ملکوں کی جانب سے مزید فوجیں بارڈر پر تعینات کرنے کا سلسلہ مکمل طور پر رک گیا۔ یہ اعلیٰ سطحی مداخلت کارگر رہی۔ جیسا کہ چیری، چیمہ اور کوہن کے مندرجہ ذیل تجزیے سے ظاہر ہوتا ہے:

''طرفین کو اس بات کا علم تھا کہ بہت سے عوامل جنگ کے بھٹی کو گرمانے کے خلاف نشاندہی کر رہے تھے۔ سیاسی لیڈروں اور باسز کی جانب سے واضح ہدایات کی عدم موجودگی کے باوجود دونوں ملک جنگ سے بچنا چاہتے تھے۔ اگرچہ اس کے بعد بھی کچھ عرصہ تک سیاسی لیڈروں کی جانب سے ایسے مبہم بیانات آتے رہے جو کشیدگی کا پتہ دے رہے تھے''(51)

بڑے پیمانے پر ہونے والی پاک بھارت اہلکاروں کی ملاقاتیں جن میں فوجوں کی اگلے مورچوں سے واپسی کے حوالے سے لائحہ عمل پر بات چیت کی جا رہی تھی دونوں ملکوں کے اس عزم کے اظہار کی علامتیں تھیں کہ دونوں ہی ملک فوجوں کی کیمپوں میں واپسی کے حوالے سے سنجیدہ ہیں۔ اور تناؤ کم کرنا چاہتے ہیں۔

امریکی سفیر اور فوجی اتاشی جو دونوں ملکوں میں تعینات تھے، نے دونوں وزرائے خارجہ کے

سامنے اپنے 25اپریل کے بیان کو کئی مفید طریقوں سے دہرایا۔اسلام آباد اور نئی دلی میں موجود امریکی سفارتخانے مسلسل رابطے میں تھے اور کرائسس منیجمنٹ کے عمل کو مربوط انداز میں آگے بڑھاتے ہوئے جنگ سے متعلق افواہوں کی تردید کر رہے تھے۔جب مئی کے شروع میں فوجوں کی واپسی کا پہلا مرحلہ مکمل ہو گیا تو اس موقع پر اگلی پیش رفتوں کو ممکن بنانے کے لیے دونوں ملکوں نے اقوام متحدہ کو استعمال کیا۔(52) جیسا کہ ہوورڈ شیفر کا کہنا ہے:''دونوں ملکوں کی افواج ایک دوسرے کی پیش رفتوں کے حوالے سے جذباتی ردعمل دے رہی تھیں اور واشنگٹن کی ابتدائی مداخلتیں اسی حوالے سے تھیں کہ دونوں ملکوں کی بلاوجہ کی تشویشوں کو کم کیا جائے''(53)

16 مئی کو وائٹ ہاؤس کی جانب سے اعلان کیا گیا کہ ڈپٹی نیشنل سکیورٹی ایڈوائزر رابرٹ گیٹس خطے کا دورہ کریں گے۔20 مئی کو رابرٹ گیٹس اسلام آباد پہنچے اور پاکستان کے صدر غلام اسحاق خان اور آرمی چیف جنرل مرزا اسلم بیگ سے ملاقاتیں کیں۔بعد ازاں وہ بھارت روانہ ہوئے جہاں وزیراعظم وی پی سنگھ، خارجہ امور کے وزیر آئی کے گجرال اور وزیر مملکت برائے دفاع راجا رامنا سے ملے۔(54) رابرٹ گیٹس نے غلام اسحاق خان اور مرزا اسلم بیگ کو بتایا کہ امریکی وار گیم نے واضح طور پر اشارہ دیا ہے کہ پاکستان بھارت کے ساتھ جنگ کرنے کی صورت میں ہار جائے گا اور یہ بھی کہا کہ اگر دونوں ملکوں کے درمیان کوئی جنگی صورت حال بنی تو امریکہ اس میں پاکستان کی کسی قسم کی کوئی مدد یا مداخلت نہیں کر سکے گا۔نئی دلی میں رابرٹ گیٹس نے یہ پیغام پہنچایا کہ بھارت کو ایسے قدم اٹھانے سے گریز کرنا چاہیے جو فوجوں کی بڑے پیمانے پر نقل وحرکت کا باعث بن جائیں۔اس نے امریکی وار گیمز کے تجزیے سے بھارت کو بھی آگاہ کیا اور یہ اضافہ بھی کیا کہ اگر بھارت یہ جنگ جیت بھی جائے تو مختصر المیعاد فوائد کی نسبت طویل المیعاد فوائد کو زیادہ زک پہنچے گی(55) ۔رابرٹ گیٹس نے بھارتی حکام کے ساتھ یہ وعدہ بھی کیا کہ امریکہ افواج کی اگلے مورچوں سیمشترکہ واپسی کے عمل میں معاونت کرے گا اور اعتماد سازی کے حوالے سے اقدامات (سی بی ایمز) بھی تجویز کیے تاکہ مستقبل میں غیر متوقع فوجی صورت حال سے بچا جا سکے۔(56)

ماسکو اور بیجنگ کی جانب سے بھی اسلام آباد اور نئی دلی کو پیغامات بھیجے گئے جن میں افواج کی اگلے مورچوں سے واپسی کی درخواست کی گئی تھی۔رابرٹ گیٹس کے خطے کے دورے کے

دو ہفتے کے اندر اندر بحران تقریباً ختم ہو گیا۔ بھارتی افواج کے ترجمان نے راجستھان میں جاری بھارتی فوجی مشقوں کے خاتمے کا اعلان کیا۔ علاوہ ازیں بھارتی حکومت کی جانب سے پاکستان کے لیے اعتماد سازی کے اقدامات کے حوالے سے بھی کچھ تجاویز سامنے آئیں، جس میں پاکستان اور بھارت کی فضائیہ کی جانب سے سرحدوں کی خلاف ورزی کی روک تھام کی تجویز بھی شامل تھی جس پر بعد ازاں 1991 میں اتفاق بھی ہو گیا۔ پاکستان نے بھی متنازعہ مسائل کے حوالے سے سیکرٹری سطح کے مذاکرات کی تجویز دی۔ (57)

MashalBooks.org

کارگل بحران

تمہید اور پیش واقعہ

سابقہ جموں وکشمیر کی ریاست 1947 میں دونوں ملکوں بھارت اور پاکستان میں تقسیم ہوئی اور اس دن سے لے کر آج تک دونوں ملکوں کے مابین وجہ نزاع چلی آرہی ہے۔کارگل بحران جو تقسیم کے بعد کشمیر پر تیسری جنگ کا سبب بنا، کا آغاز چند پاکستان سینئیر فوجی اہلکاروں کے منصوبے سے ہوا جو کشمیر کی جغرافیائی صورت حال کو بدل کر اپنے حق میں کرنا چاہتے تھے۔ فیروز حسن خان، پیٹر لیوی اور کرسٹوفر کلے نے اس منصوبے کے کلیدی کرداروں میں چیف آف آرمی سٹاف جنرل پرویز مشرف ، چیف آف جنرل سٹاف لیفٹیننٹ جنرل عزیز احمد، 10 کورپس کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل محمود احمد اور جنرل آفیسر کمانڈنگ فورس کمانڈ آف ناردرن ایریاز میجر جنرل جاوید حسن کو شامل کیا ہے۔(58)

کارگل، ریاست جموں کشمیر کے علاقوں سری نگر اور لیہہ کے مابین ایک چھوٹا سا قصبہ ہے۔کارگل سے اوپر کا پہاڑی علاقہ کسی بھی جنگی سرگرمی کے لیے ناموزوں ہے۔قصبے کے اردگرد موجود چوٹیوں کی اوسط لمبائی 4000 فٹ ہے اور چھوٹی چوٹیاں بھی انتہائی دشوار گزار ہیں۔ اس علاقے میں نومبر سے لے کر جولائی اور مئی تک برف کی سفید چادر بچھی رہتی ہے۔اس طویل سرد موسم میں عموما بھارتی اور پاکستانی افواج، جو کشمیر کی لائن آف کنٹرول پر تعینات ہوتی ہیں، اپنے اگلے مورچوں کو چھوڑ کر چلی جاتی ہیں۔جب برف پگھل جاتی ہے تو سری نگر کو لیہہ سے جوڑنے والی سڑک 1A گاڑیوں کی آمدورفت کے لیے کھل جاتی ہے۔یہ راستہ بھارتی ریاست جموں وکشمیر کے مشرقی ترین علاقے لداخ تک کمک پہنچانے

کے حوالے سے بھارت کی اہم ترین گزرگاہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔اس سڑک سے بھارت کو وہ راستہ بھی ملتا ہے جو اسے سیاچن کے متنازعہ گلیشیر تک پہنچنے کے لیے راہداری دیتا ہے۔[59] کارگل ریویو کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق ہائی وے 1A میں رکاوٹ ''کئی سیاسی، سفارتی اور فوجی نتائج کی'' حامل ہے۔[60]

جنرل پرویز مشرف کی طرف سے تیار کیا گیا منصوبہ جو انہوں نے وزیراعظم نواز شریف سے بھی ڈسکس کیا، یہ تھا کہ ناردرن لائٹ انفینٹری کے کچھ جوانوں کو ان دنوں میں جب سرد موسم ہو، لائن آف کنٹرول کراس کرا کے متعدد مختلف مقامات پر تعینات کیا جائے جو دراس اور کارگل کے درمیان 100 کلومیٹر طویل کوریڈور پر واقع ہے۔اس کوریڈور میں ہائی وے 1A کا لائن آف کنٹرول سے فاصلہ کم سے کم رہ جاتا ہے۔اگلے مورچوں پر فوجوں کی واپسی سے قبل ان دخل اندازوں کو اس کاریڈور میں تقریباً 100 اہم مقامات پر اپنے بنکرز تعمیر کرنے تھے۔[61] منصوبہ یہ تھا کہ ان دنوں جب بھارتی فوجیں اگلے مورچوں سے واپس جا چکی ہوں گی تو یہ مقامات بھارت میں موجود فیصلہ سازوں پر برتری اور کامیابی کے لیے استعمال ہوں گے، کم از کم سکیم بنانے والوں کے ذہن میں یہی تھا۔

پیٹر لیوی کے مطابق:

''کارگل منصوبہ سازوں نے یہ فرض کر لیا تھا کہ بھارت ان کی اس مقامی فوجی مہم جوئی کے حوالے سے ردعمل نہیں دے گا جو انہوں نے فوجی ذرائع سے بہتر زمینی پوزیشن کے حوالے سے کی ہے اور اگر اس نے کوئی ردعمل دیا بھی تو پاکستان کی افواج اور اتحادیوں کی جانب سے مشترکہ دباؤ ممکنہ جوابی حملے کو نیوٹرالائز کرنے میں کامیاب ہو جائے گا''[62]

اس دخل اندازی پر بین الاقوامی پریشر سے نمٹنے کے لیے پاکستان کی فوجی لیڈرشپ نے یہ نقطہ نظر اختیار کیا کہ اس منصوبے اور اس کی عملداری میں ان کا کوئی ہاتھ نہیں تھا۔

جب بھارت کو کافی تاخیر کے بعد اس دخل اندازی کا پتہ چلا تو اس وقت تک پاکستان ناردرن لائٹ انفینٹری کے سپاہیوں کو مجاہدین کا نام دے کر آپریشن کی جگہ پر تعینات کر چکا تھا۔اس پورے آپریشن میں اپنی شمولیت کے انکار کے حوالے سے پاکستان نے..... اس وقت جب بھارتی افواج اور فضائیہ کی جانب سے جوابی لڑائی شروع ہوئی تو..... یہ طرز عمل

اختیار کیا کہ انہوں نے دخل اندازوں کو لاجسٹک سپورٹ نہ دینے کا فیصلہ کیا ہے ۔اسلام آباد کی جانب سے تیار کی گئی انوکھی کور سٹوری کا پردہ اس وقت چاک ہو گیا جب بھارت کے خفیہ اداروں نے جنرل پرویز مشرف اور چیف آف جنرل سٹاف لیفٹیننٹ جنرل محمد عزیز کے مابین ہونے والی ایک فون کال کو ریکارڈ کیا جس میں دونوں کے درمیان کارگل آپریشن کے متعلق بات چیت کی گئی تھی اور جس کی بدولت پاکستان کی فوجی قیادت کی اس آپریشن میں انتہائی فعال اور گہری شمولیت کا ثبوت سامنے آ گیا۔(63)

31مارچ1999 میں ایک بھارتی ہیلی کاپٹر، جو خفیہ معلوماتی مشن پر تھا اس نے دخل اندازی کیے گئے علاقے میں فٹ پرنٹس ڈھونڈ نکالے، بعد کی پروازوں میں اگرچہ انہیں دخل اندازوں کے بارے میں معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔ (64) بھارتی حکومت کو دخل اندازی سے متعلق مزید معلومات 6 مئی کو اس وقت ملیں جب مقامی چرواہوں میں سے کچھ لوگوں نے انہیں بتایا کہ ان دنوں جب موسم سرما میں اگلی فوجی چوکیوں پر سپاہی موجود نہیں ہوتے انہوں نے لائن آف کنٹرول کی بھارتی جانب کچھ لوگوں کو نقل وحرکت کرتے دیکھا۔(65) 7اور 9 مئی کے درمیان بھارتی افواج اور خفیہ ایجنسیوں کو اس علاقے میں دخل اندازی کرنے والوں سے متعلق زیادہ مستند معلومات بھی مل گئیں۔جوں جوں پوزیشنیں دریافت ہوتی گئیں بھارت کی جانب سے ہر ایک پوزیشن کے لیے ایک بریگیڈ فوج تعینات کر دی گئی۔(66)

17 مئی کو بھارتی فوج نے دخل اندازوں کا پہلا باقاعدہ تخمینہ لگایا جو540 سے680 لوگوں کے درمیان تھا جو اس کاریڈور میں چار مختلف سیکٹرز میں موجود تھے۔(67) بھارت کی لڑاکا فوج نے اسی اثنا میں کچھ دخل اندازی کرنے والوں کو گرفتار بھی کیا جن سے تفتیش کے دوران جو معلومات ملیں ان کی روشنی میں مزید ثبوت بھی ان کے ہاتھ لگے، علاوہ ازیں ان لڑاکا فوجوں کی جوابی کارروائی میں دخل اندازوں کی جو ہلاکتیں ہوئیں ان کی ڈائریوں اور ڈاکومنٹس سے بھی بھارتی حکام کے ہاتھ کافی سارے ثبوت لگے۔جیسا کہ بروس رڈل کا کہنا ہے جو ان دنوں نیشنل سکیورٹی کونسل سٹاف میں متعین تھا اور جس نے بعد ازاں بتایا کہ پاکستان کی جانب سے آفیشل طور پر ملوث ہونے کا انکار ''تب کہیں بھی سنجیدگی سے نہیں لیا جا رہا تھا''(68)

MashalBooks.org

فوجی اقدامات

دخل اندازی کرنے والوں کو مار بھگانے سےمتعلق بھارتی افواج کے ابتدائی اقدام کو ناکامی کا سامنا ہوا اور انہیں کارگل سے پیچھے دھکیل دیا گیا۔ اس دوران بھارتی افواج کا بھاری نقصان بھی ہوا۔اس نقصان کے بعد مزید کمک لائی گئی جس میں انفینٹری بریگیڈز، بھاری آرٹلری یونٹس اور فضائی معاونت کے لیے بھارتی فضائیہ کے دستے بھی شامل تھے۔ بھارتی نیوی کے مشرقی بحری بیڑوں کو پاکستان کی جنوبی بندرگاہ کے سامنے تعینات کر دیا گیاجس سے پاکستان کی اہم ترین بندرگاہ خطرے کی زد میں آ گئی۔ بھارتی فضائیہ کی اس مشن میں شمولیت کا آغاز 26 مئی کو ہوا۔ فضائیہ کو وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی کی یہ ہدایات دی گئیں کہ لائن آف کنٹرول کو کراس نہیں کرنا۔فضائیہ کی اس مشن میں شمولیت کے بعد بھارت کو پہلا نقصان ایک مگ 21اور ایک مگ 27 کو گرائے جانے کی صورت میں ہوا۔[69] این ایل آئی کو 12.7 ملی میٹر اینٹی ائیر کرافٹ اسلحے سے مسلح کیا گیا تھا تا کہ اس کی دفاعی صلاحیت کو بڑھایا جا سکتا، تاہم یہ امر مبہم رہا کہ ان جہازوں کی تباہی کی وجہ اینٹی ائیر کرافٹ گنز بنیں، پائلٹ کی غلطی بنی یا پھر کسی فنی خرابی کی وجہ سے یہ جہاز تباہ ہوئے۔[70]

24 مئی کو بھارتی وزیراعظم واجپائی اور پاکستانی ہم منصب میاں نوازشریف کے مابین ٹیلی فون پر بات چیت ہوئی۔ اس گفتگو میں واجپائی کی طرف سے اس عہد کا اعلان کیا گیا کہ 'وہ تمام ممکنہ اقدامات اٹھائے جائیں گے' جوعلاقے سے دخل اندازوں کو پاک کرنے کے لیے ضروری ہوں گے'۔[71] دونوں کی جانب سے بیک چینل ڈپلومیسی کا بھی آغاز کیا گیا جس میں پاکستانی سفارت کار نیاز محمد اور بھارتی صحافی آر کے مشرا کو استعمال کیا گیا۔اسی دن امریکی سٹیٹ سیکرٹری کے اسسٹنٹ برائے جنوبی ایشیا کارل انڈرفرتھ نے واشنگٹن میں متعین پاکستان اور بھارت کے سفیروں کو خبر دار کیا کہ دونوں ملک مزید فوجی پیش رفت سے باز رہیں۔

26 مئی کو بھارتی فضائیہ کے ایک طیارے کی بدولت بھارتی خفیہ ایجنسیوں کو جنرل مشرف اور عزیز کی باہمی فون کال موصول ہوئی اور امریکی سیکرٹری آف سٹیٹ میڈیلین البرائٹ نے اس تنازع سے متعلق پاکستانی وزیراعظم نوازشریف سے بات چیت بھی کی۔[72] 29 مئی کو

بھارتی فوج کی جانب سے اس خطے میں ایک اضافی انفینٹری بریگیڈ کا اضافہ کیا گیا۔[73] آثار بتا رہے تھے کہ ابھی جغرافیائی اور فائر پاور کے حوالے سے مزید فوجی پیش رفتوں کا امکان موجود ہے۔

بحران اپنے عروج پر

کارگل بحران کا عروج کا دور جون 1999 تھا جب پاکستان اور بھارت کو اپنے جوہری ہتھیاروں کو ٹیسٹ کیے ابھی تیرہ مہینے گزرے تھے۔ یوں جب پاکستانی فارن سیکرٹری شمشاد احمد کی جانب سے یہ بیان آیا ''پاکستان اپنی جغرافیائی سرحدوں کے دفاع کے لیے کسی بھی قسم کے ہتھیاروں کو استعمال کرنے سے دریغ نہیں کرے گا'' تو اس بیان کے لفظوں میں واقعی وزن تھا۔[74] اس دھمکی کے بعد امریکی سفارتکاری میں تیزی آ گئی۔ امریکی صدر بل کلنٹن نے دونوں ملکوں کے وزرائے اعظم سے رابطہ کیا اور سیکرٹری آف سٹیٹ البرائٹ نے دونوں ملکوں کے وزرائے خارجہ کو پیغامات بھیجے۔[75]

12 جون 1999 میں دونوں ملکوں کے باہمی مذاکرات شروع ہوئے۔ پاکستانی وزیر خارجہ سرتاج عزیز آرمی سے ہدایات لے کر دلی گئے۔ وہاں انہوں نے تجویز پیش کی کہ اقوام متحدہ کے مشاہدہ کاروں کو بلا کر لائن آف کنٹرول پر لڑنے والوں کی صحیح لوکیشن معلوم کرا لی جائے، یہ وہ پیشکش تھی جس کے بارے میں پاکستان کا خیال تھا کہ بھارت اس کو رد کر دے گا۔ اس کے بعد پاکستان سفارت کاروں نے الزام لگایا کہ بھارت نے مذاکرات کا دروازہ بند کیا ہے۔ تاہم یہ مہم جوئی واشنگٹن کی اس ججمنٹ کو بدلنے میں ناکام رہی کہ اس بحران کی اصل ذمہ دار پاکستان آرمی ہے اور اس کو ہی بحران کو حل کرنے کے لیے پیش قدمی کرنا ہوگی۔

15 جون کو صدر کلنٹن نے وزیراعظم نواز شریف کو فون کیا اور کہا کہ کارگل سے اپنی فوجیں واپس بلا لیں۔ کلنٹن نے بھارتی وزیراعظم واجپائی کو بھی فون کیا اور امریکہ کی ڈپلومیٹک پوزیشن .....کہ پاکستان کو لازما کارگل سے اپنی فوجیں واپس بلانا چاہئیں..... سے آگاہ کیا تاکہ وہ فوجی اقدامات سے گریز کریں۔[76]

جوں ہی امریکی سفارت کاری کا عمل تیز ہوا پاکستان نے اپنی فوجی پیش رفتیں روک دیں۔ جب کارگل پر موجود پاکستانی فوجیوں کی موجودگی عوامی سطح پر پھیل گئی تو نیاز محمد اور

آر کے مشرا کے ذریعے جاری بیک چینل ڈپلومیسی بھی منسوخ کر دی گئی۔مزید براں سرتاج عزیز کی طرف سے پہنچائی گئی تجویز کو بھی بھارت نے پاکستان کی طرف سے پیدا کیے گئے بحران پر پردہ ڈالنے کی کوشش سمجھکر رد کردیا۔ سفارت کار کی سطح پر در آنے والے اس خلا کو سینئر امریکی ڈپلومیٹس نے بھرا۔ پورے جون کے مہینے میں امریکی صدر بل کلنٹن اور سیکرٹری آف سٹیٹ البرائٹ تحریری اور زبانی طور پر اپنے پاکستانی اور بھارتی ہم منصبوں سے رابطے میں رہے۔امریکی سنٹرل کمانڈ کے سربراہ جنرل انتھونی زینی نے 7اور 20جون کو جنرل پرویز مشرف سے بات چیت کی۔(77)

جون کے وسط تک سینیئر امریکی اہلکاروں کو اس بات کو یقین ہو گیا کہ مزید اور ناقابل کنٹرول فوجی اقدامات میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اس تخمینے کی وجہ دو اہم پیش رفتیں بنیں۔ پہلی پیش رفت امریکہ اور بھارت کے نیشنل سکیورٹی ایڈوائزرز برجیش مشرا اور سینڈی برگر کے درمیان ہونے والی وہ فون کال تھی جس میں برجیش مشرا نے کہا کہ بھارت لیے اب تحمل کی پالیسی پر مزید عمل پیرا رہنا ناممکن ہے اور غالبا اسے اپنی فوجوں کو لائن آف کنٹرول یا انٹرنیشنل بارڈر کراس کرنے کا حکم دینا پڑے گا۔تشویش کی دوسری وجہ وہ خفیہ معلومات تھیں جو وائٹ ہاؤس کو جون کے آخری دنوں میں موصول ہوئیں۔اس وقت کے امریکی ڈپٹی سیکرٹری آف سٹیٹ سٹروب ٹالبوٹ کے مطابق انٹیلی جنس ایجنسیوں نے اشارے دیے ہیں کہ ''پاکستان اپنی جوہری طاقت کو استعمال کرنے کے حوالے سے اقدامات کر رہا ہے''(78)

جون کے آخری ہفتے میں زینی نے اسلام آباد کا دورہ کیا اور نواز شریف اور پرویز مشرف سے ملاقاتیں کیں۔ان کا پیغام اگرچہ سادہ تھا مگر سرد مہری پر مبنی تھا کہ ''اگر آپ اپنی فوجوں کو واپسی کا حکم نہیں دے رہے تو آپ جنگ اور اپنے ملک کی لیے جوہری تباہی کا باعث بن رہے ہیں۔اور یہ خبر دنیا کے ہر شخص کے لیے ایک بری خبر ہوگی''(79)

تناؤ میں کمی

اس موقع پر وزیراعظم نواز شریف انخلا کی حکمت عملی کے حوالے سے پریشان تھے۔ پاکستان عالمی سطح پر مکمل طور پر تنہا ہو چکا تھا اور فل سکیل وار یا ایٹمی جنگ کا خطرہ سر ابھارے کھڑا تھا۔نواز شریف کو یہ بھی خطرہ تھا کہ اگر اس تمام تر مہم جوئی کا الزام انہوں نے فوج پر لگایا تو

ملکی افواج ایک بار پھر حکومت پر قبضہ کر لیں گی۔2جون1999 کو نواز شریف نے بل کلنٹن کو فون کیا اور کہا کہ امریکہ فی الفور مداخلت کرے اور ''لڑائی رکوائے اور کشمیر کا مسئلہ بھی حل کرائے''(80) اگلے دن نواز شریف نے ایک بار پھر بل کلنٹن کو فون کیا اور کہا کہ وہ واشنگٹن آنا چاہتے ہیں اور صدر کلنٹن سے ذاتی طور پر ملنا چاہتے ہیں اور ان کی مدد لینا چاہتے ہیں۔ان دونوں ہی موقعوں پر کلنٹن نے واضح کر کے کہا کہ واپسی کا اب ایک ہی راستہ ہے کہ پاکستان اپنی افواج کو لائن آف کنٹرول سے واپس لائے۔جوں ہی نواز شریف واشنگٹن کے لیے روانہ ہوئے کلنٹن کے معاونت کاروں نے دو بیانات تیار کرنا شروع کر دیے ۔ ایک بیان یہ تھا کہ نواز شریف فوجوں کو واپس بلانے پر تیار ہو گئے ہیں اور دوسرا بیان اس صورت میں کہ اگر وہ اس بیان کے دینے سے انکار کرتے تو جاری کیا جانا تھا۔جو دوسرا بیان لکھا گیا تھا اس میں بحران کی ساری ذمہ داری پاکستان پر ڈالی جانی تھی۔(81)

14 جون کو نواز شریف واشنگٹن پہنچے۔کئی گھنٹوں کی بات چیت کے بعد اس مشترکہ بیان میں تھوڑی بہت ترمیم کے بعد نواز شریف راضی ہو گئے جس کے مطابق پاکستان فوجی انخلا پر تیار ہو گیا ہے ، وہ بیان جو کلنٹن کے عملے نے پہلے ہی تیار کر رکھا تھا۔بیان میں کہا گیا تھا کہ کارگل بحران میں ''ایسے بیچ موجود ہیں جو کسی بڑے تنازع کا موجب ہو سکتے ہیں'' اور اس میں مزید بتایا گیا کہ ''صدر اور وزیر اعظم کے درمیان اس بات پر اتفاق ہوا ہے کہ لائن آف کنٹرول کی انہی پوزیشنوں پر بحالی کے لیے شملہ معاہدے کے مطابق ٹھوس قدم اٹھائے جائیں گے''۔(82) اس بیان نے وہ بنیادیں رکھیں جن کی بدولت این ایل آئی ٹروپس کی کارگل کی چوٹیوں سے واپسی کی راہ ہموار ہوئی۔12 جولائی کو نواز شریف نے اپنی تقریر میں اس بات کا اعلان کیا اور پاکستانی فوج کی اس میں ملوث ہونے سے اس وقت بھی انکار کیا۔بلکہ نواز شریف نے اصرار کیا کہ ''اب جبکہ مجاہدین کامیابی سے دنیا کی توجہ کشمیر کے مسئلے کی طرف مبذول کرانے میں کامیاب ہو گئے ہیں تو یہ بات قابل فہم ہے کہ اب وہ واپس آنا چاہتے ہیں''۔(83)

MashalBooks.org

جڑواں چوٹیوں کا بحران

تمہید اور پیش واقعہ

کارگل بحران کے خاتمے کے دو سال بعد تک بھی پاک بھارت باہمی تعلقات خستہ تھے۔نئی دلی کی جانب سے2002 کا سارک سمٹ کومنسوخ کر دیا گیا جس کی وجہ ان کا یہ اعتراض تھا کہ ''اسلام آباد پر فوج کی حکومت ہے''[84] جموں وکشمیر میں پر تشدد واقعات کا سلسلہ ہنوز جاری تھاجسکا نقطہ عروج یکم اکتوبر2001 کا وہ واقعہ بنا جب سری نگر کی صوبائی اسمبلی پر بارود سے بھرے ایک ٹرک نے حملہ کیا جس میں35 بے گناہ شہری مارے گئے۔ پاکستانی انٹیلی جنس سروسز سے لنکس رکھنے والے دہشت گرد گروہ جیش محمد نے شروع میں اس حملے کی ذمہ داری قبول کی مگر بعد ازاں اپنے ملوث ہونے سے انکار کر دیا۔[85] 13 دسمبر کے حملے نے سری نگر اسمبلی پر ہونے والے حملے کو بھی پس منظر میں دھکیل دیا۔اس روز پانچ مسلح دہشت گردوں نے رائفلوں اور دھماکہ خیز مواد کے ساتھ نئی دلی میں بھارت کی پارلیمنٹ پر دھاوا بول دیا۔بظاہر ان حملہ آوروں کی منصوبہ بندی یہ تھی کہ ایوان کے جاری اجلاس پر حملہ کیا جائے اور اراکین پارلیمنٹ بشمول وزیراعظم کو ہلاک کیا جائے۔ان کی بدقسمتی اور اس چھوٹی سی سکیورٹی فورس کی کوششوں سے ، جس کے ذمے اسمبلی کی عمارت کی سکیورٹی تھی، یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک نہ پہنچ سکا۔دہشت گردوں کے حملے سے بے خبر اس دن ایوان کا اجلاس قبل از وقت ہی ختم ہو گیا تھا اور بہت سے اراکین بشمول سینئیر وزرا حملے کے وقت اسمبلی چھوڑ کر جا چکے تھے[86]۔

فوجی اقدامات

MashalBooks.org

امریکی صدر بل کلنٹن اور سیکرٹری آف سٹیٹ کولن پاول نے حملے کے دن اپنے ہم منصب بھارتی اہلکاروں کو فون کیا اور حملے کے حوالے سے اپنی ہمدردی کا اظہار اور کسی بھی قسم کی معاونت کا اظہار کیا۔اس گفتگو میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ حملہ آوروں کی مکمل شناخت اور تفتیش سے قبل کسی کو ان حملوں کا ذمہ دار قرار نہیں دیا جائے گا۔ پاکستان نے مشترکہ تفتیش کے حوالے سے تجویز دی تا کہ حملہ آوروں کی شناخت ہو سکے۔نئی دلی کی جلدی مکمل ہوجانے والے تفتیش میں لشکر طیبہ اور جیش محمد کو ان حملوں کا ذمہ دار قرار دیا گیا۔ جموں وکشمیر کی ریاستی اسمبلی پر ہونے والے حملے کی طرح یہاں بھی حملہ آوروں نے حملے کے فورا بعد کراچی فون کیا جو جیش محمد کے آپریشنل ونگ کی مرکزی کمین گاہ ہے۔ پاکستانی حکومت کے ترجمان کی طرف سے کہا گیا کہ یہ ٹیلی فون کالیں اتفاقی ہوسکتی ہیں اور کوئی ٹھوس شہادت نہیں بنتیں یا پھر ہوسکتا ہے کہ اس ثبوت کے ذریعے پاکستان پر یہ الزام لگانے کی کوشش کی جارہی ہو کہ یہ حملہ پاکستان نے کرایا ہے۔ پاکستانی حکومت کے ترجمان نے اس موقع پر یہ بھی کہا کہ پاکستان کی حکومت یا فوج کا بھارتی پارلیمنٹ پر ہونے والے حملے میں کوئی ہاتھ نہیں ہے۔[87]

سینیئر بھارتی حکام کی جانب سے پاکستانی ہم منصبوں کو مطالبات کی ایک فہرست بھیجی گئی، جس میں شامل مطالبوں میں، پاکستانی جیلوں میں قید 20 دہشت گردوں کی بھارت کو حوالگی، پاکستانی علاقوں میں موجود عسکری ٹریننگ کیمپوں کی بندش، اثاثوں کی منجمند گی اور جیش محمد اور لشکر طیبہ کے لیڈروں کی گرفتاری اور لائن آف کنٹرول سے دہشت گردوں کی فلٹریشن، شامل تھے۔[88] بھارت نے، ان مطالبات کے علاوہ بڑی تعداد میں اپنی فوجوں کو بھی نقل وحرکت دینا شروع کر دی اور ان کو لائن آف کنٹرول اور انٹرنیشنل بارڈر پر تعینات کر دیا، یہ فوجی تعیناتیاں 1971 کی جنگ کے بعد ہونے والی سب سے بڑی فوجی تعیناتیاں تھیں۔[89] اس فوجی پیش قدمی کو آپریشن پراکرم کا نام دیا گیا جس میں 80000 فوجی بشمول لڑاکا دستے جو ٹینکوں اور بھاری آرٹلری سے لیس تھے ، شامل تھے۔ فضائیہ کو متحرک کر دیا گیا اور کچھ سکوارڈنز کو بارڈر کے قریب اگلے مورچوں پر قائم اڈوں پر تعینات کیا گیا۔ جہاں تک بھارتی نیوی کا تعلق تھا تو اس کے مشرقی فلیٹ کے عناصر نے بھی بحیرہ عرب میں موجود مغربی بیڑے کو جوائن کر لیا تھا جس سے پاکستان کوسٹ لائن کو مکمل بندش کا خطرہ پیدا ہوگیا[90]۔

بھارتی فوج کے بین الاقوامی سرحدیں اور لائن آف کنٹرول پار کر کے حملوں کے منصوبوں کی

خبریں میڈیا میں بحث کا موضوع بنی ہوئی تھیں۔ رپوٹوں کے مطابق ان منصوبوں میں کمانڈو ریڈز شامل تھے جو لائن آف کنٹرول کی دوسری جانب دہشت گردوں کے ٹریننگ کیمپس پر ہونے تھے اور بڑے حملے بھی اس منصوبے میں شامل تھے جن کا مقصد لائن آف کنٹرول سے دوسری جانب علاقے پر قبضہ کیا جانا تھا۔ جموں وکشمیر میں موجود بھارتی فوج کے دستوں کو جنگی پوزیشن میں لے آیا گیا۔(91)

آپریشن پراکرم پاکستانی سینیئر حکام کو بھارتی مطالبات ماننے پر مجبور کرنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ اس وقت جب بھارت اپنی فوج کو اگلے مورچوں پر تعینات کر رہا تھا 19 دسمبر کو پاکستان کے فارن آفس سے بیان جاری کیا گیا جس میں بھارتی مطالبات کو رد کر دیا گیا اور کہا گیا کہ بھارت کو مشترکہ انکوائری کے حوالے سے کوئی دلچسپی نہیں ہے اور بھارت نے پاکستانی حکام کو مطلوبہ شہادتیں بھی مہیا نہیں کی ہیں۔20 دسمبر کو صدر بش نے لشکر طیبہ کے اثاثے منجمند کر دیے۔ 24 دسمبر کو امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے لشکر طیبہ اور جیش محمد کو اس امریکی فہرست میں جمع کر لیا جنہیں فارن ٹیررسٹ آرگنائزیشن کہا جاتا ہے۔اس اقدام کے بعد امریکی شہریوں کے لیے یہ بات غیر قانونی قرار پائی کہ وہ ان تنظیموں کو چندہ یا مادی مدد دے سکتے۔ علاوہ ازیں امریکی اہلکاروں کو اختیار مل گیا کہ وہ ان تنظیموں کے ارکان یا ان کی نمائندگی کرنے والوں کو ویزا دینے سے انکار کر دیں اور بیرونی امریکی بنکوں میں موجود ان تنظیموں کے بنک اکاؤنٹ بھی منجمند ہو گئے۔(92)

پہلی چوٹی

2001 کے اختتام کے قریب بحران اپنی پہلی چوٹی کے سرے پر پہنچ گیا تھا۔ پاکستانی اور بھارتی مسلح افواج کو متحرک کر کے اگلے مورچوں پر تعینات کیا جا چکا تھا جہاں وہ مختصر حکم پر جنگ شروع کر سکتے تھے۔دونوں ملکوں کی اعلی اتھارٹیز نے جوہری ہتھیاروں کو لے جانے والی ٹرانسپورٹ کو بھی انتہائی تیاری کا حکم دے دیا۔27 دسمبر کو بھارتی اخبار دی ہندو نے لکھا کہ بھارتی پرتھوی شارٹ بیلسٹک میزائلوں کو پنجاب میں ڈپلائے کیا جا رہا ہے۔ پاکستانی فوجوں کی جانب سے بھی حتف 1 اور حتف 2 شارٹ رینج بیلسٹک میزائلوں کو انٹرنیشنل بارڈر پر پنجاب میں ڈپلائے کرنے کی خبریں آئیں۔ یہ بھارتی اور پاکستان شارٹ بیلسٹک میزائل

روایتی اور جوہری دونوں قسم کے ہتھیاروں کو لے جانے کی صلاحیت کے حامل تھے[93]۔
دسمبر کے اختتام تک حکام کے لہجوں میں گرمی بڑھ چکی تھی۔30 دسمبر کو بھارتی وزیر خارجہ جارج فرنینڈس کا یہ بیان نقل ہوا'' ہم حملہ سہہ سکتے ہیں، اس سے محفوظ رہ سکتے ہیں اور جوابی حملہ بھی کر سکتے ہیں جس سے پاکستان ختم ہو جائے گا''۔ اس بیان میں مزید کہا گیا کہ''ہر کوئی آگے بڑھنے کی خواہش میں مرا جارہا ہے، بھارتی آرمی ہو یا فضائیہ سب کا یہی حال ہے۔حقیقت یہ ہے کہ انہیں جو چیز پریشان کر رہی ہے وہ یہ ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس مقام پر کوئی آکر یہ نہ کہہ دیا جائے کہ جنگ نہیں ہو رہی''[94]۔فوجی پیش قدمی کے علاوہ بھارتی لیڈروں نے کچھ اور بھی قدم اٹھائے تاکہ ان کے پاکستان ہم منصب بھارتی مطالبات کو ماننے کے حوالے سے دباؤ میں آسکیں۔یکم جنوری2002 نئی دلی اورلاہور کے مابین شروع ہونے والی حالیہ بس سروس کو بھی منسوخ کر دیا(جسکا افتتاح بھارتی وزیراعظم نے اپنے ہاتھوں سے کارگل بحران سے قبل فروری1999 میں کیا تھا)۔کراس بارڈر ٹرانزٹ روٹس اس سے پہلے دونوں ملکوں کے مابین باہمی تعلقات کی بہتری کے حوالے سے علامتی اہمیت کی حامل تھیں[95]۔

وقفہ

بحران کے پہلے عروج کے دوران فوجی گرما گرمی کو کنٹرول میں رکھنے کے حوالے سے متعدد عناصر کارفرما رہے۔آپریشن پراکرم کے تحت فوجی تعیناتیاں ایک ماہ تک جاری رہیں، اتنا ہی عرصہ پاکستانی فوج کونقل وحمل اورتعیناتی کے حوالے سے لگا، جس نے امریکہ اور دیگر فارن کرائسس منیجر کو موقع فراہم کیا کہ وہ گریز اور جنگ کو ٹالنے کے حوالے سے کوششیں کر سکیں۔ بھارت اور پاکستان کے لیڈرز اور ان کے کرائسس منیجرز بھی فوجی گہما گہمی اور تصادم سے جڑے خطرات سے متعلق تشویش کا شکار تھے۔بھارتی وزیراعظم واجپائی پیش قدمی کے حوالے سے جھجک رہے تھے کہ کہیں دور رس حوالوں سے باہمی نارمل تعلقات کی کوششیں ہوسکیں[96]۔

جنوری2002 میں دیگر متعدد واقعات بھی ہوئے جو جنگ مخالف تھے۔ایک پہلو تو یہ تھا کہ پاکستانی فوج کی ری ڈپلائی کی صلاحیت شاندار رہی تھی جو بھارتی حملے کے طے شدہ مقاصد

کے تیز تر حصول کی نفی کر رہے تھی[97]۔ علاوہ ازیں انڈین آرمی ہیڈ کوارٹر کی طرف سے بھارت کے سٹرائیک کورپس کے ہیڈ کو جنوری میں ہٹایا جا چکا تھا جو اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے ہوئے عمل کر رہا تھا۔ بھارتی حکومت کے اس اقدام سے اندازہ ہوتا تھا کہ اس ساری فوجی سرگرمی کا یہ مطلب نہیں تھا کہ اسے جنگ کا پیش خیمہ سمجھا جا تا[98]۔ سارک سمٹ جو نیپال میں منعقد ہوا، اس موقع پر 5 جنوری کو صدر پرویز مشرف کی جانب سے واجپائی کی طرف دوستانہ انداز میں ہاتھ بڑھانا بھی ایک عندیہ تھا[99]۔

ایک اہم عنصر جو اس بحران کی پہلی چوٹی میں تحلیل کا باعث بنا وہ تھا 12 جنوری 2002 کا صدر پرویز مشرف کا خطاب .....امریکی سفارتی حلقے بار بار صدر مشرف سے اس خواہش کا اظہار کر رہے تھے کہ وہ عوامی سطح پر کچھ ایسے عندیے دیں جو کشیدگی کو کم کرنے کا باعث ہوں اور یہ تقریر اس سمت میں ایک اہم قدم تھی۔ مشرف نے اس تقریر میں اعلان کیا کہ پاکستان میں کسی گروپ کو یہ اجازت نہیں ہوگی کہ اپنے نام کے ساتھ جیش (آرمی)، لشکر (رضا کار فورس) یا سپاہ (فوجی) کا لفظ لگائے اور نہ ہی کسی گروپ کو یہ اجازت دی جائے گی کہ وہ کشمیر میں دہشت گردی کی کسی کارروائی کے لیے پاکستانی زمین کو استعمال کرے۔ علاوہ ازیں انہوں نے پانچ تنظیموں پر بھی پابندی عائد کی اور ان کے لیڈروں کو گھروں میں نظر بند کرنے کا حکم دیا، سینکڑوں ہزاروں عسکریت پسندوں کو گرفتار کیا اور ان کے کچھ اثاثہ جات بھی ضبط کیے۔ اس تقریر میں مشرف نے کسی کو بھی بھارت کے حوالے کرنے سے انکار کر دیا اور کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت کی تصدیق کرتے ہوئے بھارت سے کہا کہ کشمیر میں ''ریاستی دہشت گردی کو روکے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو ختم کرے''[100]۔

جنوری اور فروری کے درمیان دونوں ملکوں کے درمیان تناؤ کی شدت رہی۔ جموں و کشمیر میں بھی پر تشدد واقعات کا سلسلہ جاری رہا، اور اس عرصے میں ہونے والے کم از کم تین حملوں کا الزام لشکر طیبہ پر لگا[101]۔ جنوری سے لیکر مارچ 2002 کے دوران جموں و کشمیر میں ہونے والے عسکریت پسندوں کے حملوں میں 1008 ہلاکتیں ہوئیں[102]۔ مشرف کی تقریر کے اگلے مہینے میں بھارت نے جوہری بم لے جانے کے قابل میزائل اگنی 2 کا تجربہ کیا اور پاکستانی اہداف پر بھارت کے حملے سے متعلق کچھ نئی معلومات بھی منظر عام پر آئیں۔ بھارتی آرمی چیف ایس پدمانا بھن نے پہلے جنوری اور پھر مارچ میں پریس کو دیے گئے اپنے بیان میں

ایٹمی جنگ کی دھمکی دی جس کا جواب بھی ایسی ہی دھمکی کی صورت میں جنرل پرویز مشرف کی طرف سے مارچ میں سامنے آ گیا[103]۔فروری میں سینیٹ انٹیلی جنس کمیونٹی کے سامنے تقریر کرتے ہوئے سی آئی اے کے ڈائریکٹر جارج ٹینٹ نے کہا کہ پاک بھارت جنگ کا امکان ''1970 کے بعد سے لیکر اب تک ، اس وقت سب سے زیادہ ہے''[104]۔

فوجوں کی تعیناتی کے کئی مہینے بعد تک نئی دلی مسلسل ''فوجوں کی واپسی سے انکار کرتا رہا تاوقتیکہ کراس بارڈر فلٹریشن ختم نہیں ہوتی، تب تک باہمی مذاکرات کے سلسلے کو منقطع رکھا اور اس مقصد کے حصول کے لیے کسی بھی بیرونی طاقت کی مصالحت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا''[105]۔ بحران کی پہلی چوٹی کے بعد سے چونکہ تناؤ چلا آ رہا تھا اور بھارت کو بغیر جنگ کے ہی ایک بڑی فوج متحرک رکھنا پڑ رہی تھی جو اس کے لیے مہنگا سودا ہونے کی وجہ سے اب مشکل ہوتا جا رہا تھا۔فروری سے مئی تک کے دور کو پاک بھارت تعلقات کے حوالے سے بحران کے وقفے کا زمانہ کہا جا سکتا ہے۔

بحران کی دوسری چوٹی

12 جنوری کی تقریر میں مشرف کی طرف سے کیے گئے وعدوں کو عملی شکل نہ مل سکی۔اپریل میں بھارت مخالف گروپوں پر جو ملک کی سکیورٹی ایجنسیوں کا پریشر تھا اسے بھی کم کر دیا گیا۔ بہت سے عسکریت پسند جنہیں 12 جنوری کی تقریر کے بعد گرفتار کیا گیا تھا انہیں بھی رہا کر دیا گیا، ٹیررسٹ ٹریننگ کیمپس بھی بند نہ ہوئے اور لشکر طیبہ اور جیش محمد کے قائدین کو دوستانہ گھر کے اندر نظر بندی کا سامنا رہا۔ بحران کی دو چوٹیوں کے درمیان جاری اس وقفے کا خاتمہ 14 مئی کے اس شدت پسندوں کے حملے میں ہوا جس میں 31 لوگوں کے جانیں گئی تھیں اور جس کے بعد بھارت بھر خاص طور پر آرمی کے جوانو ں میں غصہ عروج پر پہنچ گیا..... یہ حملہ جموں کے علاقے کالو چک میں اس جگہ ہوا جہاں بھارتی سپاہیوں کے خاندان کی رہائش گاہیں تھیں۔

صدر بش نے ایک بار پھر وزیراعظم واجپائی کو فون کیا اور حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے ''خوفناک اور اشتعال انگیز'' قرار دیا۔واجپائی حکومت نے بھارت میں پاکستان کے ہائی کشنر کو ملک چھوڑ کر چلے جانے کا کہا (اسلام آباد میں ان کے ہم منصب کو دسمبر میں پہلے ہی

وہاں سے بلالیا گیا تھا)۔اس کے بعد بھارتی وزیراعظم نے جموں وکشمیر میں اگلے مورچوں کا دورہ کیا اور جوانوں سے خطاب کیا۔انہوں نے بااصرار کہا کہ کوئی ''یہ نہ سمجھے کہ ہم لازماً ہی ایسے چیزوں کو برداشت کرتے رہیں گے''اور تقریر کے آخر میں کہا''ہماری منزل فتح ہونی چاہیے.....کیونکہ وقت آ گیا ہے کہ اب فیصلہ کن جنگ لڑ لی جائے''[106]۔اس تبصرے نے خبروں میں سنسنی بڑھا دی اور بڑے پیمانے پر یہ مفروضہ جڑ پکڑ گیا کہ اب جنگ کا ٹلنا ناممکن ہے۔بہت سے امریکی اہلکاروں کا بھی خیال تھا کہ اب جنگ اٹل ہے۔

جنگی سرگرمی میں دوبارہ آنے والی ان پیش رفتوں نے امریکی تشویش میں اضافہ کر دیا۔راجستھان میں تین لڑاکا دستوں نے اپنی پوزیشنیں دوبارہ سنبھال لیں،جس سے اندازہ ہورہا تھا کہ عالمی سرحد اور لائن آف کنٹرول پر جنگوں کے دو محاذ گرم ہونے کو ہیں[107]۔ کالوچک حملے کے دس دن بعد پاکستانی آرمی کی طرف سے انڈیا سمیت مختلف ملکوں کو نوٹیفکیشن بھیجا گیا کہ 25اور 28 مئی کو شارٹ اور میڈیم رینج کے میزائلوں کا ٹیسٹ کیا جارہا ہے اور اس کے ساتھ اس بات سے بھی انکار نہیں کیا گیا کہ ان تجربوں کا موجودہ 'سنگین علاقائی صورت حال' سے کوئی تعلق ہے[108]۔ان میزائلوں کے تجربے کے علاوہ پاکستانی میڈیا پر جوہری ہتھیاروں کے استعمال کے حوالے سے کھلی بحثیں بھی شروع کر دی گئیں۔31 مئی کو پاکستانی سفارت کار منیر اکرم نے اقوام متحدہ میں جوہری ہتھیاروں کے مسئلے کو اٹھایا اور اپنے اس عزم کا ایک بار پھر اظہار کیا کہ پاکستان جوہری ڈاکٹرائن 'پہلے استعمال نہ کرنے' کو رد کرتا ہے[109]۔7اپریل کو مشرف کا یہ بیان نقل ہوا کہ''..... اگر پاکستان پر دباؤ زیادہ بڑھایا گیا تو جوہری ہتھیاروں کے استعمال کا (امکان ہے) جو پاکستان اپنے دفاع کے لیے آخری حربے کے طور پر کرسکتا ہے''[110]۔بھارتی اخبارات نے اس حوالے سے کئی نیوز سٹوریز مزید بھی دیں اور بھارت کے فوجی منصوبوں پر روشنی ڈالی[111]۔

تخفیف

27 مئی کی جنرل مشرف کی دوسری تقریر وہ کلیدی نکتہ تھی جو فوجی تناؤ میں کمی لانے کا باعث بنی۔اس تقریر میں ایک بار پھر مشرف نے وعدہ کیا کہ دہشت گردی اور کراس بارڈر فلٹریشن کو روکنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جائیں گے۔انہوں نے کہا''لائن آف کنٹرول پر کسی قسم

کی کوئی انفلٹریشن نہیں ہو رہی ..... پاکستان کبھی اپنی سرزمین سے دنیا کے کسی بھی حصے میں دہشت گردی کو ایکسپورٹ کرنے کی اجازت نہیں دے گا''[112]۔امریکہ نے غیر ضروری سفارتی عملے کو 31 مئی کو حکم دیا جو بھارتی سفارت خانے اور قونصلیٹس میں موجود تھا کہ وہ ملک چھوڑ دیں۔5 جون کو امریکہ کے سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بڑے پیمانے پر یہ وارننگ بھی دی گئی کہ اس خطے کی طرف سفر نہ کیا جائے[113]۔اس کے بعد برطانیہ، جاپان، فرانس، جرمنی، اسرائیل اور دیگر ممالک کی جانب سے بھی اس طرح کے اقدامات کا اعلان کیا گیا[114]۔شہریوں کی واپسی اور سفری پابندیوں کا اعلان امریکہ کی جانب سے واضح خدشات کا اظہار تھا۔علاوہ ازیں یہ اقدامات اس امر کا بھی اظہار تھے کہ بحران کے طویل ہونے کی صورت میں بھارت کی سیاحت اور تجارت کو کس قدر نقصان پہنچ سکتا ہے۔

ڈپٹی سیکرٹری آف سٹیٹ رچرڈ آرمیٹج کا خطے کا دورہ تناؤ کم کرنے کے حوالے سے اہم ترین نقطہ تھا۔صدر بش اور دیگر سینیئر امریکی اہلکاروں نے فون پر مسلسل صدر مشرف اور واجپائی سے رابطہ رکھ کر آرمیٹج کے مشن کو آسان کرنے کی کوشش جاری رکھی۔6 جون کو آرمیٹج کو کامیابی مل ہی گئی جب وہ مشرف سے یہ وعدہ لینے میں کامیاب ہو گئے کہ کراس بارڈر فلٹریشن ''مستقل اور عملی'' طور پر بند کی جائے گی اور ''دیگر ایسے اقدامات بھی کیے جائیں گے جو اس نوع کی سرگرمیوں کی بیخ کنی کے لیے درکار ہوں گے،ان کیمپوں کو بھی ختم کیا جائے گا جہاں سے اس طرح کی دہشت گرد کارروائیوں کو سرانجام دیا جاتا ہے''[115]۔اس کے فورا بعد 8 جون کو آرمیٹج نے بھارت کا دورہ کیا اور ان وعدوں سے متعلق بھارت کی سینیئر قیادت کو ذاتی سطح پر آگاہ کیا اور پھر اس کے بعد ان کی ایما پر ان وعدوں سے متعلق عام لوگوں کے سامنے ان کا اعلان بذریعہ پریس کیا گیا۔آرمیٹج کے مشن کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے امریکی ڈیفنس سیکرٹری ڈونلڈ رمزفیلڈ اس کے بعد خطے کے دورے پر آئے اور انہوں نے بھی امریکی صدر کی جانب سے جنگ سے گریز کرنے کا پیغام پہنچایا۔

آرمیٹج اور رمزفیلڈ کے دوروں کے بعد جنگ کے امکانات کم ہو گئے۔ایک بار پھر اگلے مورچوں پر موجود فوجی جنگی احکامات کا انتظار ہی کرتے رہ گئے ، ان احکامات کا جن کا امکان کم سے کم ہو چلا تھا۔تاہم بھارتی فوج انٹرنیشنل بارڈر اور لائن آف کنٹرول پر ستمبر اور اکتوبر 2002 کے چار مراحل پر مشتمل ریاستی انتخابات کے انعقاد تک تعینات رہی۔ انتخابات

کے انعقاد کے فوراً بعد بھارت نے آپریشن پراکرم ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے نوٹس دیا کہ اس کے فوجی اگلے مورچوں سے واپس آرہے ہیں[116]۔ پاکستان نے بھی اگلے مورچوں سے اپنی فوجیں واپس بلا لیں۔

MashalBooks.org

ممبئی بحران

تمہید اور پیش واقعہ

21 ستمبر 2008 کو لشکر طیبہ کے پاکستانی ارکان نے ایک بھارتی ماہر گیر کشتی کو اغوا کیا۔ 26 نومبر کو اغوا کار ممبئی کی بندرگاہ پر پہنچے، کشتی کے عملے کو قتل کیا اور کشتیوں کے جمگھٹے سے اس پار شہر کی طرف بڑھے۔ دس کے قریب حملہ آور چار مختلف گروپوں میں بٹ گئے، چاروں گروپ ہی حملہ آور رائفلوں اور گرینیڈز سے مسلح تھے۔ اگلے 60 گھنٹوں میں ان لوگوں نے ممبئی شہر کے اہم مقامات پر 172 لوگوں کو ہلاک کیا..... ان اہم مقامات میں مرکزی ٹرین سٹیشن (چھترپتی شیوا جی ٹرمینس)، ناریمن ہاؤس (ایک کمپلیکس جسے یہودی Chban Lubavich تحریک چلا رہی تھی)، لیو پولڈ کیفے اور دو بڑے ہوٹل دی ٹراڈنٹ اوبرائے ہوٹل اور تاج ہوٹل شامل تھے۔ 29 نومبر کی صبح تاج محل ہوٹل کے محاصرے میں..... جہاں دہشت گردوں کا آخری گروپ سرگرم عمل تھا..... اسے صاف کرا لیا گیا۔ دس میں سے نو حملہ آور مارے گئے۔ ایک زخمی ہوا جسے پولیس نے گرفتار کر لیا[118]۔

بحران کے دوران 28 نومبر کو پاکستانی صدر آصف علی زرداری کو ایک فون کال موصول ہوئی۔ کالر نے اپنا تعارف کراتے ہوئے بتایا کہ وہ بھارتی وزیر خارجہ پرناب مکھر جی ہے۔ دس دن بعد ایک پریس کانفرنس میں پرناب مکھر جی نے بتایا کہ انہوں نے اس طرح کی کوئی فون کال نہیں کی تاہم یہ واقعہ اتنا اہم نوعیت کا تھا کہ حملے کے بعد کئی دنوں تک جاری رہنے والے کنفیوژن کا یہ نکتہ عروج رہا[119]۔ حملے کے تھوڑے ہی دن بعد مکھر جی نے کہا کہ ''ابتدائی شواہد اور موقع واردات کے شواہد سے اندازہ ہوتا ہے کہ حملہ آوروں کا تعلق پاکستانی عناصر

سے ہے''[120]۔صدر آصف علی زرداری نے واجپائی کو فون کیا اور کہا کہ وہ اس حملے کا سن کر''صدمے اور دکھ'' کی کیفیت میں ہیں، اور کہا کہ غیر ریاستی عناصر کو اس قابل نہیں ہونا چاہیے کہ وہ''حکومتوں پر اپنا ایجنڈا تھوپ سکیں''[121]

فوجی اقدامات

اس بحران کی سب سے اہم بات یہ تھی کہ اس کے نتیجے میں فوری طور پر کسی قسم کی فوجی سرگرمی سامنے نہیں آئی حالانکہ حملہ آوروں نے ممبئی کے اہم اور علامتی اہداف کو نشانہ بنایا تھا اور جانی نقصان بھی بہت زیادہ ہوا تھا۔شروع میں زرداری کا رویہ بھی مہربان تھا مگر آہستہ آہستہ دونوں ممالک کے سفارتکار وہی زبان بولنے لگے جو وہ بولنے کے عادی چلے آرہے تھے۔یکم دسمبر2008 کو بھارت میں موجود پاکستان کے ہائی کمشنر شاہد ملک کو نئی دلی میں وزارت خارجہ کے جوائنٹ سیکرٹری ٹی سی راگھوان کی جانب سے بلایا گیا۔راگھوان نے ملک کو بتایا کہ حملہ'اشتعال انگیز' تھا اوراس سے دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات 'شدید مجروح' ہو سکتے ہیں۔علاوہ ازیں راگھوان نے کہا کہ ذمہ داروں کے خلاف آپ 'سخت اقدامات 'کریں[122]۔اگلے دن پاکستانی وزیر خارجہ نے دہشت گردی کو 'میجر چیلنج'اور 'مشترکہ دشمن' قرار دیتے ہوئے جوائنٹ انوسٹی گیشن کی تجویز پیش کی تا کہ حملہ آوروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جا سکے۔قریشی نے اس موقع پر بھارتی تفتیشی اقدامات کے حوالے سے تعاون کی پیشکش کی تاہم ان20لوگوں کو بھارت حوالگی کے حوالے سے کوئی بات نہ کی جو بھارت نے پاکستان سے مانگے تھے، یا درہے ان میں سے اکثریت ان لوگوں پر مشتمل تھی جو بھارت نے جڑواں چوٹیوں کے بحران کے دوران بھی طلب کیے تھے[123]۔

بش انتظامیہ فوراً اس بحران کی تحلیل کے حوالے سے آگے بڑھی۔ایف بی آئی کی ایک ٹیم یکم دسمبر2008 کو ممبئی پولیس کی مدد کرنے کے لیے بھارت پہنچی[124]۔ اہم ترین امریکی کرائسس منیجر کنڈولیز رائس نے اپنا یورپ کا دورہ مختصر کیا اور بھارتی ہم منصب وزیر خارجہ پرناب مکھر جی سے ملنے تین دسمبر کو بھارت پہنچیں۔انہوں نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی ''خصوصی ذمہ داری'' ہے کہ وہ ان حملوں کے حوالے سے بھارت کی معاونت کرے اور اس امر کو یقینی بنائے کہ اس کی زمین کسی بھی نوع کی دہشت گردی کی سرگرمیوں کے لیے استعمال

نہ ہو۔اس کے ساتھ ہی کنڈولیزا رائس نے بھارت کو بھی خبردار کیا کہ وہ ایسے اقدام سے گریز کرے جو کسی بھی قسم کے 'ناپسندیدہ اور نامطلوب' نتائج کا باعث بنیں۔اس وقت جب رائس بھارت میں تھی، امریکی چیئرمین آف جوائنٹ سٹاف مائیکل مولن اسلام آباد میں تھے۔ جہاں وہ صدر آصف علی زرداری اور آرمی چیف اشفاق پرویز کیانی سے ملے اور خواہش ظاہر کی کہ پاکستان ''ان حملہ آوروں کے کسی بھی قسم کے پاکستانی گروپوں سے تعلقات کے حوالے سے سنجیدہ تفتیش کرے''[125]۔ رائس بھارت میں اپنی ملاقاتوں کی تکمیل کے بعد پاکستان آئیں تا کہ مولن کے پہنچائے گئے پیغام کو زیادہ موثر کر سکیں۔اس حوالے سے ان کی ملاقات صدر زرداری ، وزیراعظم گیلانی، وزیرخارجہ قریشی،اور آرمی چیف کیانی سے ہوئی۔ ان لیڈروں کی جانب سے کہا گیا کہ پاکستان اپنے کسی شہری کے خلاف اس وقت تک کوئی قدم نہیں اٹھائے گا جب تک انہیں ممبئی حملے میں ملوث ہونے کے کوئی ''ٹھوس ثبوت''نہیں دیے جاتے۔ کچھ ایسی رپورٹس بھی سامنے آئیں کہ اس موقع پر رائس نے 'ناقابل تردید' شواہد بھی پیش کیے کہ پاکستانی شہری اس حملے میں ملوث تھے اور اگر پاکستان نے ان کے خلاف کارروائی نہ کی تو امریکہ ان کے خلاف کارروائی کرے گا[126]۔

پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے محدود پیمانے پر کچھ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کیں ۔7دسمبر کو پاکستانی اہلکاروں نے مظفر آباد کے نزدیک ایک کیمپ سے لشکر طیبہ کے 22ارکان کو گرفتار کیا، جن میں ایک شخص ذکی الرحمٰن لکھوی بھی شامل تھا جو بھارت کے مطابق ممبئی حملوں کو منظّم کرنے والا تھا[127]۔پاکستانی فارن سیکرٹری سلمان بشیر نے بھارتی ہائی کمشنر ستیہ براتا کے ذریعے بھارت کو پیغام بھجوایا کہ پاکستان لشکر طیبہ کے ان ممبروں کو بھارت کے حوالے نہیں کرے گا جنہیں پاکستانی فورسز نے گرفتار کیا ہے۔اس موقع پر بشیر نے کہا کہ جوائنٹ انوسٹی گیشن کے حوالے سے پاکستان کی حمایت بھارت کو حاصل رہے گی اور اگر کسی پاکستانی شہری کے خلاف کوئی ٹھوس ثبوت بھارت کے پاس ہے تو وہ پاکستان کے حوالے کرے[128]

۔

لشکر طیبہ اور اس کے حمایتیوں پر بیرونی پریشر بڑھ رہا تھا۔10دسمبر کو اقوام متحدہ کی القاعدہ اور طالبان پر پابندیاں لگانے والی کمیٹی نے لشکر طیبہ کے چار ارکان پر پابندی لگانے کے ساتھ ساتھ فلاحی اور خیراتی اسلامی تنظیم جماعت الدعوہ پر بھی پابندی لگاتے ہوئے اسے بھی

MashalBooks.org

دہشت گرد تنظیموں میں شامل کر لیا، لشکر طیبہ اسی کی ہی ایک شاخ ہے[129]۔اقوام متحدہ کے ان اقدامات کے بعد تاخیری حربے استعمال کرنے کے بعد اولا پاکستان نے جماعت الدعوہ کے ان نو دفاتر کو بند کر دیا جن کا ممبئی حملوں سے تعلق تھا اور بعدازاں 13 دسمبر کو اس جماعت پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی۔تاہم متعدد اخباروں کی جانب سے یہ رپورٹ سامنے آئی کہ پابندیوں کے حوالے سے باقاعدہ اقدامات نہیں کئے گئے اور جلد ہی جماعت الدعوہ نے نئے نام سے اپنی تنظیم کر دی۔[130]

عروج

اس بحران کے عروج کا زمانہ تیزی سے گزر گیا۔پچھلے بحرانوں کی نسبت اس میں زمینی افواج کی نقل وحرکت بھی نہ ہوئی، حالانکہ سفارت کاری کی سطح پر کئی منفی اشارے دسمبر میں دونوں ملکوں کی جانب سے سامنے آئے۔2004 میں سارک سمٹ کے بعد 'جامع مذاکرات' کا جو سلسلہ شروع ہوا تھا بھارت نے اسے بھی روک دیا۔پاکستانی اہلکاروں نے تقریبا عالمی سطح کے اس نقطہ نظر کو ماننے سے شدت سے انکار کرنا شروع کر دیا کہ اس کے شہری ان حملوں میں ملوث تھے۔17 دسمبر کو صدر زرداری نے کہا کہ 'ابھی تک کوئی ایسی ٹھوس شہادت سامنے نہیں لائی گئی جو یہ ثابت کرتی ہو کہ ممبئی حملوں میں پاکستانی شہری ملوث تھے'[131]۔ بھارت کی طرف سے الزام تراشی کے لہجے میں بھی تندی آنا شروع ہوگئی۔بھارتی وزیر خارجہ پرناب مکھر جی نے کہا کہ پاکستان 'انتہائی خطرناک خطوط پر آگے بڑھ رہا ہے جس سے خطے میں اور اس سے ماورا عالمی امن کو بھی خطرات لاحق ہو گئے ہیں' اور زور دیتے ہوئے کہا کہ 'بھارت کے لیے ابھی تمام آپشنز کھلے ہیں'[132]۔

14 دسمبر کو پاکستانی وزیر اطلاعات شیری رحمٰن نے کہا کہ گذشتہ روز بھارتی فضائیہ کے لڑاکا جیٹس نے پاکستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی ہے۔شیری نے بتایا کہ اگرچہ پاکستانی فضائیہ اس وقت انتہائی چوکسی کی حالت میں تھی ،اس عمل کو 'غیر محتاط' قرار دیتے ہوئے وزیر اطلاعات نے کہا کہ 'خواہ مخواہ خطرات بڑھانے کی کوئی ضرورت نہیں'[133]۔22 دسمبر کو پاکستانی فضائیہ نے پنڈی ، اسلام آباد، لاہور اور آزاد کشمیر پر آزمائشی پروازیں کیں۔

22دسمبر کو ایک بار پھر وزیر خارجہ پرناب مکھر جی نے سفارتکاروں کے ایک گروپ کے سامنے کہا کہ اس حملے کے جواب میں ابھی بھارت کے پاس تمام آپشن موجود ہیں۔اس وقت جب پاکستانی فضائیہ کی جانب سے مشقیں جاری تھیں ایڈمرل مائک ملن ایک بار پھر پاکستان آئے تاکہ پاکستانی افواج کے سینئر لیڈروں سے مذاکرات کا دوسرا دور ہو سکے۔جنرل کیانی نے ملن کو بتایا کہ'پاکستان امن چاہتا ہے مگر بھارت کی طرف سے اگر کسی بھی قسم کی جارحیت کی گئی تو اسی لہجے میں اس کا جواب دیا جائیگا'[134]۔24دسمبر کو بھارت کی مغربی فضائیہ کے سربراہ ائیر مارشل پی کے باربورا نے مقامی بھارتی پریس کے سامنے بیان دیا کہ بھارت نے5000پاکستانی اہداف کو'نشان زد' کرلیا ہے جہاں حملے کیے جائیں گے[135]۔

دسمبر کے آخری دنوں میں پاکستان نے اپنے مغربی بارڈر یعنی افغانستان کی سرحد سے متعدد فوجی دستے واپس بلا لیے اور انہیں مشرقی سرحد پر تعینات کر دیا۔ پاکستان کے دو انٹیلی جنس اہلکاروں کے نام کو خفیہ رکھتے ہوئے نیو یارک ٹائمز نے غلط خبر دی کہ فوجی دستے ''جنگ کے لیے انتہائی الرٹ حالت میں ہیں''[136]۔کیونکہ پاکستان نے جو فوجی دستے تعینات کیے تھے ان کی تعداد20000سے زیادہ نہیں تھی۔تاہم پاکستان اور بھارت کی جانب سے تمام فوجی عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئیں، جو اس بات کی نشاندہی کر رہی تھیں کہ دونوں ملک فوجی تعیناتیاں کرنے والے ہیں یا ٹروپ فارمیشن کر رہے ہیں[137]۔

تخفیف

پاکستان کی جانب سے فوجی سرگرمی میں ہوتا اضافہ اور پاک بھارت سینیئر اہلکاروں کی جانب سے جاری بیان بازی میں آتی تندی کو دیکھتے ہوئے دلی اور اسلام آباد میں موجود سینیئر قیادت نے تناؤ میں کمی لانے کے حوالے سے اقدامات کرنا شروع کیے۔ پورے خطے میں موجود میڈیا اگرچہ فوجی نقل وحرکت کی خبروں سے بھرا پڑا تھا مگر اس کے باوجود 26دسمبر کو بھارت کی طرف سے متعین کیے گئے اسلام آباد کے ہائی کمشنر پال نے سیکرٹری خارجہ پاکستان بشیر سے ملاقات کی۔پال نے بشیر کو بتایا کہ بھارت کے کوئی جنگی منصوبے نہیں ہیں بلکہ بھارت چاہتا ہے کہ دہشت گردی کے خطرے سے ''قانونی اور انتظامی عمل'' کے ذریعے سے نمٹا جائے۔اس ملاقات سے ایک دن بعد پاکستانی وزیراعظم یوسف رضا گیلانی

نے کہا کہ ’’ پاکستان ایک امن سے محبت کرنے والا ملک ہے اور وہ کسی قسم کی جنگ یا جارحیت نہیں چاہتا‘‘[138]۔تھوڑے ہی عرصے کے بعد دونوں ملکوں کی ڈائریکٹرز جنرل ملٹری آپریشنز کی ہاٹ لائن پر بات چیت ہوئی جس میں پچھلے کچھ عرصے میں ہونے والی فوجی پیش رفتوں کے حوالے سے تفصیلی معلومات کا تبادلہ ہوا۔

5 جنوری 2009 کو بھارتی حکومت کی طرف سے پاکستان کو 69 صفحوں پر مشتمل ایک مسودہ دیا گیا جس میں ان لنکس کی نشاندہی کی گئی تھی جو ممبئی حملہ آوروں اور پاکستان کے درمیان تھے۔ اس مسودے کی کاپیاں میڈیا اور تمام غیر ملکی دارالحکومتوں کو بھی بھیجی گئیں، جس سے پاکستان پر دباؤ بڑھایا گیا کہ وہ لشکر طیبہ اور اس کی ہم خیال تنظیموں کے حوالے سے مزید کارروائیاں کرے۔ اس کے ساتھ ساتھ نئی دلی نے پاکستان کے ساتھ کاؤنٹر ٹیررازم کے حوالے سے معلومات کے تبادلے کے حوالے سے بھی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا[139]۔15 جنوری کو بھارتی وزیرخارجہ مکھر جی نے اعلان کیا کہ پہلے حملوں میں ملوث عناصر کے خلاف پاکستان میں قانونی چارہ جوئی کی جائے گی، یوں بھارت نے اپنے اس مطالبے میں ترمیم کر لی جس کے تحت قبل ازیں ان لوگوں کو بھارت کے حوالے کیا جانا تھا۔ یہ اقدامات شاہد تھے کہ بھارت مثبت نتائج کے لیے کام کرنے پر تیار تھا[140]۔

ان بھارتی اقدامات کے جواب میں پاکستانی حکومت کا ردعمل پر جوش نہیں تھا۔ بھارت کی طرف سے بھیجے گئے مسودے کے جواب میں پاکستانی وزیراعظم گیلانی کا ردعمل یہ تھا ’’جو کچھ بھارت کی جانب سے سرکاری طور پر موصول ہوا ہے، یہ صرف کچھ معلومات ہیں۔ میں انہیں ’معلومات‘ اس لیے کہہ رہا ہوں کیونکہ انہیں شہادت یا ثبوت نہیں کہا جا سکتا‘‘[141]۔تاہم گیلانی نے یہ بھی کہا کہ ’’سنجیدہ ،متواتر اور نتائجیت پسندانہ باہمی تعاون کو جاری رکھا جائے گا‘‘۔ اور پھر 12 جنوری 2009 کو وزیراعظم گیلانی کے وزیر برائے داخلہ امور رحمان ملک نے کہا کہ پاکستان نے 124 لوگوں کو گرفتار کیا ہے جن کا تعلق لشکر طیبہ اور دیگر عسکریت پسند تنظیموں سے ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت کے ارادے اچھے ہیں[142]۔

2009 اور 2010 میں بھی نچلے درجے کی کشیدگی پاک بھارت تعلقات کے حوالے سے موجود رہی۔ بھارتی حکام نے ممبئی حملے کے دوران پکڑے جانے والے حملہ آور اجمل قصاب کو عدالت میں پیش کیا۔ امریکی محکمہ انصاف نے ڈیوڈ ہیڈلی کے ساتھ ایک ڈیل طے کی، اس

شخص نے ان حملوں میں لشکر طیبہ کے معاون کا کردار ادا کیا تھا، اس ڈیل کے تحت اس شخص نے لشکر طیبہ سے متعلق معلومات فراہم کیں جو بھارتی حکومت کے حوالے کی گئیں(143)۔ حملے کے بعد پاکستان کی جانب سے گرفتار کیے گئے ملزمان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا عمل سست روی کا شکار رہا کیونکہ تین بار ان کیسوں کو سننے والے ججوں کا تبادلہ کیا گیا(144)۔ کاؤنٹر ٹیررازم کے حوالے سے پاکستان اور بھارت کے مابین تعاون بہت محدود رہا۔ پاکستان اور بھارت کے کمزور حکمرانوں کی جانب سے جامع مذاکرات کا احیا بھی 2011 میں جا کر ہوا۔

MashalBooks.org

ضمیمہ نمبر 2

پاک بھارت پرامید سفارت کاری کی راہ میں حائل ہلاکت خیز حملے اور عناصر

نیتھن کوہن

ایڈیٹر کا نوٹ:

پاکستان اور بھارت کے مابین اچھے تعلقات کے مخالف عناصر کی ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کبھی نارمل نہ ہوسکیں۔ اگرچہ اس نوع کے عناصر دونوں ملکوں میں موجود ہیں مگر پاکستان میں یہ عناصر بہت مضبوط ہیں اور محض ایک عامل نہیں بلکہ اس سے کچھ زیادہ ہیں۔ذیل میں دی گئی فہرست اس حقیقت کا بین ثبوت ہے۔کیونکہ پاک بھارت اچھے تعلقات کے مخالف پاکستانی عناصر کے روابط ملک کے سکیورٹی اداروں سے گہرے ہیں۔جب بھی وسیع پیمانے پر غارت گری پھیلانے والے حملے اس نیت کے ساتھ کیے جاتے ہیں کہ دونوں ملکوں کے مابین پرامید سفارت کاری کے عمل میں رکاوٹ ڈالی جائی تو دونوں ملکوں کے قومی لیڈر دو قسم کا ردعمل دکھاتے ہیں..... یا تو وہ حملہ کرنے والوں کے مکروہ عزائم قبول کر لیتے ہیں یا ان کے ایجنڈے کو ترک کرتے ہوئے منصوبے کے مطابق سفارت کاری کے عمل

MashalBooks.org

کو جاری رکھتے ہیں۔حملوں کی شدت جتنا زیادہ ہوتی ہے سفارت کاری سے متعلق پیش قدمی کو جاری رکھنا اتنا ہی مشکل ہو جاتا ہے۔مثال کے لیے 2008 کے ممبئی حملوں کو دیکھ لیں جن کے بعد دو سال سے جاری تعلقات کی بحالی کا عمل معطل ہوگیا۔2011 میں نئی دلی اور اسلام آباد نے ایک بار پھر جامع مذاکرات کے عمل کو بحال کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت مسئلہ کشمیر، پانی ،تجارت اور دیگر اہم معاملات پر بات ہونا طے ہے۔ مذاکرات کی بحالی ایک بار پھر ان عناصر کو سرگرم کرسکتی ہے جو ہمیشہ دونوں ملکوں کے مابین اچھے اور نارمل تعلقات کے مخالف رہے ہیں۔

MashalBooks.org

کارگل سے پہلے

15 اکتوبر 1998

خارجہ سیکرٹریز کی سطح پر پاک بھارت مذاکرات بحال ہوئے۔[1]

18 نومبر 1998

خارجہ سیکرٹریز کی سطح پر جاری مذاکرات کے عمل میں سیاچن ،تلبال، وولر، سرکریک، دہشت گردی، ڈرگ ٹریفکنگ ،معاشی اور تجارتی تعاون سمیت دوستانہ تبادلے کے حوالے سے مباحث شامل کیے گئے۔[2]

18 جنوری 1999

خارجہ سیکرٹریز کی سطح پر کشمیر کے مسئلے پر بات چیت وسط فروری میں ہونا قرار پائی۔[3]

21 فروری 1999

بھارتی وزیراعظم واجپائی نے لاہور کا علامتی دورہ کیا۔ اس دورے میں بھارتی وزیراعظم اور پاکستانی وزیراعظم نواز شریف نے افہام وتفہیم کی یادداشت پر دستخط کیے۔[4]

6 مارچ 1999

پاکستان اور بھارت کے مابین قیدیوں کا تبادلہ ہوا۔[5]

19 مارچ 1999

سارک سمٹ میں پاک بھارت وزرائے خارجہ کے درمیان ملاقات ہوئی جس میں چھ نکاتی عملی پروگرام پر اتفاق رائے ہوا جس کے مطابق باہمی تعلقات کی تیز تر بہتری اور جامع

MashalBooks.org

مذاکرات کے عمل کو آگے بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔[6]

18 اپریل 1999

پاکستانی وزیراعظم نواز شریف نے ایک بار پھر اپنے عزم کا اعادہ کیا کہ مذاکرات کے ذریعے باہمی تعلقات کو بہتر کیا جائے گا۔[7]

28 اپریل 1999

بھارت میں سیاسی انتشار کے باوجود دونوں ملکوں نے خارجہ سیکرٹریز کی سطح کے مذاکرات کو شروع کرنے پر اتفاق کیا۔[8]

8 مئی 1999

کارگل کے نزدیک لائن آف کنٹرول پر بھارت کی گشتی آرمی ٹیم نے پاکستانی دخل اندازوں کی نقل وحرکت کا سراغ لگا لیا۔[9]

بھارتی پارلیمنٹ پر حملے سے پہلے

27 جولائی 2001

پاکستانی صدر پرویز مشرف نے بھارتی وزیراعظم واجپائی کو پاکستان کے دورے کی دعوت دی۔[10]

30 جولائی 2001

بھارتی وزیراعظم واجپائی نے کہا کہ انہیں مشرف کی دعوت قبول ہے۔[11]

11 اگست 2001

سارک سمٹ میں پاکستان اور بھارت کے خارجہ سیکرٹریز کی ملاقات ہوئی۔[12]

6 ستمبر 2001

بھارتی وزیراعظم نے کہا کہ مذاکرات سے مسائل حل ہو سکتے ہیں اور مذاکرات جاری رکھنے

MashalBooks.org

کے عمل کی اہمیت پر زور دیا۔[13]

1 اکتوبر 2001

شدت پسندوں نے جموں وکشمیر کی ریاستی اسمبلی پر حملہ کیا۔[14]

8 اکتوبر 2001

واجپائی اور مشرف کے درمیان ٹیلی فون پر بات ہوئی۔مشرف نے جموں وکشمیر کی ریاستی اسمبلی پر حملے کرنے والوں کے خلاف تفتیش کا وعدہ کیااور مذاکرات کے عمل کو جاری رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا۔[15]

9 اکتوبر 2001

پاکستانی صدر مشرف نے کھلے بندوں مذاکرات کے احیا کی ضرورت پر زور دیا۔[16]

25 نومبر 2001

بھارتی وزیراعظم واجپائی نے کہا کہ سارک سمٹ کے دوران صدر مشرف سے ملاقات کا امکان موجود ہے۔ پاکستانی صدر مشرف نے بھی کہا کہ وہ سارک سمٹ میں بھارتی وزیراعظم سے کشمیر کے علاوہ دیگر معاملات پر بھی بات کریں گے۔[17]

13 دسمبر 2001

پانچ مسلح دہشت گردوں نے بھارتی پارلیمنٹ پر حملہ کر کے سات لوگوں کو ہلاک کر دیا۔[18]

ممبئی ٹرین حملے سے پہلے

27 اپریل 2006

پاک بھارت حکومتوں نے ایٹمی خطرات کو کم کرنے پر اتفاق کیا۔لائن آف کنٹرول پر مزید فوجی چوکیاں قائم نہ کرنے اور سرحد پار کرجانے والوں کی فی الفور واپسی پر بھی اتفاق ہوا۔[19]

3 مئی 2006

MashalBooks.org

پاک بھارت حکومتوں نے پونچھ (جموں) اور راولا کوٹ (آزاد کشمیر) کے درمیان بس سروس اور سری نگر، مظفر آباد کے درمیان ٹرک سروس کے آغاز پر بھی اتفاق کیا تا کہ لائن آف کنٹرول کی دونوں جانب باہمی تجارت کو فروغ دیا جا سکے۔[20]

24 مئی 2006

پاک بھارت حکومتوں نے مرحلہ وار جامع مذاکرات کے عمل کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔[21]

25 مئی 2006

کشمیر کے مسئلے پر باہمی طور پر پانچ ورکنگ گروپ تشکیل دیے گئے۔[22]

30 مئی 2006

پاک بھارت حکومتوں نے لائن آف کنٹرول کی دونوں جانب محدود اشیا کی تجارت پر باقاعدہ رضامندی ظاہر کی۔[23]

31 مئی 2006

پاک بھارت حکومتوں نے قیدی ماہی گیروں اور دیگر عام قیدیوں کو چھوڑنے پر اتفاق کیا۔[24]

18 جون 2006

پاکستانی وزیراعظم شوکت عزیز نے کشمیر پر نئے سرے سے مذاکرات کی خواہش کا اظہار کیا۔[25]

11 جولائی 2006

ممبئی میں ٹرین حملے کے نتیجے میں 209 لوگ ہلاک ہوئے۔[26]

سمجھوتہ ایکسپریس حملے سے پہلے

6 دسمبر 2006

پاکستانی صدر مشرف نے کہا کہ اتفاق رائے سے کشمیر پیکٹ ممکن ہے۔[27]

18 دسمبر 2006

MashalBooks.org

خارجہ سیکرٹریز کی سطح کے مذاکرات میں نرم ویزا پالیسی پر معاملات میں پیش رفت ہوئی۔[28]

20دسمبر2006

پاکستانی صدر مشرف نے کہا کہ کشمیر پر 'مطلوب پیش رفت' متوقع ہے۔[29]

21دسمبر2006

بھارتی وزیراعظم سنگھ نے پاکستان اور بھارت کے مابین دوستانہ تعلقات، امن اور سکیورٹی سے متعلق معاہدوں کی اہمیت پر زور دیا۔[30]

22دسمبر2006

پاک بھارت اتھارٹیز نے قیدیوں کا تبادلہ کیا۔[31]

22دسمبر2006

پاک بھارت دفاعی اہلکاروں نے سرکریک معاملے پر پیش رفت کو تسلی بخش قرار دیا۔[32]

27دسمبر2006

پاکستان نیوی کے سربراہ نے کھلے بندوں توقع ظاہر کی کہ پاکستان اور بھارت کے مابین سرکریک معاملہ دوستانہ انداز میں حل ہونا چاہیے۔[33]

14جنوری2007

بھارتی وزیر خارجہ مکر جی اور پاکستانی صدر مشرف کی ملاقات کے حوالے سے دعوی کیا گیا کہ اہم معاملات پر پیش رفتیں ہوئی ہیں۔[34]

15جنوری2007

بھارتی وزیراعظم سنگھ نے کہا کہ سیاچن معاملات پر پیش رفت ہوئی ہے۔[35]

25جنوری2007

پاکستانی وزیراعظم نے بھارت کے یوم جمہوریہ کے موقع پر بھارتی وزیراعظم کو خیر سگالی کا پیغام بھیجا۔[36]

2فروری2007

MashalBooks.org

پاکستان صدر مشرف نے کہا کہ پاک بھارت تعلقات بہتری کی طرف جارہے ہیں اور طرفین باہمی مسائل کے حوالے سے پرامن حل کے متمنی ہیں۔[37]

14 فروری 2007

بھارتی بارڈر سکیورٹی فورس کے انسپکٹر جنرل وشواکرما نے کہا کہ آئندہ مذاکرات میں پاکستان رینجرز سے کراس بارڈر فلٹریشن کے حوالے سے بات چیت ہوگی۔[38]

17 فروری 2007

پاک بھارت حکومتوں نے ایٹمی خطرات کو کم کرنے پر اتفاق کیا۔[39]

18 فروری 2007

سمجھوتہ ایکسپریس پر پانی پت (ہریانہ، بھارت) کے نزدیک حملے میں 68 لوگ مارے گئے۔[40]

کابل۔ سفارت خانے پر ایمبیسی حملے سے پہلے

11 مئی 2008

پاکستانی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی اور بھارتی وزیر خارجہ پرناب مکر جی کے مابین کشمیر سے متعلق مخصوص معاملات بشمول ویزا اور سفر کے حوالے سے بات ہوئی۔[41]

13 مئی 2008

جے پور بم دھماکے میں 80 لوگ مارے گئے۔[42]

21 مئی 2008

بھارتی خارجہ سیکرٹری شوشنکر مینن اور پاکستانی سیکرٹری خارجہ سلمان کے درمیان بات چیت میں کشمیر سے متعلق مخصوص اعتماد سازی پر مبنی اقدامات کے حوالے سے مذاکرات ہوئے جن میں لائن آف کنٹرول کے ذریعے آسان آمدورفت کے حوالے سے تین راہداریاں کھولنے پر پیش رفت ہوئی۔[43]

MashalBooks.org

21 مئی 2008

قونصلر تک رسائی کے حوالے سے پاک بھارت معاہدے پر دستخط ہوئے۔[44]

22 مئی 2008

پاکستانی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ''پاکستان ، بھارت کے ساتھ بڑی مصالحت کے لیے تیار ہے''۔ انہوں نے مزید کہا کہ ''دہشت گردی دونوں ملکوں کے لیے یکساں طور پر لعنت ہے''۔ علاوہ ازیں انہوں نے بھارتی وزیراعظم کے پاکستان کے دورے کے منصوبے کا بھی اعلان کیا۔[45]

1 جون 2008

پاک بھارت حکومتیں جموں وکشمیر کے بگلیہار ڈیم اور آزاد کشمیر کے نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کی انسپکشن پر متفق ہوئیں۔[46]

3 جون 2008

امور کشمیر اور شمالی علاقوں کے وزیر قمر زمان کائرہ نے 'اشارہ' دیا کہ کشمیر کا مسئلہ حل ہوسکتا ہے اور بتایا کہ پاکستان اس پوزیشن میں ہے کہ وہ مذاکرات کے عمل کو تیز تر کر سکے۔[47]

24 جون 2008

اینٹی ٹیررازم مکینزم کے پلیٹ فارم پر بھارتی اور پاکستانی اہلکار اس بات پر متفق ہو گئے کہ دہشت گردی کے حملوں کی روک تھام کے لیے معلومات کا تبادلہ ہونا چاہیے۔[48]

28 جون 2008

پاکستانی وزیر خارجہ نے بھارتی ہم منصب سے اپنی ملاقات کو 'انتہائی' اہم قرار دیتے ہوئے مذاکرات کے اگلے مرحلے کا شیڈول دیا جو 21 جولائی کو ہونا تھے۔[49]

7 جولائی 2008

کابل میں بھارت کے سفارت خانے پر حملے کے نتیجے میں 41 لوگ مارے گئے۔[50]

MashalBooks.org

ممبئی حملے سے پہلے

25 ستمبر 2008

پاکستانی صدر آصف زرداری اور بھارتی وزیراعظم من موہن سنگھ نے واہگہ اٹاری روڈ لنک اور کھوکھراپار موناباؤ ریل روٹ کو ہر قسم کی تجارت کے لیے کھولنے کا باقاعدہ اعلان کیا۔[51]

26 ستمبر 2008

پاکستانی صدر آصف زرداری نے اقوام متحدہ میں بھارتی وزیراعظم سے ہونے والی اپنی ملاقات کو 'دوررس' نتائج کی حامل قرار دیا۔[52]

9 اکتوبر 2008

آزاد کشمیر کے بزنس رہنماؤں کے ایک وفد نے لائن آف کنٹرول کے پار تجارت کے حوالے سے مذاکرات کے سلسلے میں سری نگر کا دورہ کیا۔[53]

11 اکتوبر 2008

پاکستان کے نیشنل سکیورٹی ایڈوائزر میجر جنرل (ر) محمود درانی بھارتی وزیراعظم سنگھ اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں سے ملنے نئی دلی گئے۔[54]

17 اکتوبر 2008

پاکستان کے انڈس واٹر کمشنر جماعت علی شاہ اور بھارتی ہم منصب جی رنگ ناتھن کے درمیان چناب پر بات چیت ہوئی۔[55]

22 اکتوبر 2008

چھ دہائیوں بعد پاکستان اور بھارت نے کشمیر ٹریڈ روٹ کھول دیا۔[56]

24 اکتوبر 2008

دہشت گردی کے خلاف دونوں ملکوں کے جوائنٹ اینٹی ٹیررازم مکینزم کا اجلاس ہوا۔[57]

25 اکتوبر 2008

بھارتی وزیراعظم منموہن سنگھ اور پاکستانی وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی ایشیا یورپ سمٹ (ASEM) میں ملاقات ہوئی، دونوں نے دہشت گردی کو ''مشترکہ دشمن'' قرار دیا۔[58]

25 نومبر 2008

پاکستان نے 101 بھارتی قیدی بشمول 99 ماہی گیر رہا کر دیے۔[59]

26 نومبر 2008

ممبئی حملوں میں 164 افراد کی ہلاکت۔[60]

MashalBooks.org

ضمیمہ نمبر 3

بھارت میں ہونے والے بڑے ہلاکت خیز حملے

(2002-11)

نیتھن کوہن اور ولیم شمر

ایڈیٹر کا نوٹ:

اس ضمیمے میں2002 سے اب تک ہونے والے ان بڑے ہلاکت خیز حملوں کی فہرست دی گئی ہے جن میں بہت زیادہ جانی نقصان ہوا۔ پاکستان سے متعلق اس نوعیت کے ضمیمے میں بھی یہ اصول اختیار کیا گیا تھا کہ وہ حملے ''بڑے ہلاکت خیز حملے ہیں جن میں پانچ یا اس سے زیادہ ہلاکتیں ہوئیں اور جن کے مرتکبین غیر ریاستی عناصر تھے''..... یوں اس فہرست میں وہ ہلاکتیں شامل نہیں جو بھارت کی مسلح افواج اور ملک میں سرگرم مسلح گروہوں کے مابین جھڑپوں میں ہوئیں۔ بارودی سرنگوں کے پھٹنے سے ہونے والا جانی نقصان بھی اس فہرست سے خارج ہے اور ان حملوں کو بھی اس فہرست میں جگہ نہیں دی گئی ہے جن میں ہلاکتوں کی تعداد پانچ سے کم تھی۔

فہرست میں شامل مواد کا ماخذ ساؤتھ ایشیا ٹیررازم پورٹل.....SATP (جو دہلی میں قائم شدہ Conflict Management ادارے سے منسلک ایک ادارہ ہے) اور عالمی سطح پر حادثات کی کھوج لگانے اور ریکارڈ رکھنے والا ادارہ نیشنل

کاؤنٹر ٹیررازم سینٹر.....NTCT(NTCT امریکی حکومت کا قائم کردہ ایک ادارہ ہے) ہیں۔ بلا شبہ یہ ماخذ مستند ہیں مگر یہ جامع نہیں ہیں، کیونکہ NTCT کے ڈیٹا میں وہ حملے شامل نہیں جو 2004 سے قبل ہوئے یا اپریل 2011 کے بعد کیے گئے۔ دوسری جانب SATP کے اعداد و شمار کا فوکس ''اسلامی دہشت گردی'' ہے اور اس میں بھارت میں بڑے پیمانے پر ہونے والے دیگر گروہوں کے حملوں کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔ یوں اس ضمیمے کے بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ اس میں 2004 سے قبل ہونے والے حملے شامل ہیں نہ وہ حملے جن کا شبہ غیر مسلم تنظیموں پر تھا اور نہ ہی اس میں وہ اموات شامل ہیں جو اپریل 2011 کے بعد ہوئیں۔

بڑے پیمانے پر ہلاکتوں کا باعث بننے والے حملے بھارتی ریاست جموں و کشمیر میں عام ہیں۔ اس کے علاوہ وہ ریاستیں جہاں Naxalite تشدد عام ہے، جن میں چھتیس گڑھ، بہار اور جھاڑکھنڈ شامل ہیں۔ 2002 سے تا حال 80 بڑے ہلاکت خیز حملے جموں و کشمیر میں ہوئے جن میں 658 ہلاکتیں ہوئیں جبکہ 148 بڑے ہلاکت خیز حملے بھارت کی دیگر ریاستوں میں ہوئے جن میں 2565 لوگ ہلاک ہوئے۔ اگرچہ بڑے ہلاکت خیز حملے زیادہ تر کم گنجان آباد علاقوں میں ہوئے مگر مہلک ترین حملے گنجان آباد شہری علاقوں میں ہی ہوئے۔ ان بڑے ہلاکت خیز حملوں میں سب سے زیادہ نقصان جس بھارتی شہر کو اٹھانا پڑا وہ ممبئی رہا۔ 11 جون 2006 کو ممبئی کی سات ٹرینوں پر سات بم دھماکوں کے نتیجے میں 209 لوگ ہلاک ہوئے۔ نومبر 2008 میں تاج ہوٹل اور دیگر اہداف پر کیے جانے والے حملوں میں 164 کے قریب عام بے گناہ شہری مارے گئے۔ اسی کتاب کے ضمیمہ نمبر 4 میں ان بڑے ہلاکت خیز حملوں کی تفصیل بھی دی گئی ہے جو پاکستان میں ہوئے اور یہ حملے بھارت میں ہونے والے حملوں سے کہیں زیادہ تعداد میں ہوئے۔

MashalBooks.org

بھارت میں ہونے والے بڑے ہلاکت خیز حملے

تاریخ	مقام	اموات
20 جنوری 2002	جموں و کشمیر	11
22 جنوری 2002	مغربی بنگال	5
16 فروری 2002	جموں و کشمیر	8
30 مارچ 2002	جموں و کشمیر	7
30 اپریل 2002	جموں و کشمیر	5
13 مئی 2002	اتر پردیش	12
14 مئی 2002	جموں و کشمیر	36
13 جون 2002	جموں و کشمیر	25
5 اگست 2002	جموں و کشمیر	9
9 ستمبر 2002	جموں و کشمیر	5
11 ستمبر 2002	جموں و کشمیر	12
24 ستمبر 2002	گجرات	33
2 اکتوبر 2002	جموں و کشمیر	5
11 نومبر 2002	جموں و کشمیر	8
22 نومبر 2002	جموں و کشمیر	6
23 نومبر 2002	جموں و کشمیر	19
24 نومبر 2002	جموں و کشمیر	13
6 دسمبر 2002	ممبئی	25
21 دسمبر 2002	آندھرا پردیش	20
13 مارچ 2003	ممبئی	12
14 مارچ 2003	جموں و کشمیر	11

MashalBooks.org

23مارچ2003	جموں وکشمیر	24
25اپریل2003	جموں وکشمیر	7
26اپریل2003	جموں وکشمیر	5
19 مئی2003	جموں وکشمیر	6
26 مئی2003	جموں وکشمیر	5
28جون2003	جموں وکشمیر	12
21جولائی2003	جموں وکشمیر	7
22جولائی2003	جموں وکشمیر	8
25اگست2003	ممبئی	52
6 ستمبر2003	جموں وکشمیر	7
3جنوری2004	تری پورا	5
19جنوری2004	آسام	8
3مارچ2004	جموں وکشمیر	7
9مارچ2004	جموں وکشمیر	5
24مارچ2004	آسام	27
8اپریل2004	جموں وکشمیر	9
12جون2004	جموں وکشمیر	5
22جون2004	جھاڑکھنڈ	6
24جون2004	آسام	6
25جون2004	جموں وکشمیر	12
2جولائی2004	جموں وکشمیر	6
19جولائی2004	جموں وکشمیر	5
28جولائی2004	جموں وکشمیر	5
4اگست2004	جموں وکشمیر	9
15اگست2004	آسام	17

MashalBooks.org

3 ستمبر2004	جھاڑ کھنڈ	5
2 اکتوبر2004	آسام	35
2 اکتوبر2004	آسام	14
3 اکتوبر2004	آسام	6
4 اکتوبر2004	آسام	6
4 اکتوبر2004	آسام	6
5 اکتوبر2004	آسام	10
5 اکتوبر2004	آسام	10
9 اکتوبر2004	جموں و کشمیر	5
29 اکتوبر2004	مدھیہ پردیش	12
15 نومبر2004	جموں و کشمیر	6
3 دسمبر2004	جموں و کشمیر	5
5 دسمبر2004	جموں و کشمیر	10
7 جنوری2005	جموں و کشمیر	5
5 فروری2005	جموں و کشمیر	5
1 مارچ2005	آندھرا پردیش	8
12 مارچ2005	آندرا پردیش	7
10 مئی2005	آسام	5
30 مئی2005	مہاراشٹر	8
13 جون2005	جموں و کشمیر	15
19 جون2005	چھتیس گڑھ	8
24 جون2005	جموں و کشمیر	9
16 جولائی2005	چھتیس گڑھ	7
18 جولائی2005	جموں و کشمیر	6
19 جولائی2005	جموں و کشمیر	6

MashalBooks.org

20 جولائی 2005	جموں و کشمیر	5
28 جولائی 2005	چھتیس گڑھ	12
28 جولائی 2005	اتر پردیش	7
29 جولائی 2005	جموں و کشمیر	5
12 اگست 2005	جموں و کشمیر	5
15 اگست 2005	آندھرا پردیش	10
17 اگست 2005	جموں و کشمیر	5
5 ستمبر 2005	جھاڑکھنڈ	11
9 ستمبر 2005	جموں و کشمیر	6
11 ستمبر 2005	جھاڑکھنڈ	15
14 ستمبر 2005	آسام	8
25 ستمبر 2005	تری پورا	8
30 ستمبر 2005	چھتیس گڑھ	5
9 اکتوبر 2005	جموں و کشمیر	5
10 اکتوبر 2005	جموں و کشمیر	10
17 اکتوبر 2005	آسام	23
29 اکتوبر 2005	نئی دلی	62
1 نومبر 2005	جموں و کشمیر	10
13 نومبر 2005	بہار	12
14 نومبر 2005	جموں و کشمیر	6
15 نومبر 2005	جموں و کشمیر	6
23 نومبر 2005	جموں و کشمیر	5
9 فروری 2006	چھتیس گڑھ	8
28 فروری 2006	چھتیس گڑھ	55
5 مارچ 2006	چھتیس گڑھ	5

MashalBooks.org

6مارچ2006	چھتیس گڑھ	6
7مارچ2006	اتر پردیش	15
7مارچ2006	ورانسی	28
14اپریل2006	جموں وکشمیر	5
16اپریل2006	چھتیس گڑھ	10
24اپریل2006	بہار	7
25اپریل2006	چھتیس گڑھ	15
25اپریل2006	بہار	6
26اپریل2006	بہار	6
30اپریل2006	جموں وکشمیر	13
1مئی2006	جموں وکشمیر	22
1مئی2006	جموں وکشمیر	13
18مئی2006	بہار	9
21مئی2006	آسام	7
21مئی2006	جموں وکشمیر	5
9جون2006	آسام	5
12جون2006	جموں وکشمیر	10
20جون2006	چھتیس گڑھ	7
8جولائی2006	جموں وکشمیر	5
11جولائی2006	جموں وکشمیر	6
11جولائی2006	ممبئی	209
11جولائی2006	جموں وکشمیر	9
17جولائی2006	چھتیس گڑھ	29
4اگست2006	آسام	6
11اگست2006	آسام	5

MashalBooks.org

8 ستمبر 2006	مہاراشٹرا	31
4 اکتوبر 2006	جموں و کشمیر	8
6 اکتوبر 2006	آسام	12
5 نومبر 2006	آسام	5
5 نومبر 2006	آسام	6
10 نومبر 2006	جموں و کشمیر	6
5 جنوری 2007	آسام	6
5 جنوری 2007	آسام	70
5 جنوری 2007	آسام	8
6 جنوری 2007	آسام	8
7 جنوری 2007	آسام	7
8 فروری 2007	ناگالینڈ	7
8 فروری 2007	جموں و کشمیر	5
18 فروری 2007	ہریانہ	68
8 مارچ 2007	منی پور	5
9 مارچ 2007	منی پور	5
15 مارچ 2007	چھتیس گڑھ	54
29 مارچ 2007	جموں و کشمیر	5
30 مارچ 2007	جموں و کشمیر	5
6 اپریل 2007	جھارکھنڈ	6
18 مئی 2007	آندھرا پردیش	12
26 مئی 2007	آسام	6
30 جون 2007	بہار	9
10 جولائی 2007	چھتیس گڑھ	25
17 جولائی 2007	چھتیس گڑھ	6

MashalBooks.org

29جولائی2007	جموں وکشمیر	7
8اگست2007	آسام	9
10اگست2007	آسام	14
17اگست2007	جموں وکشمیر	5
25اگست2007	آندھرا پردیش	43
29اگست2007	چھتیس گڑھ	12
11اکتوبر2007	جموں وکشمیر	7
14اکتوبر2007	پنجاب	7
27اکتوبر2007	جھاڑکھنڈ	17
29اکتوبر2007	چھتیس گڑھ	5
23نومبر2007	اتر پردیش	14
27نومبر2007	آسام	11
13دسمبر2007	آسام	5
16دسمبر2007	منی پور	8
1جنوری2008	رام پور	7
15فروری2008	اڑیسہ	16
19فروری2008	آسام	5
17مارچ2008	منی پور	7
8اپریل2008	جھاڑکھنڈ	8
10اپریل2008	بہار	6
13اپریل2008	بہار	6
11مئی2008	آسام	8
13مئی2008	ناگالینڈ	6
13مئی2008	راجستھان	64
15مئی2008	آسام	10

MashalBooks.org

13 جون 2008	جموں و کشمیر	5
29 جون 2008	آسام	35
29 جون 2008	اڑیسہ	7
30 جون 2008	جھاڑکھنڈ	5
4 جولائی 2008	جموں و کشمیر	5
16 جولائی 2008	اڑیسہ	17
19 جولائی 2008	جموں و کشمیر	10
24 جولائی 2008	جموں و کشمیر	5
26 جولائی 2008	گجرات	56
21 اگست 2008	بہار	7
27 اگست 2008	جموں و کشمیر	8
2 ستمبر 2008	میزورام	6
13 ستمبر 2008	نئی دلی	31
27 ستمبر 2008	جموں و کشمیر	8
29 ستمبر 2008	مہاراشٹرا	5
21 اکتوبر 2008	منی پور	17
30 اکتوبر 2008	آسام	81
31 اکتوبر 2008	آسام	10
25 نومبر 2008	چھتیس گڑھ	7
26 نومبر 2008	ممبئی	164
27 نومبر 2008	منی پور	5
5 دسمبر 2008	جھاڑکھنڈ	5
1 جنوری 2009	آسام	6
1 فروری 2009	مہاراشٹرا	15
9 فروری 2009	بہار	10

MashalBooks.org

6اپریل2009	آسام	10
12اپریل2009	اڑیسہ	10
15اپریل2009	جھاڑکھنڈ	8
16اپریل2009	چھتیس گڑھ	5
21اپریل2009	جموں وکشمیر	6
23اپریل2009	بہار	5
6 مئی2009	چھتیس گڑھ	11
21 مئی2009	مہاراشٹرا	16
12جون2009	جھاڑکھنڈ	9
18جون2009	اڑیسہ	9
6 ستمبر2009	جھاڑکھنڈ	5
5اکتوبر2009	آسام	15
8اکتوبر2009	مہاراشٹرا	17
10نومبر2009	تری پورا	8
22نومبر2009	آسام	8
13فروری2010	مہاراشٹرا	17
17فروری2010	بہار	12
16مارچ2010	جموں وکشمیر	6
2اپریل2010	جموں وکشمیر	5
4اپریل2010	اڑیسہ	10
16 مئی2010	چھتیس گڑھ	6
17 مئی2010	چھتیس گڑھ	44
21 مئی2010	بہار	5
28 مئی2010	مغربی بنگال	148
16جولائی2010	جھاڑکھنڈ	5

MashalBooks.org

4اگست2010	جھاڑکھنڈ	5
8نومبر2010	آسام	6
8نومبر2010	آسام	8
21نومبر2010	بہار	8
17دسمبر2010	مغربی بنگال	7
7جنوری2011	مغربی بنگال	9
13جولائی2011	ممبئی	20

MashalBooks.org

ضمیمہ نمبر4

پاکستان میں ہونے والے بڑے ہلاکت خیز حملے

نیتھن کوہن

ایڈیٹر کا نوٹ:

ذیل میں دیا گیا ڈیٹا اس حقیقت کا عکاس ہے کہ بری طرز حکومت اور پاکستان کی فوج اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے غلط فیصلوں نے پاکستان کے تصور اور تخلیق پاکستان کے وعدوں کو کیسے پامال کیا ہے۔ اندرون ملک موجود تضادات کو نظرانداز کیا گیا جسکی وجہ سے پاکستان میں فرقہ بازی اور سندھ اور پنجاب میں سیاسی ونسلی تنازعات کو ہوا ملی۔ پاکستان کی علاقائی حدود میں ہونے والے بڑے حملے بھی کہیں بڑی تعداد میں ہوئے۔ بلوچستان میں بھی عدم اطمینان کی صورت حال ابدی نوعیت اختیار کر چکی ہے۔ 1990 کی دہائی میں بھارتی سکیورٹی فورسز کے خلاف سرحد پار کارروائیوں کے لیے لانچنگ پیڈ کے طور پر استعمال کیا جانے والا علاقہ آزاد کشمیر اس وقت ملک کا پرامن طریقہ علاقہ ہے ۔منقسم کشمیر جو ایک زمانے میں پاکستان کی طرف سے شروع کی گئی جنگوں اور شدید بحرانوں کی مبینہ وجہ جواز تھا، وہاں پاکستان کے حق میں موجود سٹیٹس کو میں آنے والی عملی تبدیلیوں نے اسے سب سے زیادہ غیر یقینی صورت حال کا شکار علاقہ بنا دیا ہے..... کیونکہ وہاں تبدیلی کے وہ ایجنٹ جنہیں پاکستان سٹیٹس

کو کو اپنے حق میں رکھنے کے لیے تربیت دیتا اور مسلح کرتا تھا اب بھارت سے زیادہ خود پاکستان کے لیے باعث غم بنے ہوئے ہیں۔ بہت سے لوگوں نے پاکستان کے ملٹری لیڈرز کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ وہ ان لوگوں کے خلاف آپریشن کی شدت اور دائرے کو وسیع کرے جو نظریہ پاکستان اور ملک کے عام شہریوں کے لیے خطرہ بنے ہوئے ہیں۔ ذیل میں دیا گیا ڈیٹا ان وجوہات کو ظاہر کرتا ہے کہ کیوں پاکستان اس آگ سے بچنے کی کوشش کرتا ہے۔ جب کبھی پاکستان کی افواج دہشت گردوں کے خلاف کھڑی ہوئی ہے ،اسے بڑے پیمانے پر ہلاکت خیز حملوں کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

دہشت گرد گروہوں کے حملوں نے پاکستانی معاشرے کے تار و پود بکھیر کر رکھ دیے ہیں..... انہوں نے بے گناہ عام شہریوں کو نا قابل تلافی نقصان پہنچایا ہے، فرقہ وارانہ بنیادوں پر قتل وغارت کا بازار گرم کیا ہے، سیاسی قائدین کو قتل کیا ہے، مسلح افواج پر حملے کیے ہیں اور ملکی معیشت کو بھی مجروح کیا ہے۔2002 سے لے کر اب تک غیر ریاستی عناصر کی طرف سے کیے گئے 450 بڑے ہلاکت خیز حملوں میں 7000 پاکستانی ہلاک ہو چکے ہیں۔ تواتر، شدت اور دائرے کے حوالے سے ان ہلاکت خیز حملوں میں پچھلی دہائی کے دوران بتدریج اضافہ ہوا اور 2007 کے پاکستانی افواج کے اسلام آباد کی لال مسجد آپریشن کے بعد تو ان حملوں کی شدت میں واضح اضافہ دیکھنے میں آیا۔ گذشتہ پانچ سال کے دوران میں بڑے پیمانے پر ہونے والے حملوں میں ہلاکتوں کے حوالے سے عراق کے بعد پاکستان کا نمبر آتا ہے۔ ان مہلک حملوں کا مقصد سکیورٹی فورسز سے حساب بے باق کرنا، پاکستان کی علاقائی ، خارجہ اور قومی سکیورٹی پالیسی پر اثر انداز ہونا سمیت مقامی پاور سٹرگل اور انتخابی مہمیں ہیں۔ اس ضمیمے میں جنوری 2002 سے لے کر اگست 2011 کے دوران کیے گئے ان ہلاکت خیز حملوں کو شامل کیا گیا ہے جن میں پانچ یا اس سے زیادہ ہلاکتیں ہوئیں تا کہ حملوں کی نوعیت اور رجحانات پر روشنی ڈالی جا سکے۔

اس مواد سے اندازہ ہوتا ہے کہ مختلف عسکریت پسند گروپ پاکستانی سماج کے مختلف پہلوؤں پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ تشدد کے واقعات کا ارتکاز افغان سرحد کے ساتھ موجود پاکستانی علاقوں فاٹا اور خیبر پختونخوا میں زیادہ ہے جہاں 250 حملوں میں اب تک 4500 لوگ مارے

جا چکے ہیں۔ ہلاکتوں کی تعداد زیادہ آبادی والے مشرقی صوبوں میں اس سے کہیں کم رہی ہے..... سندھ میں 67واقعات میں 860ہلاکتیں، پنجاب میں 42واقعات میں 963اموات جبکہ راولپنڈی اسلام آباد کے مجموعی علاقے یعنی نیشنل کیپیٹل ایریا میں 29 ہلاکت خیز حملوں میں462ہلاکتیں ہوئیں۔ بلوچستان میں 45 حملے ہوئے اور ہلاکتوں کی تعداد579رہی جبکہ وہ علاقے جو پاکستان میں آزاد کشمیر گلگت بلتستان کے نام سے جانے جاتے ہیں وہاں 3 حملوں میں 37ہلاکتیں ہوئیں۔ ان حملوں میں سالانہ 250اموات کی شرح2007کے لال مسجد آپریشن کے بعد کئی گنا بڑھ گئی اور اب یہ شرح1300افراد فی سال ہے۔حملوں میں آنے والی اس تیزی کا مرکزی نشانہ پاکستان کی افواج رہیں۔2005میں سکیورٹی فورسز پر حملوں کی جو شرح تھی آج اس شرح میں3000فیصد اضافہ ہو چکا ہے، گذشتہ پانچ سالوں میں ہلاکت خیز حملوں میں جو اموات واقع ہوئی ہیں ان کا 31فیصد حصہ سکیورٹی فورسز کے افراد کی ہلاکتوں پر مشتمل ہے۔

کئی حملے ایسے تھے جو مزید حادثوں کا بھی سبب بنے۔ الیکشن قریب آتے ساتھ ہی سیاسی حوالوں سے ہونے والی اموات میں بھی اضافہ ہوا۔فاٹا اور خیبر پختونخواہ میں فوجی آپریشنوں کی بعد عموما یہ دیکھا گیا ہے کہ پنجاب اور وفاقی دارالحکومت میں حملے زور پکڑ لیتے ہیں۔سندھ اور پنجاب میں جاری خونریزی میں سیاسی مفاد کی حامل فرقہ واریت کو بھی بڑا دخل ہے۔ خیبر پختونخواہ اور افغان بارڈر کے نزدیک ملٹری منصوبوں میں آنے والی تبدیلیاں بھی ہلاکتوں کی تعداد میں تبدیلی کا باعث ہوسکتی ہیں۔کیونکہ اس وقت پاکستان میں کئی اہم واقعات اور زخم خوردہ طبقے وجود میں آچکے ہیں اس لیے ملک کی سیاسی قیادت یا فوجی حکام کے لیے ان حملوں کے رجحانات کو معکوس کر پانا فی الوقت ممکن نظر نہیں آرہا۔

ضابطہ کار کے حوالے سے درپیش چیلنج

پاکستان میں جاری ہلاکت خیز حملوں کی فہرست سازی اور تقسیم کے حوالے سے کئی چیلنجز موجود ہیں۔ چاہے کتنا ہی بہترین ڈیٹا بیس تیار کرلیا جائے ، جامعیت کے حوالے سے تشنگی موجود رہے گی۔جنوبی ایشیا میں ہونے والے حملوں کی زمانی ترتیب کا مکمل اور تفصیلی ریکارڈ محفوظ کرنے کے حوالے سے دو تنظیمیں زیادہ قریب ترین رہی ہیں۔ ان میں سے ایک تو نئی

MashalBooks.org

دلی میں قائم تنظیم ساؤتھ ایشیا ٹیررسٹ پورٹل ہے جو کرائسس منیجمنٹ کے حوالے سے فعال ہے جبکہ دوسری تنظیم امریکی حکومت کی ایجنسی نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم (NTCT) کی ذیلی شاخ ورلڈ وائڈ انسیڈنٹ ٹریکنگ سسٹم ہے۔[1] یہ دونوں ماخذ اگرچہ ایک جیسی محنت اور احتیاط سے ریکارڈ مرتب کرتے ہیں مگر دونوں بالکل مماثل نہیں ہیں۔ خواہ اس کی وجہ ضابطہ کار کے حوالے سے موجود فرق ہو یا کوئی اور وجہ دونوں ہی ڈیٹا سیٹس میں اہم اور بڑے پیمانے کے متعدد حملے شامل نہیں ہیں۔ اس ضمیمے میں ان تمام حملوں کا ریکارڈ شامل ہے جو ان دونوں ڈیٹا سیٹس میں موجود تھا۔ اپنے ماخذ کی طرح اس ضمیمے میں موجود ڈیٹا بھی مکمل طور پر جامع نہیں ہے۔

اس ضمیمے میں ان حملوں کو شامل کیا گیا ہے جس میں حملہ آوروں کا تعلق غیر ریاستی عناصر سے تھا اور حملے میں ہلاکتوں کی تعداد بھی پانچ سے زیادہ تھی۔ غیر ریاستی عناصر سے مراد ایسے عناصر ہیں جن کا تعلق پاکستان کے فوجی اداروں کے علاوہ کسی اور غیر فوجی، سیاسی، مذہبی، فرقہ وارانہ یا مسلح عسکریت پسند تنظیم سے ہو۔ اس بنیاد پر ترتیب دی گئی اس فہرست میں ان ہلاکتوں کی تعداد نہیں دی گئی جو پاکستانی افواج کے ساتھ ہونے والی مسلح عسکریت پسندوں کی جھڑپوں کے دوران ہوئیں۔ اور اسی اصول کی بنیاد پر وہ ہلاکتیں بھی اس فہرست سے خارج ہیں جو بارودی سرنگوں کے پھٹنے سے ہوئیں یا جن حملوں میں ہلاکتوں کی تعداد پانچ سے کم رہی۔

اس مواد کے حوالے سے متعین کی گئی تعریفات میں مشکلات بھی ہمیں تسلیم ہیں جو غیر ریاستی عناصر اور پاکستانی فوجی انتظام کی پراکسیز یا حمایتیوں میں امتیاز کے حوالے سے رہیں۔ پاکستان کے مغربی بارڈر کی پیچیدہ صورت حال، افغانستان میں بہتر پوزیشن کے حصول کے حوالے سے کی گئی کوششوں اور افغانستان میں امریکہ اور اتحادی افواج کی جانب سے جاری آپریشن نے جنگی صورت حال کے باعث بڑے پیمانے پر ہونے والے ہلاکت خیز حملوں اور جنگی ہلاکتوں کے مابین امتیاز بھی اس مواد کی ترتیب کے حوالے سے کی جانے والی کوششوں کی پیچیدہ کرتی ہیں۔

وہ حملے جن میں ہلاکتوں کی تعداد پانچ سے کم تھی وہ بھی اس فہرست سے اس لیے خارج ہیں کیونکہ محدود افراد کی متشددانہ کارروائیوں کے نتیجے میں ہونے والی ہلاکتوں سے متعلق ریکارڈ

کے بارے میں معلومات عموماً کم دستیاب ہیں۔ یہ تحدیدیں ہونے والے جانی نقصانات کی اہمیت کو کم کرنے والی ہیں کیونکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ پانچ سے کم ہلاکتوں والے حملوں میں پاکستان کے اندر جو ہلاکتیں ہوئیں وہ بسا اوقات بڑے پیمانے پر ہونے والے حملوں میں ہونے والی ہلاکتوں سے بھی مجموعی طور پر زیادہ رہیں۔

اس ضمیمے میں بڑے ہلاکت خیز حملوں کو صوبہ وار تقسیم کیا گیا ہے جبکہ نیشنل کیپیٹل ایریا میں ہونے والے حملوں کو اسلام آباد اور راولپنڈی کے درمیان تقسیم کیا گیا ہے۔ان حملوں کو بھی نمایاں کیا گیا ہے اور علیحدہ خانوں میں رکھا گیا ہے جو پاکستان کی سکیورٹی فورسز بشمول فوجی عملہ، فوجی انسٹالیشن، ایف آئی اے، آئی ایس آئی اور پولیس پر ہوئے۔

اس ضمیمے میں دی گئی فہرست کے حوالے سے ایک مشکل یہ بھی رہی کہ اس میں مسلح عسکریت پسندوں، ان کا شکار افراد اور معصوم شہریوں کی ہلاکتوں میں تمیز نہیں ہوسکی۔ جب اس فہرست میں شامل کرنے کے لیے ہلاکتوں کی تعداد کے حوالے سے مختلف اور متضاد رپورٹوں کا سامنا ہوا تو عمومی طور پر انحصار اس ڈیٹا پر کیا گیا ہے جو این سی ٹی سی کے حوالے سے دستیاب تھا۔ اس ضمیمے میں اس بحث کو شامل کرنے سے گریز کیا گیا ہے کہ بڑے پیمانے پر ہونے والے ان حملوں کے مرتکبین کون لوگ تھے۔

نتائج

ضمیمے کے مندرجات نائن الیون کے بعد پیدا ہونے والی صورت حال (بشمول افغانستان میں ہونے والے القاعدہ اور طالبان کے خاتمے کی امریکی مہم اور پرویز مشرف کی جانب سے پہلی بار نائن الیون کے بعد سرعام عسکریت پسندی کے خلاف کوششوں کے اعلان اور جڑواں چوٹیوں کے بحران) جو پاکستان میں پیدا ہوئی سے، یعنی 2002 سے شروع ہوتے ہیں۔ ان حملوں میں موجود ٹرینڈز اور پیٹرنز کے حوالے سے اوپر مذکور وجوہات اور انتباہات کی روشنی میں تشریح ہونی چاہیے۔ تاہم ذیل میں چند اہم نتائج کی فہرست بھی دی جارہی ہے:

1۔ بڑے پیمانے پر ہونے والے ہلاکت خیز حملوں میں ہونے والی ہلاکتوں کے رجحان

میں اضافہ 2007 کے لال مسجد محاصرے کے بعد دیکھنے میں آیا۔ 2002 اور 2006 کے درمیان ہونے والے غیر متواتر بڑے ہلاکت خیز حملوں کی شرح 10 حملے فی سال اور اموات کی شرح 150 ہلاکتیں فی سال تھیں۔ جبکہ اس رجحان میں سالانہ سطح پر اضافہ جو 2008 سے اگست 2011 میں دیکھنے میں آیا وہ 90 حادثے فی سال اور 1500 اموات فی سال ہے۔

2۔ پاکستانی سرزمین پر زیادہ تر بڑے ہلاکت خیز حملے ہوئے۔ 60 فیصد سے زیادہ اموات جو اس ضمیمے میں موجود فہرست میں شامل ہیں وہ فاٹا اور خیبر پختونخواہ میں ہوئیں۔

3۔ 2007 کے بعد جو بڑے پیمانے پر ہلاکت خیز حملے ہوئے ان میں 31 فیصد سکیورٹی فورسز پر ہونے والے حملے ہیں جبکہ اس سے پہلے (2002-06) کے دوران یہ شرح 9 فیصد تھی۔

4۔ سکیورٹی سے متعلق اداروں پر بڑے ہلاکت خیز حملوں میں ہونے والی ہلاکتوں کی زیادہ تعداد کا تعلق خیبر پختونخواہ سے رہا۔ ان حملوں میں 60 فیصد سے زیادہ ہلاکتیں خیبر پختونخواہ اور فاٹا میں ہوئیں۔ سکیورٹی اداروں سے متعلق ہونے والی اموات 15 فیصد پنجاب میں ہوئیں۔ جبکہ سندھ میں سکیورٹی کے افراد پر حملے میں ہونے والی ہلاکتوں کی تعداد چار فیصد رہی جہاں حملوں کا شکار زیادہ تر عام شہری رہے۔ اگرچہ سکیورٹی عملے پر ہونے والے حملوں کا صرف دس فیصد حملے نیشنل کیپیٹل ایریا یعنی راول پنڈی اسلام آباد میں ہوئے مگر یہاں سکیورٹی سے متعلق لوگوں کی ہلاکتیں نسبتا زیادہ رہیں۔ مجموعی طور پر سکیورٹی سے متعلق لوگوں کی 50 فیصد ہلاکتیں راولپنڈی اسلام آباد میں ہوئیں۔

5۔ حسب توقع پاکستان میں ہونے والے بڑے پیمانے پر ہلاکت خیز حملوں میں، خاص طور پر سکیورٹی فورسز اور افواج پاکستان کے خلاف حملوں میں اس وقت زیادہ تیزی دیکھنے میں آئی جب افواج نے آپریشنز کیے۔ جنگی علاقوں کے علاوہ باقی ملک میں ان دنوں میں جب افواج پاکستان آپریشنز نہیں کر رہی ہوتیں ان دنوں شاذ ہی سکیورٹی اداروں پر حملے ہوتے ہیں۔ 2008 میں جب افواج نے سوات میں کارروائی شروع کی یا 2009 میں فاٹا میں فوجی آپریشن کیے گئے اس وقت افواج پاکستان کے خلاف پنجاب اور پنڈی اسلام آباد میں حملوں میں تیزی آئی۔

6۔ ملٹری اہداف پر ہونے والے حملوں میں دو حملے خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ مئی

2011 میں پاکستان نیول سٹیشن مہران پر ہونے والا مربوط حملہ جس کے بعد امریکی سپیشل فورسز نے اسامہ بن لادن کے خلاف ایبٹ آباد میں ان پر حملہ کیا ..... اور اکتوبر 2009 میں آرمی جنرل ہیڈ کوارٹر کا محاصرہ جس کے بعد پاکستانی افواج نے جنوبی وزیرستان میں آپریشن کا آغاز کیا۔ ان دونوں حملوں میں کمانڈو آپریشن سٹائل اختیار کیا گیا جس کا مطلب یہ تھا کہ حملہ آوروں کے پاس اندر کی کافی معلومات تھیں۔

7۔ بڑے ہلاکت خیز حملوں، خاص طور پر افواج پاکستان کے خلاف حملوں میں 2009 کے آخری حصے سے قابل ذکر کمی آئی ہے۔ اس حوالے سے آخری بڑا حملہ نیشنل کیپیٹل ایریا میں چار دسمبر 2009 کو ہوا تھا۔ جبکہ اس کے مقابلے میں فاٹا اور خیبر پختونخواہ میں سکیورٹی فورسز بشمول پولیس فورس کے خلاف حملوں میں کوئی کمی نہیں آئی۔

8۔ سندھ میں ہلاکت خیز حملوں میں نمایاں تیزی کا آغاز دسمبر 2009 میں ہوا۔

9۔ بلوچستان میں ہونے والے بڑے ہلاکت خیز حملوں کی وجہ وہاں پر موجود تشدد کا عنصر ہے۔

10۔ نیشنل کیپیٹل ایریا میں 2009 کے بعد بڑے ہلاکت خیز حملوں کی شرح میں 90 فیصد کمی آئی ہے۔ 11-2010 میں ملک بھر میں ہونے والی ہلاکتوں کے مقابلے میں وفاقی دارالحکومت میں ایک فیصد ہلاکتیں ہوئیں، جبکہ 2009 میں یہ شرح نو فیصد تھی۔

